عَيْنَايَ مِثْلَهُ يَرِفُّ رَفِيفًا، وَيَقْطُرُ نَدَاهُ فِيهِ مِنْ أَنْوَاعِ الْكَلَأِ، وَكَأَنِّي بِالرَّعْلَةِ الْأُولَى حَتَّى أَشْفَوْا عَلَى الْمَرْجِ كَبَّرُوا، ثُمَّ رَكِبُوا رَوَاحِلَهُمْ فِي الطَّرِيقِ، فَمِنْهُمُ الْمُرْتِعُ، وَمِنْهُمُ الْآخِذُ الضِّغْثَ، وَمَضَوْا عَلَى ذَلِكَ .قَالَ: ثُمَّ قَدِمَ عِظَمُ النَّاسِ، فَلَمَّا أَشْفَوْا عَلَى الْمَرْجِ كَبَّرُوا، فَقَالُوا: خَيْرُ الْمَنْزِلِ، فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِمْ يَمِيلُونَ يَمِينًا وَشِمَالًا، فَلَمَّا رَأَيْتُ ذَلِكَ لَزِمْتُ الطَّرِيقَ حَتَّى آتِيَ أَقْصَى الْمَرْجِ، فَإِذَا أَنَا بِكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ عَلَى مِنْبَرٍ فِيهِ سَبْعُ دَرَجَاتٍ، وَأَنْتَ فِي أَعْلَاهَا دَرَجَةً، وَإِذَا عَنْ يَمِينِكَ رَجُلٌ آدَمُ شَثْلٌ أَقْنَى، إِذَا هُوَ تَكَلَّمَ يَسْمُو، فَيَفْرَعُ الرِّجَالَ طُولًا، وَإِذَا عَنْ يَسَارِكَ رَجُلٌ تَارٌّ رِبْعَةٌ أَحْمَرُ كَثِيرُ خَيْلَانِ الْوَجْهِ، كَأَنَّمَا حُمِّمَ شَعْرُهُ بِالْمَاءِ، إِذَا هُوَ تَكَلَّمَ أَصْغَيْتُمْ لَهُ إِكْرَامًا، وَإِذَا أَمَامَكَ شَيْخٌ أَشْبَهُ النَّاسِ بِكَ خَلْقًا وَوَجْهًا كُلُّكُمْ تَؤُمُّونَهُ تُرِيدُونَهُ، وَإِذَا أَمَامَ ذَلِكَ نَاقَةٌ عَجْفَاءُ شَارِفٌ، وَإِذَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَأَنَّكَ تَتَّقِيهَا، قَالَ: فَانْتَقَعَ لَوْنُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاعَةً، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ فَقَالَ: أَمَّا مَا رَأَيْتَ مِنَ الطَّرِيقِ السَّهْلِ الرَّحْبِ اللَّاحِبِ، فَذَلِكَ مَا حُمِّلْتُمْ عَلَيْهِ مِنَ الْهُدَى وَأَنْتُمْ عَلَيْهِ، وَأَمَّا الْمَرْجُ الَّذِي رَأَيْتَ، فَالدُّنْيَا وَعُصَارَةُ عَيْشِهَا مَضَيْتُ أَنَا وَأَصْحَابِي لَمْ

وہ راستہ رات کے آخری حصے میں ایک کھلی چراگاہ پر پہنچ گیا' اس کی مثل میری آنکھوں نے کوئی چیز نہ دیکھی تھی' پرندوں کے پروں کی آواز آ رہی تھی' اس میں شبنم گر رہی تھی' قسم قسم کی گھاس تھی' گویا میں ہراول دستہ یعنی پیش رو جماعت میں تھا یہاں تک کہ سارے اس چراگاہ پر پہنچ گئے' اُنہوں نے تکبیر کہی اور اپنی سواریوں کو راستے پر لگایا' ان میں سے کچھ چرنے والے کچھ لینے والے' مُٹھا بنانے والے تھے' اسی حال میں کہ وہ اس پر سے گزر گئے۔ کہتے ہیں: پھر بڑے بڑے لوگ آئے' جب چراگاہ پر پہنچے تو اللہ اکبر کہا' اور کہا کہ بہترین مقام ہے' گویا میں ان سب کو دیکھ رہا ہوں کہ کوئی دائیں جا رہا ہے' کوئی بائیں۔ جب میں نے یہ دیکھا تو میں نے بھی راستہ پکڑ لیا' حتیٰ کہ میں چراگاہ کے آخر تک آیا۔ اچانک میں آپ کے ساتھ ہوں' اے اللہ کے رسول! ایک منبر پر جس کی سات سیڑھیاں ہیں اور آپ سب سے اوپر والی سیڑھی پر ہیں' آپ کی دائیں جانب ایک آدمی گندم گوں' سنجیدہ' بلند بنی والے تھے' اس نے گفتگو کی' پس لوگ فارغ ہوئے جاتے ہیں لمبائی میں' آپ کی بائیں جانب بھی ایک آدمی ہے بھرا جسم' درمیانہ قد' سرخ رنگ' بارعب' گویا اس کے ہاں پانی سے دھو کر چمٹا دیئے گئے ہیں' وہ کلام کرتا ہے اور اس کے اکرام میں تم سب غور سے سنتے ہو' آپ کے سامنے ایک بزرگ ہے تمام لوگوں سے زیادہ چہرے اور شکل کے لحاظ سے آپ کی طرح ہے' تم سب لوگ اسی کا ارادہ کرتے ہو اور اسے چاہتے ہو۔ اس کے سامنے ایک کمزوری اونٹنی ہے اور اسے

تَتَعَلَّقُ بِهَا شَيْئًا، وَلَمْ نُرِدْهَا وَلَمْ تُرِدْنَا، ثُمَّ جَاءَتِ الرَّعْلَةُ الثَّانِيَةُ بَعْدَنَا، وَهُمْ أَكْثَرُ مِنَّا ضِعَافًا فَمِنْهُمُ الْمُرْتِعُ، وَمِنْهُمُ الْآخِذُ الضِّغْثَ وَنَحْوَهُ عَلَى ذَلِكَ، ثُمَّ جَاءَ عِظَمُ النَّاسِ، فَمَالُوا فِي الْمَرْجِ يَمِينًا وَشِمَالًا، فَإِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ، أَمَّا أَنْتَ فَمَضَيْتَ عَلَى طَرِيقَةٍ صَالِحَةٍ، فَلَمْ تَزَلْ عَلَيْهَا حَتَّى تَلْقَانِي، وَأَمَّا الْمِنْبَرُ الَّذِي رَأَيْتَ فِيهِ سَبْعَ دَرَجَاتٍ وَأَنَا فِي أَعْلَى دَرَجَةٍ، فَالدُّنْيَا سَبْعَةُ آلَافِ سَنَةٍ وَأَنَا فِي آخِرِهَا أَلْفًا، وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِي رَأَيْتَ عَلَى يَمِينِي الْآدَمُ الشَّثْلُ، فَذَلِكَ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ إِذَا هُوَ تَكَلَّمَ يَعْلُو الرِّجَالَ بِفَضْلِ صَلَاحِ اللَّهِ إِيَّاهُ، وَالَّذِي رَأَيْتَ عَنْ يَسَارِي التَّارُ الرَّبْعَةُ الْكَبِيرُ خَيْلَانِ الْوَجْهِ، فَكَأَنَّمَا حُمِّمَ شَعْرُهُ بِالْمَاءِ، فَذَاكَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ نُكْرِمُهُ لِإِكْرَامِ اللَّهِ إِيَّاهُ، وَأَمَّا الشَّيْخُ الَّذِي رَأَيْتَ أَشْبَهَ النَّاسِ بِي خَلْقًا وَوَجْهًا، فَذَلِكَ أَبُونَا إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ كُلُّنَا نَؤُمُّهُ وَنَقْتَدِي بِهِ، وَأَمَّا النَّاقَةُ الَّتِي رَأَيْتَ وَرَأَيْتَنِي أَتَّقِيهَا فَهِيَ السَّاعَةُ عَلَيْنَا تَقُومُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَلَا أُمَّةَ بَعْدَ أُمَّتِي .قَالَ: فَمَا سَأَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رُؤْيَا بَعْدَهَا إِلَّا أَنْ يَجِيءَ الرَّجُلُ فَيُحَدِّثُهُ بِهَا مُتَبَرِّعًا

اللہ کے رسول! گویا آپ اس سے بچتے ہیں۔ راوی کا بیان ہے: رسول کریم ﷺ کا رنگ ایک گھڑی میں چمک اُٹھا' پھر اس سے سرگوشی کی (یعنی پوشیدہ طور پر بتایا)' فرمایا: وہ جو نرم کھیلا اور واضح راستہ تُو نے دیکھا' وہ وہی ہدایت کا راستہ ہے جس پر تم کو ڈالا گیا ہے اور تم اسی پر ہو۔ بہرحال چراگاہ' جو تُو نے دیکھی' وہ دنیا ہے اور اس کی عیش کا نتیجہ' میں اور میرے صحابہ (جلدی) اس سے گزر گئے' اس سے کوئی سروکار نہیں رکھا' نہ اُترے اور نہ ارادہ کیا۔ پھر دوسرا قافلہ ہمارے بعد آیا' وہ ہم سے زیادہ کئی گنا تھے' پس ان میں سے چرنے والے' مٹھی بھر بھر کر لینے والے اور اس جیسے (بہرحال) پھر لوگوں میں سے بڑے آئے' پس وہ چراگاہ میں دائیں بائیں جھکے: اناللہ وانا الیہ راجعون! بہرحال تُو نیک راستے پر چلا' پس اس (چراگاہ) پر نہیں اُترا حتیٰ کہ مجھ سے آ کر ملا' لیکن وہ منبر جو تُو نے دیکھا اس میں سات سیڑھیاں تھیں اور میں سب سے اوپر والی پر تھا' جو آدمی تُو نے میری دائیں طرف دیکھا وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام تھے' وہ بلند آواز سے لوگوں پر گفتگو کرتے تھے' اللہ کے عطا کردہ فضل سے' اور جو آدمی تُو نے میری بائیں طرف دیکھا بھاری جسم' درمیانہ قد' پانی کے ساتھ گویا ان کے بالوں کو گرم کیا گیا ہے' وہ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام تھے' اللہ نے ان کو عزت دی اس لیے ہم ان کی عزت کر رہے تھے' بہرحال وہ بزرگ جو تُو نے شکل و چہرے کے لحاظ سے میرے مشابہ دیکھے تو وہ ہمارے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے' ہم سب ان کو اپنا امام بناتے ہیں اور

ان کی اقتداء کرتے ہیں اور وہ اونٹنی جوتو نے دیکھی اور مجھے اس سے بچتے ہوئے دیکھا' وہ ہم پر آنے والی قیامت کی گھڑی تھی کیونکہ میرے بعد نبی کوئی نہیں اور تمہارے بعد اُمت کوئی نہیں۔ راوی کا بیان ہے: اس کے بعد رسول کریم ﷺ نے کبھی خوابوں کے بارے میں سوال نہ کیا' مگر کوئی آدمی خود آ کر رضا کارانہ طور پر سناتا۔

## ضِمَامُ بْنُ ثَعْلَبَةَ الْأَزْدِيُّ

## حضرت ضمام بن ثعلبہ ازدی رضی اللہ عنہ

**8074-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، أنا خَالِدٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَزْدِ شَنُوءَةَ يُقَالُ لَهُ ضِمَامٌ كَانَ بِالْيَمَنِ، وَكَانَ يُعَالِجُ مِنَ الْأَرْوَاحِ، فَقَدِمَ مَكَّةَ، فَسَمِعَهُمْ يَقُولُونَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاحِرٌ وَكَاهِنٌ وَمَجْنُونٌ، فَقَالَ: لَوْ أَتَيْتُ هَذَا الرَّجُلَ لَعَلَّ اللَّهَ يَشْفِيهِ عَلَى يَدَيَّ فَلَقِيَهُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَشْفِي عَلَى يَدَيَّ، وَإِنِّي أُعَالِجُ مِنْ هَذِهِ الْأَرْوَاحِ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِينُهُ، مَنْ يَهْدِ اللَّهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ بنوازد قبیلے کا ایک آدمی دشمنی والا جس کا نام ضمام تھا' یمن میں رہتا تھا' بدروحوں کا علاج کیا کرتا تھا' پس وہ مکے آیا' پس اس نے خسیس لوگوں سے سنا کہ محمد ﷺ جادوگر ہیں' کاہن اور مجنون ہیں۔ (نیک نیت تھا) اس نے کہا: اگر میں اس آدمی کے پاس جاؤں تو ممکن ہے اللہ میرے ہاتھ پر اسے شفاء دے۔ پس وہ آپ ﷺ سے ملا تو اس نے کہا: اے محمد! میرے ہاتھ پر اللہ شفاء دیتا ہے' میں ان بدروحوں کا معالج ہوں تو آپ ﷺ نے پڑھا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں' ہم اسی کی حمد کرتے ہیں' اس سے مدد طلب کرتے ہیں' جس کو اللہ ہدایت دے اسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں اور جس کی گمراہی کے اسباب اللہ مہیا کرے' اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں' میں گواہی

8074- قال في المجمع جلد9صفحه370 قلت: حديث ضماد بالدال في الصحيح وغيره وحديث ضمام بالميم لم أجده - رواه الطبراني وذكره بالميم ورجاله ثقات . قلت: هو عند مسلم رقم الحديث: 868 .

إِلَّا اللَّهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ . فَقَالَ: أَعِدْ عَلَيَّ، فَأَعَادَ عَلَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ: لَقَدْ سَمِعْتُ قَوْلَ الْكَهَنَةِ، وَقَوْلَ السَّحَرَةِ، وَالشُّعَرَاءِ، فَمَا سَمِعْتُ مِثْلَ هَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ، وَلَقَدْ بَلَغَ قَامُوسَ الْبَحْرِ، مُدَّ يَدَكَ أُبَايِعْكَ عَلَى الْإِسْلَامِ، فَمَدَّ يَدَهُ فَبَايَعَهُ عَلَى الْإِسْلَامِ، وَعَلَى قَوْمِي فَبَايَعَهُ عَلَى قَوْمِهِ

دیتاہوں کہ اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اور میں گواہی دیتاہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔ اس نے کہا: دوبارہ پڑھو! پس آپ ﷺ نے تین بار پڑھا' اس نے کہا: میں نے کاہنوں' جادوگروں اور شاعروں کے اقوال سنے ہیں' میں نے ان کلمات کی مثل کوئی چیز نہیں سنی' تحقیق یہ قاموس البحر کو پہنچے ہیں' اپنا ہاتھ بڑھائیں تاکہ میں اسلام پر بیعت کروں' پس آپ نے ہاتھ آگے کیا تو اس نے اسلام پر بیعت کر لی اور میری قوم پر' پس آپ ﷺ نے اس کی قوم پر بھی اس کو بیعت کی۔

**8075-** حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا، ثنا أَحْمَدُ بْنُ سُفْيَانَ النَّسَائِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، وَيُونُسَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ: جَاءَ ضِمَامُ بْنُ ثَعْلَبَةَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَلَا أَرْقِيكَ يَا مُحَمَّدُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِينُهُ، وَنَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا وَسَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا، مَنْ يَهْدِ اللَّهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ . فَقَالَ ضِمَامٌ: لَقَدْ قَرَأْتُ الْكُتُبَ وَالتَّوْرَاةَ وَالْإِنْجِيلَ وَالزَّبُورَ، فَمَا سَمِعْتُ مِثْلَ هَذَا الْكَلَامِ، أَعِدْهُنَّ عَلَيَّ، فَأَعَادَهُنَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَعِدْهُنَّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ضمام بن ثعلبہ' رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا' اس نے کہا: اے محمد! کیا میں آپ کو دَم کر سکتاہوں؟ نبی کریم ﷺ نے پڑھا: تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں' ہم اس کی حمد کرتے ہیں' اس سے مدد مانگتے ہیں اور اپنے نفسوں کی بُرائیوں اور اپنے اعمال کی بُرائیوں سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں' جس کو اللہ ہدایت دے اسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا اور جسے اللہ گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا' میں گواہی دیتاہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور محمد ﷺ اُس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ پس ضمام بولا: میں نے آسمانی کتابیں' تورات' انجیل اور زبور پڑھی ہیں' اس کلام کی مثل کوئی چیز نہیں سنی' بار بار پڑھیں۔ آپ ﷺ نے کئی بار یہ کلمات پڑھے' پھر اس نے کہا: دُہرائیں! تو آپ نے اس پر دُہرائے' پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ذکر کیا کہ وہ مسلمان ہوگیا۔

عَلَيَّ، فَأَعَادَهُنَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ ذُكِرَ أَنَّهُ أَسْلَمَ

**8076-** حَدَّثَنَا أَبَانُ بْنُ مَخْلَدٍ الْأَنْصَارِيُّ، ثنا زُنَيْجُ أَبُو غَسَّانَ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ نُوَيْفِعٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: بَعَثَتْ بَنُو سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ ضِمَامَ بْنَ ثَعْلَبَةَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدِمَ عَلَيْهِ، فَأَنَاخَ بَعِيرَهُ عَلَى بَابِ الْمَسْجِدِ، ثُمَّ عَقَلَهُ، ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ، وَكَانَ ضِمَامٌ رَجُلًا جَلْدَ الشَّعْرِ، ذَا غَدِيرَتَيْنِ حَتَّى وَقَفَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ. قَالَ: مُحَمَّدٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: يَا ابْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، إِنِّي سَائِلُكَ وَمُغَلِّظٌ فِي الْمَسْأَلَةِ، فَلَا تَجِدَنَّ فِي نَفْسِكَ، فَقَالَ: لَا أَجِدُ فِي نَفْسِي، فَاسْأَلْ عَمَّا بَدَا لَكَ، فَقَالَ: أَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ، إِلٰهِكَ وَإِلٰهِ مَنْ كَانَ قَبْلَكَ، وَإِلٰهِ مَنْ هُوَ كَائِنٌ بَعْدَكَ، آللّٰهُ أَمَرَكَ أَنْ تَأْمُرَنَا أَنْ نَعْبُدَ اللّٰهَ لَا نُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، وَأَنْ نَخْلَعَ هَذِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بنوسعد بن بکر نے ضمام بن ثعلبہ کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف بھیجا' پس وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے مسجد کے دروازے پر اپنا اونٹ بٹھایا پھر اسے ڈھنگا لگایا' پھر مسجد میں داخل ہوا جبکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے۔ ضمام سخت بالوں والا اور دو مینڈھوں والا آدمی تھا یہاں تک کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کے پاس آ کر کھڑا ہوا۔ اس نے کہا: تم میں سے بنوعبدالمطلب کون ہیں؟ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔ اس نے کہا: محمد (آپ ہیں)؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: اے عبدالمطلب کے بیٹے! میں تیرا سوالی ہوں اور میں اپنے سوال میں سختی سے کام لینے والا ہوں۔ غصہ نہ منانا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں غصے نہیں ہوں گا' جو تیرا جی چاہے سوال کر۔ اس نے کہا: میں تجھے اللہ کی قسم دیتا ہوں! کیا تیرا معبود' آپ سے پہلے لوگوں کا اور بعد میں آنے والوں کا معبود' اللہ ہے؟ اس نے آپ کو حکم دیا ہے کہ ہم اللہ کی عبادت کریں' اسکے ساتھ کسی شی کو شریک نہ ٹھہرائیں اور ان مدمقابل کو چھوڑ دیں جن کی پوجا اللہ کو چھوڑ کر ہمارے آباء کرتے رہے؟ فرمایا: جی ہاں! (اللّٰہم تاکید کیلئے ہے)' اس نے کہا: میں تجھے اللہ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں' تیرا' تجھ سے پہلوں اور بعد والوں کا

ضمام بن ثعلبة الأزدي

---

8076- ورواه أحمد رقم الحديث: 2254، 2380، 2381' قال في المجمع جلد 1 صفحه 290' ورجال أحمد موثقون . ورواه الدارمي رقم الحديث: 658' وأبو داؤد رقم الحديث: 483 .

الْأَنْدَادَ الَّتِي كَانَتْ يَعْبُدُ آبَاؤُنَا مِنْ دُونِهِ؟ قَالَ: اللَّهُمَّ، نَعَمْ .قَالَ: فَأَنْشُدُكَ بِاللَّهِ، إِلَهِكَ وَإِلَهِ مَنْ كَانَ قَبْلَكَ، وَإِلَهِ مَنْ هُوَ كَائِنٌ بَعْدَكَ، آللَّهُ أَمَرَكَ أَنْ تَأْمُرَنَا أَنْ نُصَلِّيَ هَذِهِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ؟ فَقَالَ: اللَّهُمَّ، نَعَمْ .ثُمَّ جَعَلَ يَذْكُرُ فَرَائِضَ الْإِسْلَامِ فَرِيضَةً فَرِيضَةً الزَّكَاةَ وَالصِّيَامَ الْحَجَّ وَشَرَائِعَ الْإِسْلَامِ، كُلُّهَا يُنَاشِدُهُ عِنْدَ كُلِّ فَرِيضَةٍ كَمَا نَاشَدَهُ فِي الَّتِي قَبْلَهَا حَتَّى إِذَا فَرَغَ قَالَ: فَإِنِّي أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، وَسَأُؤَدِّي هَذِهِ الْفَرَائِضَ، وَأَجْتَنِبُ مَا نَهَيْتَنِي عَنْهُ لَا أَزِيدُ عَلَيْهِ وَلَا أَنْقُصُ، ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى بَعِيرِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ صَدَقَ ذُو الْغَدِيرَتَيْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ

معبود اللہ ہے اس نے تجھے حکم دیا کہ آپ حکم دیں کہ ہم یہ پانچ نمازیں پڑھیں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! پھر اس نے اسلام کے فرائض کا ایک ایک کر کے نام لیا' زکوٰۃ' روزے' حج اور دیگر احکامِ اسلام' ہر ایک فریضہ کے ذکر کرتے وقت اس نے قسم دی جیسے اس نے پہلوں میں قسم دی' حتیٰ کہ جب فارغ ہوا تو کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں (ان شاء اللہ!) میں یہ فرائض ادا کروں گا' جن چیزوں سے آپ منع کرتے ہیں ان سے اجتناب کروں گا نہ اس پر زیادہ کروں گا اور نہ کمی۔ پھر وہ اپنے اونٹ کی طرف لوٹا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر اس کے دل میں سچ ہے تو دو مینڈھیوں والا جنتی ہے۔

**8077-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِيُّ النَّيْسَابُورِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَا: ثنا أَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ سَعِيدٍ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَرْضِعًا فِيهِمْ، فَقَالَ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بنو سعد بن بکر کا ایک آدمی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آیا جبکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ میں بیٹھ کر دودھ پی رہے تھے' اس نے کہا: اے عبدالمطلب کے بیٹے! آپ نے فرمایا: میں تجھے جواب دیتا ہوں' اس نے کہا: میں اپنی قوم کی طرف سے وفد لانے والا اور ان کا قاصد و ترجمان ہوں۔ آپ کا سوالی ہوں اور بڑی سختی سے سوال کیا کرتا ہوں' تجھے قسم دینے والا ہوں اور میرا آپ کو قسم دینا بھی سختی سے خالی نہیں ہے' مجھ پر ناراض نہ ہونا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے! اس نے کہا: آسمانوں' زمینوں' جنت اور د

يَا ابْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، قَالَ: قَدْ أَجَبْتُكَ .قَالَ: أَنَا وَافِدُ قَوْمِي وَرَسُولُهُمْ، وَأَنَا سَائِلُكَ وَمُشْتَدَّةٌ مَسْأَلَتِي إِيَّاكَ وَنَاشِدُكَ، فَمُشْتَدٌّ إِنْشَادِي إِيَّاكَ، فَلا تَجِدَنَّ عَلَيَّ، قَالَ: نَعَمْ . قَالَ: أَخْبِرْنِي مِنْ خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجَنَّةِ وَالنَّارِ، قَالَ: اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ .قَالَ: نَشَدْتُكَ بِهِ أَهُوَ أَرْسَلَكَ بِمَا أَتَانَا كِتَابُكَ، وَأَتَتْنَا رُسُلُكَ أَنْ نَشْهَدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنْ نَدَعَ اللَّاتَ وَالْعُزَّى؟ قَالَ: نَعَمْ .قَالَ: نَشَدْتُكَ بِهِ، أَهُوَ أَمَرَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ .قَالَ: أَتَانَا كِتَابُكَ، وَأَتَتْنَا رُسُلُكَ أَنْ نصَلِّيَ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ خَمْسَ صَلَوَاتٍ، نَشَدْتُكَ بِهِ أَهُوَ أَمَرَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ .قَالَ: أَتَانَا كِتَابُكَ، وَأَتَتْنَا رُسُلُكَ أَنْ نَصُومَ فِي كُلِّ سَنَةٍ شَهْرًا نَشَدْتُكَ، أَهُوَ أَمَرَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ .قَالَ: أَتَانَا كِتَابُكَ، وَأَتَتْنَا رُسُلُكَ أَنْ نَحُجَّ إِلَيْهِ فِي ذِي الْحِجَّةِ نَشَدْتُكَ، أَهُوَ أَمَرَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ .قَالَ: هَؤُلَاءِ خَمْسٌ، وَلَسْتُ أَزِيدُ عَلَيْهِنَّ، فَلَمَّا قَفَّا، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا إِنَّهُ إِنْ فَعَلَ الَّذِي قَالَ دَخَلَ الْجَنَّةَ

وزخ کی تخلیق کے حوالے سے مجھے بتائیں (ان کا خالق کون ہے)' آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ میں تجھے قسم دیتا ہوں' کیا انے تجھے دے کر بھیجا ہے' جو آپ کے خط کے ذریعے ہمیں پہنچا ہے اور ہمارے پاس آپ کے قاصد آئے کہ ہم گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اور ہم لات وعزیٰ کو چھوڑ دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: میں آپ کو قسم دیتا ہوں اس کی کیا اسی نے آپ کو حکم دیا ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: ہمارے پاس آپ کا خط آیا اور آپ کے قاصد آئے کہ ہم ہر دن میں پانچ نمازیں پڑھیں' میں آپ کو قسم دیتا ہوں! کیا اسی نے آپ کو حکم دیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: آپ کا خط اور آپ کے قاصدوں نے آ کر ہمیں کہا کہ ہم ہر سال میں ایک ماہ کے روزے رکھیں' کیا اسی نے آپ کو حکم دیا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: آپ کا خط آیا اور آپ کے قاصد آئے کہ ہم ذی الحج کے مہینہ میں حج کریں' کیا اسی نے حکم دیا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: یہ پانچ ہیں' میں ان پر زیادہ نہ کروں گا' پس جب وہ واپس ہوا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اگر اس نے یہ کام کیے تو جنت میں داخل ہوگا۔

**8078-** حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَكِيعِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بنو سعد بن بکر قبیلہ سے ایک دیہاتی رسول کریم ﷺ کی بارگاہ

ضمام بن ثعلبة الأزدي

8078- ورواه في الأوسط (7-8 مجمع البحرين)' وكذا رواه الدارمي رقم الحديث: 657' قال في المجمع جلد 1 صفحه290' وفيه عطاء بن السائب وهو ثقة ولكنه اختلط .

غَزْوَانَ، ثنا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، وَمُوسَى أَبُو جَعْفَرٍ الْفَرَّاءُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ مِنْ بَنِي سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا غُلَامَ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ. فَقَالَ: إِنِّي رَجُلٌ مِنْ أَخْوَالِكَ مِنْ بَنِي سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ، وَأَنَا رَسُولُ قَوْمِي إِلَيْكَ وَوَافِدُهُمْ، وَإِنِّي سَائِلُكَ فَمُشْتَدَّةٌ مَسْأَلَتِي إِيَّاكَ، وَمُنَاشِدُكَ فَمُشْتَدَّةٌ مُنَاشَدَتِي إِيَّاكَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دُونَكَ يَا أَخَا بَنِي سَعْدٍ. فَقَالَ: مَنْ خَلَقَكَ، وَمَنْ خَلَقَ مَنْ قَبْلَكَ، وَمَنْ هُوَ خَالِقُ مَنْ بَعْدَكَ؟ قَالَ: اللّٰهُ. قَالَ: فَنَشَدْتُكَ بِذَلِكَ، أَهُوَ أَرْسَلَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: أَخْبِرْنِي مَنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ السَّبْعَ، وَالْأَرَضِينَ السَّبْعَ، وَأَجْرَى بَيْنَهُمِ الرِّزْقَ؟ قَالَ: اللّٰهُ. قَالَ: فَنَشَدْتُكَ بِذَلِكَ، أَهُوَ أَرْسَلَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَإِنَّا قَدْ وَجَدْنَا فِي كِتَابِكَ، وَأَمَرَتْنَا رُسُلُكَ أَنْ نُصَلِّيَ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ خَمْسَ صَلَوَاتٍ لِمَوَاقِيتِهَا، فَنَشَدْتُكَ بِذَلِكَ أَهُوَ أَمَرَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَإِنَّا قَدْ وَجَدْنَا فِي كِتَابِكَ، وَأَمَرَتْنَا رُسُلُكَ أَنْ نَصُومَ شَهْرَ رَمَضَانَ، فَنَشَدْتُكَ بِذَلِكَ، أَهُوَ أَمَرَكَ؟ قَالَ:

میں آیا' اس نے کہا: تیرے اوپر سلام! اے بنوعبدالمطلب کے نوجوان! تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا: اور تیرے اوپر بھی سلام۔ میں بنوسعد بکر سے تیرے ماموؤں سے ایک آدمی ہوں' میں اپنی قوم کی طرف سے آپ کی طرف قاصد اور ان کا وفد لانے والا بن کر آیا ہوں' میں آپ کا سوالی ہوں' میرا سوال آپ پر ذرا سخت ہوگا' میں قسم بھی دوں گا اور آپ کو میرا قسم دینا بھی سخت ہوگا' تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا: اے بنوسعد کے بھائی! شروع کرو۔ اس نے کہا: آپ کو' آپ سے پہلوں کو اور جو بعد میں ہوں گے ان کو کس نے پیدا کیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے! اس نے کہا: میں تجھے قسم دیتا ہوں' آپ کو اسی نے رسول بنایا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: مجھے بتائیں کہ سات آسمان' سات زمینیں کس نے پیدا کیں اور ان کو رزق جاری کیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے! اس نے کہا: ہم نے آپ کے خط میں پایا اور آپ کے قاصدوں نے بتایا کہ ہم رات دن میں پانچ نمازیں پڑھیں' ان کے اوقات میں کیا' اسی نے آپ کو حکم دیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: ہم نے آپ کے خط میں پایا اور آپ کے قاصدوں نے حکم دیا کہ ہم رمضان شریف کے روزے رکھیں' قسم سے آپ کو اسی نے حکم دیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: ہم نے آپ کے خط میں پایا اور آپ کے قاصدوں نے حکم دیا کہ آپ ہمارے مالوں سے لیں گے اور ہمارے غریبوں کو دیں گے' میں قسم دیتا

نَعَمْ .قَالَ: فَإِنَّا قَدْ وَجَدْنَا فِي كِتَابِكَ، وَأَمَرَتْنَا رُسُلُكَ أَنْ تَأْخُذَ مِنْ حَوَاشِي أَمْوَالِنَا، فَتَجْعَلَهُ فِي فُقَرَائِنَا، فَنَشَدْتُكَ بِذَلِكَ، أَهُوَ أَمْرُكَ؟ قَالَ: نَعَمْ .قَالَ: أَمَّا الْخَامِسَةُ فَلَسْتُ سَائِلًا عَنْهَا، وَلَا أَرَبَ لِي فِيهَا -يَعْنِي الْفَوَاحِشَ- ثُمَّ قَالَ: أَمَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَأَعْمَلَنَّ بِهَا، وَمَنْ أَطَاعَنِي مِنْ قَوْمِي، ثُمَّ رَجَعَ فَضَحِكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، ثُمَّ قَالَ: لَئِنْ صَدَقَ لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

ہوں کہ کیا آپ کو اسی نے حکم دیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: ایک پانچویں بھی ہے اسکے بارے میں سوال نہیں کرتا اور نہ اس میں میری غرض ہے یعنی بُری باتیں اور بُرے کام۔ پھر کہا: وہ ذات جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے اس کی قسم! میں ان پر عمل کروں گا اور میری قوم میں سے جس نے میری بات مانی (وہ بھی عمل کرے گا) پھر وہ واپس ہوا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکرائے حتیٰ کہ آپ کی داڑھیں ظاہر ہو گئیں۔ پھر فرمایا: اگر اس نے سچ کہا ہے تو ضرور جنت میں داخل ہوگا۔

ایک دوسری سند سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک اعرابی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' باقی اسی کی مثل ذکر کیا۔

## ضُمَيْرَةُ بْنُ أَبِي ضُمَيْرَةَ مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام ضمیرہ بن ابوضمیرہ رضی اللہ عنہ

8079- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ ضُمَيْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَنْكِحْنِي فُلَانَةَ، قَالَ: مَا مَعَكَ تُصْدِقُهَا إِيَّاهُ وَتُعْطِيهَا؟ قَالَ: مَا مَعِي شَيْءٌ .قَالَ: لِمَنْ هَذَا

حضرت حسین بن عبداللہ بن ضمیرہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا فلانی سے ذکر کریں! آپ نے فرمایا: تمہارے پاس حق مہر دینے کے لیے کوئی شی ہے؟ اس نے عرض کی: میرے پاس کوئی شی نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ انگوٹھی

الْخَاتَمُ؟ قَالَ: لِي .قَالَ: فَأَعْطِهَا إِيَّاهُ، وَأَنْكَحَهُ، وَأَنْكَحَ آخَرَ عَلَى سُورَةِ الْبَقَرَةِ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ شَيْءٌ"

کس کی ہے؟ اُس نے عرض کی: میری ہے! آپ ﷺ نے فرمایا: یہ ہی دے دو! آپ ﷺ نے اُس کا نکاح کروا دیا' دوسرا نکاح سورۂ بقرہ کو یاد کروانے پر کروا دیا' جس کے پاس کوئی شی نہیں تھی۔

**8080-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ أَيُّوبَ الْأَهْوَازِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ضُمَيْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيرَنَا، وَلَمْ يَعْرِفْ حَقَّ كَبِيرِنَا، وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ غَشَّنَا، وَلَا يَكُونُ الْمُؤْمِنُ مُؤْمِنًا حَتَّى يُحِبَّ لِلْمُؤْمِنِينَ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ

حضرت حسین بن عبداللہ بن ضمیرہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے جو ہمارے بچوں پر شفقت نہ کرے اور ہمارے بزرگوں کا حق نہ جانے اور اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے جو ہم سے دھوکہ کرے' مؤمن اس وقت ہوتا ہے جب دوسرے کے لیے وہی پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

## ضَمْرَةُ بْنُ ثَعْلَبَةَ السُّلَمِيُّ، ثُمَّ الْبَهْزِيُّ مِنْ أَخْبَارِهِ

## حضرت ضمرہ بن ثعلبہ السلمی بہزی' آپ کی باتیں

**8081-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ سَلَمَةَ الْخَبَائِرِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ سُلَيْمَانُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْبَهْزِيِّ، صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ كَانَ يَحْمِلُ فِي مُعَسْكَرِ الْعَدُوِّ حَتَّى يَخْرِقَ الصَّفَّ، ثُمَّ يَعُودُ حَتَّى يَقِفَ مَوْضِعَهُ

حضرت ضمرہ بن ثعلبہ صحابیٔ رسول ﷺ دشمن فوج پر حملہ کرتے تھے' صف کو چیر کر' پھر واپس آتے اور اپنی جگہ کھڑے ہو جاتے تھے۔



8080- قال في المجمع جلد10 صفحه16' وفيه حسين بن عبد الله بن ضميره كذاب .

# مَا أَسْنَدَ ضَمْرَةُ بْنُ ثَعْلَبَةَ

8082- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا جَدِّي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ، وَعَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَا: ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ سُلَيْمَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ، عَنِ ابْنِ ثَعْلَبَةَ أَنَّهُ أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: ادْعُ اللّٰهَ لِي بِالشَّهَادَةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أُحَرِّمُ دَمَ ابْنِ ثَعْلَبَةَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ وَالْكُفَّارِ قَالَ: فَكُنْتُ أَحْمِلُ فِي عِظَمِ الْقَوْمِ فَيَتَرَاءَى لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهُمْ، فَقَالُوا: يَا ابْنَ ثَعْلَبَةَ لَتَغْرُزُ وَتَحْمِلُ عَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَرَاءَى لِي خَلْفَهُمْ، فَأَحْمِلُ عَلَيْهِمْ حَتَّى أَقِفَ عِنْدَهُ، ثُمَّ يَتَرَاءَى لِي عِنْدَ أَصْحَابِي، فَأَحْمِلُ حَتَّى أَكُونَ مَعَ أَصْحَابِي .قَالَ: فَعُمِّرَ زَمَانًا مِنْ دَهْرِهِ

# حضرت ضمرہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

حضرت ابن ثعلبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں آئے اور عرض کی: میرے لیے اللہ سے شہادت کی دعا کریں۔ پس نبی کریم ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! ثعلبہ کا خون، مشرکین اور کفار پر حرام کرتا ہوں۔ ثعلبہ کہتے ہیں: میں، قوم کے بڑے لوگوں میں سوار ہوا کرتا تھا۔ پس نبی کریم ﷺ مجھے ان کے پیچھے دیکھتے تھے۔ صحابہ نے کہا: اے ابن ثعلبہ! قوم پر حملہ کرو۔ ثعلبہ نے جواب دیا: بے شک نبی کریم ﷺ مجھے ان کے پیچھے دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ پس میں ان پر حملہ کروں گا حتیٰ کہ آپ کے پاس جا کر کھڑا ہو جاؤں، پھر آپ مجھے دیکھیں میرے دوستوں کے پاس۔ پس میں حملہ کروں حتیٰ کہ اپنے دوستوں کے ساتھ ہوں۔ راوی کا بیان ہے کہ وہ ایک لمبا زمانہ زندہ رہے۔

8083- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت ضمرہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگ ہمیشہ بھلائی پر ہی رہیں گے



---

8082- قال في المجمع جلد9صفحه379' واسناده حسن . ورواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث:1378 .

8083- قال في المجمع جلد 8صفحه78' ورجاله ثقات . ورواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث: 1642' ورواه ابن السكن وابن شاهين' وقال ابن منده: غريب .

الدِّمَشْقِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ ضَمْضَمِ بْنِ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِي بَحْرِيَّةَ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا لَمْ يَتَحَاسَدُوا

جب تک آپس میں حسد نہیں کریں گے۔

**8084-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ سَلَمَةَ الْخَبَائِرِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا أَبُو سَلَمَةَ سُلَيْمَانُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ أَنَّهُ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ، حُلَّتَانِ مِنْ حُلَلِ الْيَمَنِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَرَى ثَوْبَيْكَ هَذَيْنِ مُدْخِلَيْكَ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِ اسْتَغْفَرْتَ لِي لَا أَقْعُدُ حَتَّى أَنْزَعَهُمَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِضَمْرَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ فَانْطَلَقَ مُسْرِعًا حَتَّى نَزَعَهُمَا

حضرت ضمرہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضورﷺ کے پاس آئے' اُنہوں نے یمن کے حُلوں میں سے دو حُلّے پہنے ہوئے تھے' حضورﷺ نے فرمایا: تمہاری کیا رائے ہے کہ تم کو یہ دونوں عمدہ لباس جنت میں داخل کروا لیں گے؟ عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر آپ میرے لیے بخشش طلب کریں' میں بیٹھوں گا نہیں جب تک ان کو اُتار نہ دوں گا۔ پس نبی کریمﷺ نے دعا کی: اے اللہ! ضمرہ بن ثعلبہ کی مغفرت فرما۔ پس وہ جلدی جلدی گئے اور انہیں اتار دیا۔

# بَابُ الطَّاءِ

## مَنِ اسْمُهُ طَلْحَةُ

## طَلْحَةُ بْنُ مَالِكٍ يُقَالُ اللَّيْثِيُّ، وَيُقَالُ الْخُزَاعِيُّ

# باب الطاء

## جن کا نام طلحہ ہے

## طلحہ بن مالک رضی اللہ عنہ انہیں لیثی اور خزاعی بھی کہا جاتا ہے

**8085-** حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ

حضرت محمد بن رزین فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد

8084- قال في المجمع جلد5صفحه136' رواه أحمد جلد4صفحه338-339' ورجاله ثقات الا أن بقية مدلس . ورواه البغوى .

الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ قَالَا: ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي رَزِينٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي أُمِّي، قَالَتْ: كَانَتْ أُمُّ الْحَرِيرِ إِذَا مَاتَ الرَّجُلُ مِنَ الْعَرَبِ اشْتَدَّ عَلَيْهَا، فَقِيلَ لَهَا: أُمَّ الْحَرِيرِ، مَا لَنَا نَرَاكِ إِذَا مَاتَ الرَّجُلُ مِنَ الْعَرَبِ اشْتَدَّ عَلَيْكِ؟ قَالَتْ: سَمِعْتُ مَوْلَايَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مِنِ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ هَلَاكُ الْعَرَبِ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي رَزِينٍ: وَكَانَ مَوْلَاهَا طَلْحَةُ بْنُ مَالِكٍ

نے بتایا کہ عرب سے کوئی آدمی مرے گا تو ان پر سختی ہوگی' حضرت اُم حریر سے عرض کی گئی: ہم نہیں دیکھتے ہیں کہ عرب سے کوئی آدمی مرا ہو اور آپ پر سختی کی گئی ہو؟ اُنہوں نے جواب دیا: میں نے اپنے آقا سے سنا' اس نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت کے قریب ہونے کی نشانی عربوں کی ہلاکت ہے۔ حضرت محمد بن ابورزین فرماتے ہیں: ان کے آقا طلحہ بن مالک تھے۔

## طَلْحَةُ بْنُ عَمْرٍو النَّصْرِيُّ

## حضرت طلحہ بن عمرو نصری رضی اللہ عنہ

**8086-** حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ أَشْكِيبَ الْكُوفِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، كِلَاهُمَا عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ أَبِي حَرْبِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ إِذَا قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَكُنْ لَهُ بِالْمَدِينَةِ

حضرت طلحہ بن عمرو فرماتے ہیں: ایسا آدمی جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آتا' جسکا جاننے والا مدینہ میں کوئی نہ ہوتا' جس کے پاس وہ اُترے تو وہ اصحاب صفہ کے ساتھ ہی رہتا' لیکن (جب میں مدینے آیا تو) میرے دوست مدینہ میں تھے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ سے ہمارے لیے ہر روز دو آدمیوں کے درمیان دو مُد کھجور کے جاری ہوتے تھے۔ اسی دوران کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی نماز میں تھے' آپ کے صحابہ میں ایک نداء دینے والے



---

8086- قال في المجمع جلد10صفحه322-323 رواه الطبراني في البزار بنحوه ورجال البزار رجال الصحيح غير محمد بن عثمان العقيلي وهو ثقة . ورواه أحمد جلد3صفحه487' وابن حبان رقم الحديث: 2539' والفسوي في المعرفة والتاريخ جلد1صفحه277-278' وأبو نعيم في الحلية جلد1صفحه374-375 .

عَرِيفٌ يَنْزِلُ عَلَيْهِ نَزَلَ مَعَ أَصْحَابِ الصُّفَّةِ، وَكَانَ لِي بِهَا قُرَنَاءُ، وَكَانَ يَجْرِي عَلَيْنَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّ يَوْمٍ بَيْنَ اثْنَيْنِ مُدَّانِ مِنْ تَمْرٍ، فَبَيْنَمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ الصَّلَوَاتِ إِذَا نَادَاهُ مُنَادٍ مِنْ أَصْحَابِهِ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَحْرَقَ التَّمْرُ بُطُونَنَا، وَتَحَرَّقَتْ عَنَّا الْحَتْفُ، فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ، قَامَ فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ ذَكَرَ مَا لَقِيَ مِنْ قَوْمِهِ مِنَ الشِّدَّةِ قَالَ: فَكُنْتُ أَنَا وَصَاحِبِيَّ بِضْعَةَ عَشَرَ يَوْمًا مَا لَنَا طَعَامٌ إِلَّا الْبَرِيرُ حَتَّى قَدِمْنَا عَلَى إِخْوَانِنَا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَوَاسَوْنَا فِي طَعَامِهِمْ، وَعِظَمُ طَعَامِهِمِ التَّمْرُ، وَالَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ، لَوْ أَجِدُ لَكُمِ الْخُبْزَ وَاللَّحْمَ لَأَطْعَمْتُكُمُوهُ، وَإِنَّهُ لَعَلَّهُ أَنْ تُدْرِكُوا زَمَانًا أَوْ مَنْ أَدْرَكَهُ مِنْكُمْ يَلْبَسُونَ فِيهِ مِثْلَ سِتَارِ الْكَعْبَةِ، يُغْدَى عَلَيْكُمْ، وَيُرَاحُ فِيهِ بِالْجِفَانِ

پکارا: اے اللہ کے رسول! کھجور نیتو ہمارے پیٹوں کو جلا دیا ہے اور ہم سے ہلاکت کی آگ بھڑک اُٹھی۔ جب نماز نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکمل کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے اللہ کی حمد وثناء کی پھر قوم کی طرف سے جو تکلیفیں آئیں ان کا ذکر کیا۔ فرمایا: میں اور میرے ساتھی دس سے زیادہ دن اس طرح رہے کہ ہمارے پاس جھاؤ کے پھل کے علاوہ کھانا نہیں تھا حتیٰ کہ ہم انصاری بھائیوں کے پاس آئے ان لوگوں نے اپنے کھانے میں ہمیں شریک کر کے غمگساری کی اور ان کے کھانے میں سے بڑا کھانا یہی خشک کھجور ہے قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اگر میں تمہارے لیے روٹی اور گوشت پاتا تو میں تمہیں ضرور کھلاتا ممکن ہے تم وہ زمانہ پاؤ جو تم میں سے اسے پائے جس میں غلافِ کعبہ جیسے لباس پہنیں گے صبح کا کھانا الگ دیا جائے گا اور شام کے کھانے بڑے بڑے لکڑی کے پیالوں میں۔

حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أنا خَالِدٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ أَبِي حَرْبِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ طَلْحَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کی ہے۔

طلحة بن معاوية السلمى

## طَلْحَةُ بْنُ مُعَاوِيَةَ السُّلَمِيُّ

## حضرت طلحہ بن معاویہ السلمی رضی اللہ عنہ

8087- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو

حضرت محمد بن طلحہ بن معاویہ السلمی اپنے والد سے

8087- قال في المجمع جلد8 صفحه138: رواه الطبراني عن ابن اسحاق وهو مدلس عن محمد بن طلحة ولم أعرفه وبقية

بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ السُّلَمِيِّ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أُرِيدُ الْجِهَادَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، قَالَ: أُمُّكَ حَيَّةٌ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْزَمْ رِجْلَهَا فَثَمَّ الْجَنَّةُ

روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں' آپ نے فرمایا: تیری ماں زندہ ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! حضورﷺ نے فرمایا: ان کی خدمت کر' تیرے لیے جنت ہے۔

## طَلْحَةُ بْنُ الْبَرَاءِ

## حضرت طلحہ بن براء رضی اللہ عنہ

**8088-** حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ رُوَيْمٍ، عَنْ أَبِي مِسْكِينٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ الْبَرَاءِ، أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: ابْسُطْ يَدَكَ، قَالَ: وَإِنْ أَمَرْتُكَ بِقَطِيعَةِ وَالِدَتِكَ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: ثُمَّ عُدْتُ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ: ابْسُطْ يَدَكَ أُبَايِعْكَ. قَالَ: عَلَامَ؟ قُلْتُ: عَلَى الْإِسْلَامِ. قَالَ: وَإِنْ أَمَرْتُكَ بِقَطِيعَةِ وَالِدَتِكَ؟ قُلْتُ: لَا، ثُمَّ عُدْتُ إِلَيْهِ الثَّالِثَةَ، وَكَانَ لَهُ وَالِدَةٌ، وَكَانَ مِنْ أَبَرِّ النَّاسِ بِهَا، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ

حضرت طلحہ بن براء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ آئے اور حضورﷺ کی خدمت میں عرض کی: اپنا ہاتھ پھیلائیں! آپ نے فرمایا: اگرچہ میں تجھے تیری ماں سے بائیکاٹ کا حکم دوں! اس نے عرض کی: جی نہیں! کہتے ہیں: میں نے اپنی بات دُہرائی' میں نے عرض کی: اپنا ہاتھ پھیلائیں تاکہ میں بیعت کروں۔ فرمایا: کس پر بیعت کرے گا؟ میں نے عرض کی: اسلام پر! فرمایا: اگرچہ میں تجھے تیری ماں سے بائیکاٹ کا حکم دوں! میں نے عرض کی: جی نہیں! پھر میں نے تیسری بار عرض کی جبکہ ان کی والدہ تھیں اور وہ اپنی ماں کے ساتھ سب لوگوں سے زیادہ نیک سلوک کرنے والے تھے' تو نبی کریمﷺ نے فرمایا: اے



---

رجاله رجال الصحيح . وقال الحافظ في الاصابة جلد 1 صفحه 448' وهو غلط نشأ عن تصحيف وقلب والصواب عن محمد بن طلحة عن معاوية بن جاهمة عن أبيه فصحف عن فصارت ابن' وقدم قوله عن أبيه فصحف عن فصارت ابن' وقدم قوله أبيه فصحف عن فصارت ابن' وقدم قوله عن ابيه فخرى منه أن لطلحة صحبة ليس كذلك بل ليس بينه وبين معاوية بن جاهمة نسب الخ .

8088- قال في المجمع جلد 9 صفحه 365 رواه الطبراني مرسلًا وعبد ربه بن صالح لم أعرفه وبقية رجال وثقوا .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا طَلْحَةُ إِنَّهُ لَيْسَ فِي دِينِنَا قَطِيعَةُ الرَّحِمِ، وَلَكِنْ أَحْبَبْتُ أَنْ لَا يَكُونَ فِي دِينِكَ رِيبَةٌ فَأَسْلَمَ فَحَسُنَ إِسْلَامُهُ، ثُمَّ إِنَّهُ مَرِضَ، فَعَادَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَجَدَهُ مُغْمًى عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَظُنُّ طَلْحَةَ إِلَّا مَقْبُوضًا مِنْ لَيْلَتِهِ، فَإِنْ أَفَاقَ فَأَرْسِلُوا إِلَيَّ .فَأَفَاقَ طَلْحَةُ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ، فَقَالَ: مَا عَادَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالُوا: بَلَى .فَأَخْبَرُوهُ بِمَا قَالَ، فَقَالَ: لَا تُرْسِلُوا إِلَيْهِ فِي هَذِهِ السَّاعَةِ فَتَلْسَعَهُ دَابَّةٌ، أَوْ يُصِيبُهُ شَيْءٌ، وَلَكِنْ إِذَا أَصْبَحْتُمْ فَأَقْرِئُوهُ مِنِّي السَّلَامَ، وَقُولُوا لَهُ فَلْيَسْتَغْفِرْ لِي، ثُمَّ قُبِضَ، فَلَمَّا صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ سَأَلَ عَنْهُ فَأَخْبَرُوهُ بِمَوْتِهِ وَمَا قَالَ، فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ الْقَهُ وَهُوَ يَضْحَكُ إِلَيْكَ، وَأَنْتَ تَضْحَكُ إِلَيْهِ

طلحہ! ہمارے دین میں بائیکاٹ کا تصور نہیں ہے بلکہ میں نے چاہا کہ تیرے دین میں شک وشبہ نہ ہو پس انہوں نے اسلام قبول کیا اور اپنے اسلام کو خوبصورت بنایا' پھر وہ بیمار ہوئے تو نبی کریم ﷺ ان کی بیمار پرسی کیلئے تشریف لے گئے' پس ان کو بے ہوش پایا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مجھے تو لگتا ہے کہ طلحہ آج رات ہی دنیا سے چل بسے گا' پس اگر ان کو افاقہ ہو تو میری طرف پیغام بھیجنا' جب رات کا درمیان آیا تو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو افاقہ ہوا' انہوں نے کہا: کیا رسول کریم ﷺ میری عیادت کو نہیں آئے؟ ساتھیوں نے بتایا: کیوں نہیں! پس انہوں نے اس بات کی بھی خبر دی جو آپ ﷺ نے فرمائی۔ کہا: اس وقت آپ ﷺ کی طرف پیغام نہ بھیجو' کوئی کیڑا مکوڑا انہیں ڈس نہ دے یا کوئی اور تکلیف پہنچے بلکہ جب صبح ہو تو آپ ﷺ کو میری طرف سے سلام کہنا اور عرض کرنا کہ میرے لیے مغفرت کی دعا فرمائیں' پھر ان کا وصال ہو گیا۔ پس نبی کریم ﷺ نے جب صبح کی نماز پڑھی تو ان کے بارے سوال کیا تو صحابہ نے ان کے وصال کی خبر دی اور جو اس نے کہا۔ پس رسول کریم ﷺ نے اپنے ہاتھ اُٹھا دیئے۔ پھر کہا: اے اللہ! وہ تجھ سے اس حال میں ملے کہ وہ ہنس رہا ہو اور تُو سے دیکھ کر ہنس رہا ہو۔

## طَلْحَةُ بْنُ دَاوُدَ

## حضرت طلحہ بن داؤد رضی اللہ عنہ

8089- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت طلحہ بن داؤد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



8089- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 13987 . قال في المجمع جلد 10 صفحه 50' وفيه عنبسة مولى طلحة بن داود ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

الدَّبَرِيُّ، انا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَنْبَسَةُ، مَوْلَى طَلْحَةَ بْنِ دَاوُدَ أَنَّهُ سَمِعَ طَلْحَةَ بْنَ دَاوُدَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ: نِعْمَ الْمُرْضِعُونَ أَهْلُ عُمَانَ

حضورﷺ نے فرمایا: عمان والے دودھ پلانے والوں میں اچھے ہیں۔

## مَنِ اسْمُهُ طَارِقٌ

## جن کا نام طارق ہے

## طَارِقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْمُحَارِبِيُّ

## طارق بن عبداللہ المحاربی رضی اللہ عنہ

**8090-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، انا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثنا الثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْمُحَارِبِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا صَلَّيْتَ، فَلَا تَبْصُقَنَّ بَيْنَ يَدَيْكَ، وَلَا عَنْ يَمِينِكَ، وَابْصُقْ تِلْقَاءَ شِمَالِكَ، إِنْ كَانَ فَارِغًا وَإِلَّا فَتَحْتَ قَدَمِكَ وَأَشَارَ بِرِجْلِهِ فَفَحَصَ الْأَرْضَ

حضرت طارق بن عبداللہ المحاربی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب تُو نماز پڑھے تو اپنے آگے اور اپنی دائیں جانب نہ تھوک' اپنی بائیں جانب تھوک' اگر تو فارغ ہو ورنہ اپنے پاؤں کے نیچے' آپﷺ نے اپنے پاؤں کے ساتھ اشارہ کیا' زمین پر ملا۔

**8091-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، انا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْمُحَارِبِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِذَا كُنْتَ فِي صَلَاةٍ، فَلَا تَبْصُقْ تُجَاهَ وَجْهِكَ، وَلَا

حضرت طارق بن عبداللہ المحاربی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب تُو نماز میں ہو تو اپنے آگے اور اپنی دائیں جانب نہ تھوک' اپنی بائیں جانب تھوک' اگر تو فارغ ہو ورنہ اپنے پاؤں کے نیچے۔



---

8090- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 1688' والبيهقي جلد 2 صفحه 292' وأحمد جلد 6 صفحه 396' وأبو داؤد رقم الحديث: 474' والترمذي رقم الحديث: 568 . وقال: حسن صحيح . والنسائي جلد 2 صفحه 52' وابن ماجه رقم الحديث: 1021' وابن خزيمة رقم الحديث: 877,876 .

عَنْ يَمِينِكَ، وَلَكِنْ عَنْ يَسَارِكَ إِنْ كَانَ فَارِغًا وَإِلَّا فَتَحْتَ قَدَمِكَ

**8092-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ رِبْعِيٍّ، ثنا طَارِقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُحَارِبِيُّ، رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا صَلَّيْتَ، فَلَا تَبْزُقْ بَيْنَ يَدَيْكَ وَلَا عَنْ يَمِينِكَ، وَلَكِنِ ابْزُقْ تِلْقَاءَ شِمَالِكَ، إِنْ كَانَ فَارِغًا أَوْ تَحْتَ رِجْلِكَ

حضرت طارق بن عبداللہ المحاربی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' نبی کریم ﷺ کے صحابہ میں سے ایک نے کہا کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو نماز پڑھے تو اپنے آگے اور اپنی دائیں جانب نہ تھوک' اپنی بائیں جانب تھوک' اگر تو فارغ ہو یا اپنے پاؤں کے نیچے۔

**8093-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، وَأَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قَامَ أَحَدُكُمْ فِي الصَّلَاةِ، فَلَا يَبْزُقَنَّ أَمَامَهُ وَلَا عَنْ يَمِينِهِ، وَلَكِنْ عَنْ يَسَارِهِ إِنْ كَانَ فَارِغًا، أَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرَى

حضرت طارق بن عبداللہ المحاربی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز میں کھڑا ہو تو اپنے آگے اور اپنی دائیں جانب نہ تھوک' اپنی بائیں جانب تھوک' اگر وہ فارغ ہو یا اپنے بائیں پاؤں کے نیچے۔

**8094-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْعَطَّارُ، ثنا أَبُو حَمَّادٍ الْحَنَفِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُحَارِبِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا صَلَّيْتَ فَلَا تَبْزُقْ أَمَامَكَ، وَلَا عَنْ يَمِينِكَ،

حضرت طارق بن عبداللہ المحاربی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تُو نماز پڑھے تو اپنے آگے اور اپنی دائیں جانب نہ تھوک' اپنی بائیں جانب تھوک' یا اپنے بائیں پاؤں کے نیچے۔

وَلَكِنْ عَنْ شِمَالِكَ، أَوْ تَحْتَ قَدَمِكَ الْيُسْرَى

8095- حَدَّثَنَا بُجَيْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَابِرِ الْمُحَارِبِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، ثنا غَيْلَانُ بْنُ جَامِعٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَمَنِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا بَزَقْتَ فَلَا تَبْزُقْ بَيْنَ يَدَيْكَ، وَلَا عَنْ يَمِينِكَ، وَلَكِنِ ابْزُقْ تِلْقَاءَ شِمَالِكَ إِنْ كَانَ فَارِغًا، أَوْ تَحْتَ قَدَمِكَ

حضرت طارق بن عبداللہ المحاربی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تو تھوکے تو اپنے آگے اور اپنی دائیں جانب نہ تھوک' اپنی بائیں جانب تھوک' اگر تو فارغ ہو یا اپنے پاؤں کے نیچے۔

8096- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ، أنا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُورِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ مُفَضَّلِ بْنِ مُهَلْهَلٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا صَلَّيْتَ، فَلَا تَبْزُقْ بَيْنَ يَدَيْكَ، وَلَا عَنْ يَمِينِكَ، وَلَكِنِ ابْزُقْ تِلْقَاءَ شِمَالِكَ إِنْ كَانَ فَارِغًا أَوْ تَحْتَ رِجْلِكَ

حضرت طارق بن عبداللہ المحاربی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: جب تُو نماز پڑھے تو اپنے آگے اور اپنی دائیں جانب نہ تھوک' اپنی بائیں جانب تھوک' اگر تو فارغ ہو یا اپنے پاؤں کے نیچے۔

8097- حَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا تَمِيمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كُنْتَ فِي الصَّلَاةِ، فَلَا تَبْزُقْ بَيْنَ يَدَيْكَ، وَلَا عَنْ

حضرت طارق بن عبداللہ المحاربی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تُو نماز میں ہو تو اپنے آگے اور اپنی دائیں جانب نہ تھوک' اپنی بائیں جانب تھوک' جب تُو فارغ نہ ہو تو اپنے بائیں پاؤں کے نیچے پھر مل' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے پاؤں کے ساتھ اشارہ کیا' اور زمین پر ملا۔

يَمِينَكَ، ابْزُقْ تِلْقَاءَ شِمَالِكَ، فَإِنْ لَمْ يَكُنْ فَارِغًا فَتَحْتَ قَدَمِكَ الْيُسْرَى . ثُمَّ قَالَ: هَكَذَا وَمَسَحَ بِالْأَرْضِ

**8098-** حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سَعْدَانُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اسْتَجْمَرْتُمْ فَأَوْتِرُوا، وَإِذَا تَوَضَّأْتُمْ فَاسْتَنْثِرُوا

حضرت طارق بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی استنجاء کرے تو طاق عدد میں پتھر استعمال کرے، جب تم وضو کرو تو ناک جھاڑلو۔

**8099-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْأُبُلِّيُّ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الصَّفَّارُ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ نَاصِحٍ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْمُحَارِبِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا طَارِقُ اسْتَعِدَّ لِلْمَوْتِ قَبْلَ الْمَوْتِ

حضرت طارق بن عبداللہ محاربی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اے طارق! موت کے لیے تیاری کر موت سے پہلے۔

**8100-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت ابوصخرہ جامع بن شداد سے روایت ہے کہ



-8098 قال في المجمع جلد1صفحه211' ورجاله موثقون .

-8099 ورواه الحاكم جلد4صفحه312' وصححه ووافقه الذهبي . قال في المجمع جلد 10صفحه309 فيه اسحاق بن ناصح قال أحمد: كان من أكذب الناس . فالحديث موضوع .

-8100 قال في المجمع جلد6صفحه23 وفيه أبو جناب الكلبي وهو مدلس وقد وثقه ابن حبان وبقية رجاله رجال الصحيح . قلت: وأورده في كتابه المجروحين جلد3صفحه111-112' وقال: وكان ممن يدلس على الثقات ما سمع من الضعفاء فلاتزق به المناكير التي يرويها عن المشاهيد فوهاه يحيى بن سعيد القطان الى آخر ما قال ولهذا شنع عليه العلماء ولم يعتمدوا على توثيقه . ورواه الدارقطني جلد3صفحه44-45 قال في التعليق المغني: رواته كلهم ثقات .

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو جَنَابٍ، عَنْ أَبِي صَخْرَةَ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ قَوْمِ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: إِنِّي بِسُوقِ ذِي الْمَجَازِ، إِذْ مَرَّ رَجُلٌ شَابٌّ عَلَيْهِ حُلَّةٌ مِنْ بُرْدٍ أَحْمَرَ، وَهُوَ يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، قُولُوا لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ تُفْلِحُوا، وَرَجُلٌ خَلْفَهُ يَرْمِيهِ قَدْ أَدْمَى عُرْقُوبَيْهِ وَسَاقَيْهِ، يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّهُ كَذَّابٌ، فَلَا تُطِيعُوهُ. فَقُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ قَالُوا: هَذَا غُلَامُ بَنِي هَاشِمٍ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهَذَا عَمُّهُ عَبْدُ الْعُزَّى، فَلَمَّا هَاجَرَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَدِينَةِ، وَأَسْلَمَ النَّاسُ ارْتَحَلْنَا مِنَ الرَّبَذَةِ يَوْمَئِذٍ مَعَنَا ظَعِينَةٌ لَنَا، فَلَمَّا أَتَيْنَا الْمَدِينَةَ، وَأَدْنَا حِيطَانَهَا، لَبِسْنَا ثِيَابًا غَيْرَ ثِيَابِنَا إِذَا رَجُلٌ فِي الطَّرِيقِ، فَقَالَ: مِنْ أَيْنَ أَقْبَلَ الْقَوْمُ؟ قُلْنَا: نَمِيرُ أَهْلَنَا مِنْ تَمْرِهَا، وَلَنَا جَمَلٌ أَحْمَرُ قَائِمٌ مَخْطُومٌ قَالَ: تَبِيعُونِي جَمَلَكُمْ؟ قُلْنَا: نَعَمْ. قَالَ: بِكَمْ؟ قُلْنَا: بِكَذَا وَكَذَا صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، فَمَا اسْتَنْقَصَنَا مِمَّا قُلْنَا شَيْئًا، وَضَرَبَ بِيَدِهِ فَأَخَذَ خِطَامَ الْجَمَلِ، ثُمَّ أَدْبَرَ بِهِ، فَلَمَّا تَوَارَى عَنَّا بِالْحِيطَانِ قُلْنَا: وَاللّٰهِ، مَا صَنَعْنَا شَيْئًا وَبَايَعْنَا مَنْ لَا نَعْرِفُ، قَالَ: تَقُولُ امْرَأَةٌ جَالِسَةٌ لَقَدْ رَأَيْتُ رَجُلًا كَأَنَّ وَجْهَهُ شِبْهُ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَاللّٰهِ لَا يَظْلِمُكُمْ، وَلَا يَخْتَرِيكُمْ وَأَنَا ضَامِنَةٌ



مجھے طارق بن عبداللہ کی قوم کے ایک آدمی نے حدیث سنائی' کہتا ہے: میں ذوالمجاز کے بازار میں تھا' اچانک میرے پاس سے ایک نوجوان آدمی گزرا' جس پر سرخ رنگ کی چادر تھی' وہ زبان سے کہہ رہا تھا: اے لوگو! لا الٰہ الا اللہ پڑھو! کامیاب ہو جاؤ گے۔ اس کے پیچھے ایک آدمی اسے کنکر مار رہا تھا جس سے اس کی ایڑیاں اور پنڈلیاں خون آلود تھیں۔ وہ کہتا: اے لوگو! یہ جھوٹا ہے' اس کی بات نہ ماننا۔ میں نے پوچھا: یہ کون ہے؟ لوگوں نے بتایا: یہ بنوہاشم قبیلہ کا جوان ہے' جس کا یہ گمان ہے کہ وہ اللہ کے رسول ہیں' اور یہ آدمی اس کا چچا عبدالعزیٰ ہے' پس جب محمد ﷺ نے ہجرت فرمائی مدینہ کی طرف اور بہت سارے لوگ مسلمان ہوئے' ہم نے بھی زندہ سے کوچ کیا۔ اس وقت ہمارے پاس ایک دودھ دینے والی اونٹنی تھی۔ پس جب ہم مدینہ آئے اور اس کی دیواروں کے قریب ہوئے تو ہم سفر والے کپڑے بدلنے لگے' اس وقت راستے میں ایک آدمی تھا اُس نے کہا: یہ قوم کہاں سے آئی ہے؟ ہم نے کہا: ہم اپنے اہل کو کھجوروں کی خوراک دینے آئے ہیں' ہمارا ایک سرخ رنگ کا اونٹ کھڑا تھا جسے نکیل ڈالی ہوئی تھی۔ اس نے کہا: اپنا اونٹ مجھے بیچو گے؟ ہم نے کہا: جی ہاں! اس نے کہا: کتنے میں؟ ہم نے کہا: اتنی کھجوروں کے بدلے۔ ہم نے جو کہا' اس نے ہم سے بحث نہیں کی' ہاتھ مارا اور اونٹ کی مہار پکڑ کر چل دیا۔ پس جب وہ دیواروں میں جا کر ہماری آنکھوں سے اوجھل ہوا تو ہم نے کہا: قسم بخدا! ہم نے کوئی کام ہی نہیں کیا اور ہم نے اس

**8212-** حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُقْبِلٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ وَهْبٍ الْعَلَّافُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، ثنا أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ: رَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ مُشْتَمِلًا بِهِ، قَدْ خَالَفَ بَيْنَ طَرَفَيْهِ

حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہ کے گھر میں ایک کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا' اس کے دونوں کنارے آپ ﷺ نے دونوں کندھوں کے درمیان لٹکائے ہوئے تھے۔

**8213-** حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، أَنَّهُ: رَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ مُخَالِفًا بَيْنَ طَرَفَيْهِ

حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایک کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا' اس کے دونوں کنارے آپ ﷺ نے دونوں کندھوں کے درمیان لٹکائے ہوئے تھے۔

**8214-** حَدَّثَنَا أَبُو حَنِيفَةَ مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الشِّيرَازِيُّ، ثنا عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْإِصْطَخْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ

حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایک کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا' اس کے دونوں کنارے آپ نے دونوں کندھوں کے درمیان لٹکائے ہوئے تھے۔



8214- ورواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث: 3466 .

مَكْحُولٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ قَدْ خَالَفَ بَيْنَ طَرَفَيْهِ

**8215-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ، ثنا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ الْحِمْيَرِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُقَبِّلُ الصَّائِمُ؟ فَقَالَ: سَلْ هَذِهِ لِأُمِّ سَلَمَةَ وَهِيَ جَالِسَةٌ فَقَالَتْ: إِنَّهُ لَيَفْعَلُ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَنْتَ قَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ، قَالَ: أَمَا وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ وَأَتْقَاكُمْ

حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا: کیا روزہ دار بوسہ لے سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ مسئلہ اُم سلمہ سے پوچھو! آپ وہاں بیٹھی ہوئی تھیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُم سلمہ سے فرمایا: (کیا بوسہ) لے سکتا ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ تو وہ ہیں جن کے وسیلہ سے اللہ نے آپ کی اُمت کے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کیے ہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں تم سے زیادہ اللہ سے ڈرتا ہوں اور پرہیزگاری کرتا ہوں۔

**8216-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ الْوَاسِطِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ النُّعْمَانِ الْفَرَّاءُ الْمِصِّيصِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ الْمَكِّيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ

حضرت عمر بن ابوسلمہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت "انما یرید اللّٰہ الٰی آخرہ" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہ کے گھر میں نازل ہوئی' آپ نے حضرت امام حسن وحسین اور جناب فاطمہ رضی اللہ عنہم کو بلوایا' آپ نے ان لوگوں کو اپنے آگے بٹھایا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بلوایا اور اُنہیں اپنی پشت کے پیچھے بٹھایا' حضرات پر چادر ڈالی' پھر عرض کی: اے اللہ! یہ بھی میرے اہل بیت ہیں' ان سے پلیدی دور کردے' ان کو پاک کردے! حضرت اُم سلمہ



8215- ورواہ مسلم رقم الحدیث: 1108 .

8216- ورواہ الترمذی رقم الحدیث: 3875,3258' وابن جریر فی تفسیرہ جلد8صفحہ22' وھو حدیث حسن .

فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ: (إِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا) (الأحزاب: 33) فَدَعَا الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ، وَفَاطِمَةَ فَأَجْلَسَهُمْ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَدَعَا عَلِيًّا فَأَجْلَسَهُ خَلْفَ ظَهْرِهِ، وَتَجَلَّلَ هُوَ وَهُمْ بِالْكِسَاءِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ هَؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي فَأَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيرًا فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: وَأَنَا مَعَهُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: وَأَنْتِ مَكَانَكِ، وَأَنْتِ عَلَى خَيْرٍ

رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں: یارسول اللہ! میں ان میں شامل ہوں' آپ نے فرمایا: تو اپنی جگہ ہے' تو بھلائی پر ہے۔

**8217**- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا عَمَّارُ بْنُ مَطَرٍ، ثنا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ: إِنَّ الْكُتُبَ كَانَتْ تَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ بَابٍ وَاحِدٍ، وَإِنَّ الْقُرْآنَ أُنْزِلَ مِنْ سَبْعَةِ أَبْوَابٍ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ: حَلَالٌ، وَحَرَامٌ، وَمُحْكَمٌ، وَمُتَشَابِهٌ، وَضَرْبُ أَمْثَالٍ، وَآمِرٌ، وَزَاجِرٌ، فَحِلَّ حَلَالَهُ، وَحَرِّمْ حَرَامَهُ، وَاعْمَلْ بِمُحْكَمِهِ، وَقِفْ عِنْدَ مُتَشَابِهِهِ، وَاعْتَبِرْ أَمْثَالَهُ، فَإِنَّ كُلًّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا يَتَذَكَّرُ إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ

حضرت سلمہ بن عمر بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمام کتابیں آسمان کے ایک دروازے سے اُتری ہیں' قرآن سات دروازوں سے اُترا ہے' سات حرفوں پر' حلال وحرام' محکم' متشابہ' ضرب الامثال' حکم' ڈانٹ ڈپٹ' اس کے حلال کو حلال اور حرام کو حرام جانا' اس کے محکم پر عمل کیا' متشابہ کے معاملہ میں رکا رہا اور مثالوں سے عبرت حاصل کی' یہ سب اللہ کی طرف سے ہیں' اس سے نصیحت عقل مند ہی حاصل کرتے ہیں۔

**8218**- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ،

حضرت عمر بن ابوسلمہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ



8217- قال في المجمع جلد7صفحه153' وفيه عمار بن مطر وهو ضعيف جدًا وقد وثقه بعضهم .

8218- قال في المجمع جلد8صفحه104' ورجاله رجال الصحيح .

ثنا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ بَيْتَ أُمِّ سَلَمَةَ فَرَأَى عِنْدَهُمْ مُخَنَّثًا وَهُوَ يَقُولُ: يَا عَبْدَ اللهِ بْنَ أَبِي أُمَيَّةَ، لَوْ قَدْ فُتِحَتِ الطَّائِفُ لَأَرَيْتُكَ بَادِيَةَ بِنْتَ غَيْلَانَ وَهِيَ تُقْبِلُ بِأَرْبَعٍ، وَتُدْبِرُ بِثَمَانٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلَنَّ عَلَيْكُمْ هَؤُلَاءِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے آپ نے وہاں مخنث دیکھا وہ کہہ رہا تھا: اے عبداللہ بن ابوامیہ! اگر طائف فتح ہوجائے تو میں تجھے بادیہ بنت غیلان دکھاؤں گا وہ چار پلٹے کھا کر آتی ہے اور آٹھ پلٹے کھا کر جاتی ہے۔ حضورﷺ نے فرمایا: یہ لوگ تمہارے پاس نہ آئیں۔

**8219**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِي وَجْزَةَ السَّعْدِيِّ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ مُزَيْنَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِطَعَامٍ فَقَالَ لَهُ: يَا عُمَرُ يَا بُنَيَّ، سَمِّ اللَّهَ، وَكُلْ بِيَمِينِكَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيكَ

حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے پاس کھانا لایا گیا تو آپ نے فرمایا: اے عمر! اے میرے بیٹے! بسم اللہ پڑھ کر کھا اور اپنے دائیں ہاتھ سے کھا اور اپنے سامنے سے کھا۔

**8220**- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، ح وَعَنِ الْوَلِيدِ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ جَمِيعًا، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: بَيْنَمَا أَنَا فِي حَجْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَتْ يَدِي تَطِيشُ فِي الصَّحْفَةِ، فَقَالَ: يَا

حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کی گود میں پرورش پائی میرا ہاتھ (کھانا کھاتے وقت) پیالہ میں گھومتا تھا تو آپﷺ نے فرمایا: اے بچے! اللہ کا نام لے کر کھا اور اپنے دائیں ہاتھ سے کھا اور اپنے سامنے سے کھا۔



---

8219,8227- ورواه مالك جلد 2صفحه226' والحميدى رقم الحديث: 570' وأحمد جلد 4صفحه27,26' والبخارى رقم الحديث: 5378,5377,5376' ومسلم رقم الحديث: 2022' وأبو داؤد رقم الحديث: 3759' والترمذى رقم الحديث:918' وابن ماجه رقم الحديث:3267 .

غُلَامُ، سَمِّ اللَّهَ، وَكُلْ بِيَمِينِكَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيكَ

**8221**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَهْمِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، حَدَّثَنِي أَبُو وَجْزَةَ السَّعْدِيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: دَعَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى طَعَامٍ فَقَالَ: ادْنُ يَا بُنَيَّ فَسَمِّ اللَّهَ، وَكُلْ بِيَمِينِكَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيكَ

حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے کھانے کی دعوت دی' آپ ﷺ نے فرمایا: اے میرے بیٹے! قریب ہو! اللہ کا نام لے کر کھا' اپنے دائیں ہاتھ سے کھا اور اپنے سامنے سے کھا۔

**8222**- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَلَّالٍ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيُّ، وَأَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ فُلَيْحٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ، عَنْ أَبِي وَجْزَةَ السَّعْدِيُّ، عَنْ رَجُلٍ مِنَ مُزَيْنَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: دَعَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: يَا غُلَامُ، فَقُلْتُ: لَبَّيْكَ، فَقَالَ: اقْعُدْ يَا بُنَيَّ، وَاذْكُرِ اسْمَ اللَّهِ، وَكُلْ بِيَمِينِكَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيكَ

حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے بلوایا اور فرمایا: اے بچے! میں نے عرض کی: حاضر ہوں! آپ ﷺ نے فرمایا: اے میرے بیٹے! بیٹھ! اللہ کا نام لے اور اپنے دائیں ہاتھ سے کھا اور اپنے سامنے سے کھا۔

**8223**- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، قَالَا: ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ حَبِيبٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ

حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ کے سامنے کھانا تھا' آپ نے مجھے فرمایا: قریب ہو اور کھا' اللہ کا نام لے اور اپنے سامنے سے کھا۔

أَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ يَدَيْهِ طَعَامٌ، فَقَالَ لِي: ادْنُهْ وَكُلْ، وَسَمِّ اللَّهَ، مِمَّا يَلِيكَ

**8224-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، رَبِيبِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قُدِمَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامٌ، فَجِئْتُ أَعْبَثُ بِيَدِي وَآكُلُ مِنْ هَهُنَا وَمِنْ هَهُنَا، فَأَخَذَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي فَقَالَ: مَهْ يَا بُنَيَّ، كُلْ مِمَّا يَلِيكَ

حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا تو آپ کے پاس کھانا لایا گیا' میں کھانے لگا' میرا ہاتھ پیالے میں کبھی اس طرف کبھی اُس طرف ہوتا' حضور ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا' آپ ﷺ نے فرمایا: اے میرے بیٹے! ایسے نہ کھاؤ' اپنے سامنے سے کھاؤ۔

**8225-** حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: كُنْتُ غُلَامًا فِي حِجْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَتْ يَدِي تَطِيشُ فِي الصَّحْفَةِ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا غُلَامُ، إِذَا أَكَلْتَ فَقُلْ: بِسْمِ اللَّهِ، وَكُلْ بِيَمِينِكَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيكَ فَمَا زَالَتْ تِلْكَ

حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی گود میں پرورش پائی' میرا ہاتھ کھانا کھاتے وقت پیالہ میں گھومتا تھا' مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: اے بچے! جب تم کھانا کھانے لگو تو پڑھو: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! اور اپنے دائیں ہاتھ سے کھا اور اپنے سامنے سے کھا۔ پس اس کے بعد ہمیشہ میں ایسے ہی کھاتا ہوں۔

طِعْمَتِي بَعْدُ

**8226-** حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: أَكَلْتُ يَوْمًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلْتُ آخُذُ مِنْ نَحْوِ حَوْلَ الصَّحْفَةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلْ مِمَّا يَلِيكَ

حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کھانا کھا رہا تھا' میرا ہاتھ پیالہ کے اردگرد گھوم رہا تھا' حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے سامنے سے کھا۔

**8227-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا النَّضْرُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ أَبُو الْمُغِيرَةِ الْقَاصُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: أَقْعَدَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ عَلَى طَعَامٍ، فَقَالَ لِي: سَمِّ اللّٰهَ، وَكُلْ بِيَمِينِكَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيكَ

حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور ﷺ نے مجھے کھانا کھانے کے لیے بٹھایا اور مجھے فرمایا: اللہ کا نام لے کر کھاؤ اور اپنے دائیں ہاتھ سے کھاؤ اور اپنے سامنے سے کھاؤ۔

## عُمَرُ بْنُ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيُّ، كَانَ يَنْزِلُ مِصْرَ

## حضرت عمر بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ' آپ بصرہ میں آئے تھے

**8228-** حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ

حضرت عمر بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے



8228- قال في المجمع جلد 5صفحه217 رواه الطبراني عن شيخه بكر بن سهل الدمياطي قال الذهبي: مقارب الحال وضعفه النسائي وبقية رجاله حديثهم حسن . قلت: كلا لهيعة مستور ويزيد وان كان ثقة فانه كان يرسل' وابن لهيعة ليس الراوي عنه من العبادلة فهو ضعيف الاسناد' لكن له شاهد من حديث أبي هريرة عند أحمد جلد2 صفحه327,360,367' ومالك جلد 2صفحه254-255' ومسلم رقم الحديث: 1715' وابن حبان

الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيبِيُّ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ لَهِيعَةَ بْنِ عُقْبَةَ، أَنَّهُ: سَمِعَ عُمَرَ بْنَ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيَّ، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: آمُرُكُمْ بِثَلَاثٍ وَأَنْهَاكُمْ عَنْ ثَلَاثٍ: آمُرُكُمْ أَنْ لَا تُشْرِكُوا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَأَنْ تَعْتَصِمُوا بِالطَّاعَةِ جَمِيعًا حَتَّى يَأْتِيَكُمْ أَمْرُ اللّٰهِ وَأَنْتُمْ عَلَى ذَلِكَ، وَأَنْ تُنَاصِحُوا وُلَاةَ الْأَمْرِ مِنَ الَّذِينَ يَأْمُرُونَكُمْ بِأَمْرِ اللّٰهِ، وَأَنْهَى عَنْ قِيلَ وَقَالَ، وَكَثْرَةِ السُّؤَالِ، وَإِضَاعَةِ الْمَالِ

ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میں تمہیں تین باتوں سے منع کرتا ہوں اور تین کا حکم دیتا ہوں' تم اللہ کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ ٹھہراؤ' اللہ کی اطاعت کرو قیامت آنے تک' حکمرانوں کو نصیحت کرو' جو اللہ کے حکم کے متعلق حکم دیتے ہیں اور تم کو قیل وقال سے منع کرتا ہوں اور زیادہ سوال کرنے سے اور مال ضائع کرنے سے۔

## مَنِ اسْمُهُ عُثْمَانُ

## عُثْمَانُ بْنُ حُنَيْفٍ الْأَنْصَارِيُّ، مِنْ أَخْبَارِهِ

## جن کا نام عثمان ہے

## حضرت عثمان بن حنیف انصاری رضی اللہ عنہ' آپ کی باتیں

8229- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِي نَوْفَلُ بْنُ مُسَاحِقٍ، قَالَ: بَيْنَا عُثْمَانُ بْنُ حُنَيْفٍ يُكَلِّمُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ -وَكَانَ عَامِلًا لَهُ- فَأَغْضَبَهُ، فَأَخَذَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَبْضَةً مِنَ الْبَطْحَاءِ فَرَجَمَهُ بِهَا، فَأَصَابَ حَجَرٌ مِنْهَا جَبِينَهُ فَشَجَّهُ، فَسَالَ الدَّمُ عَلَى لِحْيَتِهِ، فَكَأَنَّهُ

حضرت نوفل بن مساحق فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے گفتگو کی' یہ عامل تھے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو غصہ آیا' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک مٹھی پتھر لیے اور اس کے ساتھ مارا' ایک پتھر اُن کی پیشانی پر لگا اور یہ زخمی ہوگئے' پس خون ان کی داڑھی پر بہہ گیا' پس گویا وہ نادم ہوئے اور کہا: اپنی داڑھی سے خون پونچھ لو! اس نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! یہ چیز آپ کو پریشان نہ کرے! قسم



رقم الحديث: 1542 .

8229- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20691' قال في المجمع جلد9صفحه372' ورجاله رجال الصحيح .

نَدِمَ، فَقَالَ: امْسَحِ الدَّمَ عَنْ لِحْيَتِكَ، فَقَالَ: لَا يَهُولَنَّكَ هَذَا يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، فَوَاللّٰهِ لَمَا انْتَهَكْتُ مِمَّنْ وَلَّيْتَنِي أَمْرَهُ أَشَدُّ مِمَّا انْتَهَكْتَ مِنِّي، قَالَ: فَكَأَنَّهُ أَعْجَبَ عُمَرَ ذَلِكَ مِنْهُ وَزَادَهُ خَيْرًا

بخدا! جب میری بے عزتی' اس ہستی سے ہوئی جس نے مجھے حکمران بنایا' اس سے زیادہ سخت یہ ہے کہ آپ کی بے حرمتی مجھ سے ہو۔ راوی کا بیان ہے کہ اس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس سے خوش کر دیا اور اپنی بھلائی میں اضافہ کیا۔

**8230**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: سَلَّمَ عُثْمَانُ بْنُ حُنَيْفٍ عَلَى مُعَاوِيَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا الْأَمِيرُ - وَعِنْدَهُ رَهْطٌ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ - فَقَالُوا: مَنْ هَذَا الْمُنَافِقُ الَّذِي قَصَّرَ فِي تَحِيَّةِ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ؟ فَقَالَ عُثْمَانُ لِمُعَاوِيَةَ: إِنَّ هَؤُلَاءِ قَدْ عَابُوا عَلَيَّ شَيْئًا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ، أَمَا إِنِّي قَدْ حَيَّيْتُ بِهَا أَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعُثْمَانَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: إِنِّي لَإِخَالُهُ قَدْ كَانَ بَعْضُ الَّذِي يَقُولُ، وَلَكِنَّ أَهْلَ الشَّامِ حِينَ وَقَعَتِ الْفِتْنَةُ قَالُوا: وَاللّٰهِ لَنَعْرِفَنَّ دِينَنَا وَلَا نُقَصِّرُ تَحِيَّةَ خَلِيفَتِنَا، وَإِنِّي لَإِخَالُكُمْ يَا أَهْلَ الْمَدِينَةِ تَقُولُونَ لِعَامِلِ الصَّدَقَةِ: أَمِيرٌ

حضرت امام زہری فرماتے ہیں: حضرت عثمان بن حنیف نے حضرت امیر معاویہ پر سلام کیا اور کہا: اے امیر! آپ پر سلام ہو! جبکہ ان کے پاس شامیوں کا ایک گروہ موجود تھا' تو اُنہوں نے کہا: یہ منافق کون ہے جس نے امیر المؤمنین کے سلام میں کمی کی ہے؟ پس حضرت عثمان نے حضرت معاویہ سے کہا: بے شک ان لوگوں نے مجھ پر کسی چیز کا عیب لگایا ہے' آپ اس کو جانتے ہیں لیکن (یاد رکھو!) میں نے ابوبکر' عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم کو اسی طرح سلام کیا' لیکن جب سے فتنہ برپا ہوا شام والے کہتے ہیں: قسم بخدا! ضرور ہم اپنے دین کو پہچانتے ہیں اور ہم اپنے خلیفہ کے سلام میں کمی نہیں کرتے اور یقیناً تمہارے حوالے سے اے مدینہ والو! میرا خیال ہے کہ تم عامل صدقہ کو امیر کہتے ہو۔



## مَا أَسْنَدَ عُثْمَانُ بْنُ حُنَيْفٍ

## حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

**8231**- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ،

حضرت ہانی فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت عثمان بن

8231- ورواه أحمد جلد 4 صفحه 138-139' والفسوى فى المعرفة والتاريخ جلد 1 صفحه 273' قال فى المجمع

ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عُثْمَانَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ هَانِئِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الصَّدَفِيِّ فِي حَدِيثِهِ، قَالَ هَانِئٌ: حَجَجْنَا فِي زَمَانِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَجَلَسْتُ فِي مَجْلِسٍ فِي مَسْجِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا رَجُلٌ يُحَدِّثُهُمْ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَأَقْبَلَ رَجُلٌ فَصَلَّى إِلَى هَذَا الْعَمُودِ، فَعَجِلَ قَبْلَ أَنْ يُتِمَّ صَلَاتَهُ، ثُمَّ خَرَجَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هَذَا لَوْ مَاتَ لَمَاتَ وَلَيْسَ هُوَ مِنَ الدِّينِ عَلَى شَيْءٍ، إِنَّ الرَّجُلَ لَيُخَفِّفُ وَيُتِمُّهَا فَسَأَلْتُ عَنْ هَذَا الرَّجُلِ فَقِيلَ لِي: عُثْمَانُ بْنُ حُنَيْفٍ الْأَنْصَارِيُّ

عفان رضی اللہ عنہ کے زمانۂ خلافت میں حج کیا' میں رسول اللہ ﷺ کی مسجد میں بیٹھا ہوا تھا' ایک آدمی بیان کر رہا تھا' اس نے کہا: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک دن نماز پڑھ رہے تھے تو ایک آدمی آیا' اس نے اس ستون کے پیچھے نماز پڑھی' اس نے جلدی نماز پڑھی' پھر نکلا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اگر یہ اس حالت پر مرتا تو اس دین نے اسے کوئی فائدہ نہیں دینا تھا۔ وہ آدمی جو مختصر اور مکمل نماز پڑھتا تھا' میں نے اس آدمی کے متعلق پوچھا تو مجھے کہا گیا: وہ حضرت عثمان بن حنیف انصاری رضی اللہ عنہ تھے۔

**8232-** حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عِيسَى بْنِ

حضرت عمہ عثمان بن حنیف فرماتے ہیں کہ ایک



---

جلد2 صفحه 121' وفيه ابن لهيعة وفيه كلام' وفيه البراء بن عثمان ولم يعرف . قلت: ذكره الحافظ في اللسان جلد2 صفحه 5' وقال: ذكره الحسيني في رجال المسند وقال ليس بالمشهور . قلت: بل هو معروف النسب والدار ثم قال بعد أن أشار الى هذا الحديث: فكأن البراء لم يدرك السماع من أبيه . وكذا في تعجيل المنفعة له .

8232- ورواه في الصغير جلد 1 صفحه183-184' وقال: لم يروه عن روح بن القاسم الأشيب بن سعيد المكي وهو ثقة' وهو الذي يحدث عنه أحمد بن شبيب عن أبيه عن يونس بن يزيد الأيلي' وقد روى هذا الحديث شعبة ابن أبي جعفر الخطمي - واسمه عمير بن يزيد - وهو ثقة' تفرد به عثمان بن عمر بن فارس عن شعبة' والحديث صحيح . قلت: لا شك في صحة الحديث المرفوع وأنما الشك في هذه القصة التي يستدل بها على التوسل المبتدع . وهي انفرد بها شبيب كما قال الطبراني . وشبيب لا بأس بحديثه بشرطين أن يكون من رواية ابنه أحمد عنه' وأن يكون من رواية شبيب عن يونس بن يزيد . والحديث رواه عن شبيب بن وهب وولداه اسماعيل وأحمد' وقد تكلم النقاد في رواية ابن وهب عن شبيب في شبيب' وابنه اسماعيل لا يعرف' وأحمد وان روى القصة عن أبيه الا أنها ليست

قَيْرَسِ الْمِصْرِيُّ الْمُقْرِءُ، ثنا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْمَكِّيِّ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الْخَطْمِيِّ الْمَدَنِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ عَمِّهِ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ: أَنَّ رَجُلًا، كَانَ يَخْتَلِفُ إِلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فِي حَاجَةٍ لَهُ، فَكَانَ عُثْمَانُ لَا يَلْتَفِتُ إِلَيْهِ وَلَا يَنْظُرُ فِي حَاجَتِهِ، فَلَقِيَ ابْنَ حُنَيْفٍ فَشَكَى ذَلِكَ إِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ بْنُ حُنَيْفٍ: ائْتِ الْمِيضَأَةَ فَتَوَضَّأْ، ثُمَّ ائْتِ الْمَسْجِدَ فَصَلِّ فِيهِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قُلْ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ، يَا مُحَمَّدُ إِنِّي أَتَوَجَّهُ بِكَ إِلَى رَبِّي فَتَقْضِي لِي حَاجَتِي وَتُذْكُرُ حَاجَتَكَ وَرُحْ حَتَّى أَرُوحَ مَعَكَ، فَانْطَلَقَ الرَّجُلُ فَصَنَعَ مَا قَالَ لَهُ، ثُمَّ أَتَى بَابَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَجَاءَ الْبَوَّابُ حَتَّى أَخَذَ بِيَدِهِ فَأَدْخَلَهُ عَلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَأَجْلَسَهُ مَعَهُ عَلَى

آدمی کسی کام کیلئے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آیا جایا کرتا تھا لیکن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کسی مصروفیت کی وجہ سے اس کی طرف متوجہ نہیں کرتے تھے اور نہ ہی اس کے کام میں نظر فرماتے تھے' پس وہ آدمی حضرت ابن حنیف سے ملا اور ان کے سامنے اپنا مسئلہ پیش کیا۔ حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: وضو کیلئے پانی لے آ! اس کے بعد وضو کر پھر مسجد میں جا کر دو رکعت نماز نفل ادا کر۔ پھر یہ دعا کر: ''اللّٰھم انی اسألك الٰی آخرہٖ'' اور ساتھ اپنے کام کا ذکر کر اور چلا جا' حتیٰ کہ میں بھی تیرے ساتھ چلوں گا۔ پس اس آدمی نے جا کر وہی کام کیا جو انہوں نے فرمایا تھا' پھر حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے دروازے پر آیا تو ادھر سے دربان آیا' وہ اس آدمی کے ہاتھ سے پکڑ کر اُسے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں لایا' پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اسے اپنے ساتھ قالین پر بٹھا کر فرمایا: تیرا کام کیا ہے؟ پس اس نے اپنا کام بتایا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس کام کو کر دیا۔ پھر اس سے کہا: تُو نے اب تک اپنا کام مجھے بتایا کیوں نہیں؟ اور

---

من طريق يونس بن يزيد . ثم اختلف فيها على أحمد' فرواه ابن السني في عمل اليوم والليلة رقم الحديث: 628' والحاكم جلد 1 صفحه 526 من ثلاثة طرق عن احمد بن شبيب بدون ذكر القصة . ورواه الحاكم جلد 1 صفحه 526 من طريق عون بن عمارة البصري عن روح بن القاسم به . قال شيخنا محمد ناصر الدين الألباني في رسالته القيمة التوسل صفحه 88 وعون هذا وان كان ضعيفًا فروايته أولى من رواية شبيب لموافقتها لرواية شعبة وحماد بن سلمة عن أبي جعفر الخطمي . وخلاصة القول: أن هذه القصة ضعيفة منكرة' لأمور ثلاثة: ضعف حفظ المنفرد بها' والاختلاف عليه فيها' ومخالفته للثقات الذين لم يذكروها في الحديث وأمر واحد من هذه الأمور كاف لاسقاط هذه القصة' فكيف بها مجتمعة؟

الطّنفسةِ، فقَالَ: حَاجَتُكَ؟ فذَكَرَ حَاجَتَهُ وَقَضَاهَا لَهُ، ثُمَّ قَالَ لَهُ: مَا ذَكَرْتُ حَاجَتَكَ حَتَّى كَانَ السَّاعَةُ، وَقَالَ: مَا كَانَتْ لَكَ مِنْ حَاجَةٍ فَاذْكُرْهَا، ثُمَّ إِنَّ الرَّجُلَ خَرَجَ مِنْ عِنْدِهِ فَلَقِيَ عُثْمَانَ بْنَ حُنَيْفٍ، فَقَالَ لَهُ: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا مَا كَانَ يَنْظُرُ فِي حَاجَتِي وَلَا يَلْتَفِتُ إِلَيَّ حَتَّى كَلَّمْتَهُ فِيَّ، فَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ حُنَيْفٍ: وَاللّٰهِ مَا كَلَّمْتُهُ، وَلَكِنِّي شَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَتَاهُ ضَرِيرٌ فَشَكَى إِلَيْهِ ذَهَابَ بَصَرِهِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَتَصَبَّرْ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَيْسَ لِي قَائِدٌ وَقَدْ شَقَّ عَلَيَّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ائْتِ الْمِيضَأَةَ فَتَوَضَّأْ، ثُمَّ صَلِّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ ادْعُ بِهَذِهِ الدَّعَوَاتِ قَالَ ابْنُ حُنَيْفٍ: فَوَاللّٰهِ مَا تَفَرَّقْنَا وَطَالَ بِنَا الْحَدِيثُ حَتَّى دَخَلَ عَلَيْنَا الرَّجُلُ كَأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ بِهِ ضُرٌّ قَطُّ

فرمایا: جوبھی تیرا کام ہوتُو مجھے بتایا کر۔ پھر وہ آدمی آپ کے پاس سے نکل کر حضرت عثمان بن حنیف سے ملا'ان سے کہا: اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے! وہ میرے کام کو نہ دیکھتے اور نہ ہی میری طرف متوجہ ہوتے یہاں تک کہ آپ نے میری سفارش کی۔ حضرت عثمان بن حنیف نے فرمایا: قسم بخدا! میں نے ان سے (آپ کی) کوئی سفارش نہیں کی (میں نے تو نسخہ بتایا ہے'اس کی وجہ یہ تھی) کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا' آپ ﷺ کے پاس ایک نابینا آیا تو اس نے شکایت کی کہ میں نابینا ہوں (آنکھیں چاہئیں)' تو رسول کریم ﷺ نے اسے فرمایا: صبر کرلو! (تمہارے لیے بہتر ہوگا)' اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کوئی میری انگلی پکڑنے والا نہیں اور مجھے بڑی مشکل ہے' تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: پانی لاکر وضو کر پھر دو رکعت پڑھ پھر یہ دعا کر۔ حضرت ابن حنیف نے فرمایا: قسم بخدا! ہم جدا نہیں ہوئے اور نہ ہی کوئی لمبی بات کی یہاں تک کہ وہ آدمی ہمارے پاس آیا' گویا وہ کبھی نابینا تھا ہی نہیں۔

حَدَّثَنَا إِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ بْنِ فَارِسٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الْخَطْمِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ عَمِّهِ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَحْوَهُ

حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

**8233-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ

حضرت عثمان بن سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے



8233- قال في المجمع جلد 1 صفحه55' وفي اسناده جماعة لم اعرفهم . وقال جلد 2 صفحه14' وفيه سعد بن عمران قال

التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ دَاوُدَ بْنِ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، حَدَّثَنِي سَعْدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ هِنْدَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عُثْمَانَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ يَقْدَمَ مِنْ مَكَّةَ يَدْعُو النَّاسَ إِلَى الْإِيمَانِ بِاللّٰهِ، وَتَصْدِيقًا بِهِ قَوْلًا بِلَا عَمَلٍ، وَالْقِبْلَةَ إِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَلَمَّا هَاجَرَ إِلَيْنَا نَزَلَتِ الْفَرَائِضُ، وَنَسَخَتِ الْمَدِينَةُ مَكَّةَ، وَالْقَوْلَ فِيهَا، وَنَسَخَ الْبَيْتُ الْحَرَامُ بَيْتَ الْمَقْدِسِ، فَصَارَ الْإِيمَانُ قَوْلًا وَعَمَلًا

ہیں کہ حضور ﷺ مکہ آنے سے پہلے لوگوں کو اللہ پر ایمان لانے اور بلاعمل تصدیق کرنے اور قبلہ بیت المقدس کی طرف بلاتے تھے' جب ہماری طرف ہجرت کی تو وراثت والی آیت نازل ہوئی' مدینہ نے مکہ کو منسوخ کر دیا اور اس میں قول (وتصدیق بلاعمل) کو بھی اور بیت اللہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کے حکم والی آیت نے بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کے حکم کو منسوخ کر دیا' تو ایمان قول وعمل والا ہو گیا۔

## عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ الْجُمَحِيُّ

## حضرت عثمان بن مظعون جمحی رضی اللہ عنہ

يُكْنَى أَبَا السَّائِبِ، بَدْرِيٌّ تُوُفِّيَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَنَةَ اثْنَتَيْنِ مِنَ الْهِجْرَةِ

آپ کی کنیت ابوسائب ہے' بدری ہیں' حضور ﷺ کے زمانہ میں ہجرت کے دوسرے سال فوت ہوئے۔

نِسْبَةُ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونِ بْنِ حَبِيبِ بْنِ وَهْبِ بْنِ حُذَافَةَ بْنِ جُمَحِ بْنِ عَمْرِو بْنِ هُصَيْصِ بْنِ كَعْبٍ يُكْنَى أَبَا السَّائِبِ، وَكَانَ مِنْ مُهَاجِرَةِ الْحَبَشَةِ، وَقَدِمَ

حضرت عثمان بن مظعون کا نسب: عثمان بن حبیب بن وہب بن حذافہ بن جمح بن عمرو بن ھصیص بن کعب ہے' آپ کی کنیت ابوسائب ہے' آپ نے حبشہ کی طرف ہجرت کی' ہجرت سے پہلے مکہ آئے' وہاں سے مدینہ کی

أبو حاتم: هو مثل الواقدي والواقدي متروك .

مَكَّةَ قَبْلَ الْهِجْرَةِ فَهَاجَرَ إِلَى الْمَدِينَةِ، وَشَهِدَ بَدْرًا

طرف ہجرت کی اور بدر میں شریک ہوئے۔

**8234-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ، يَقُولُ: لَقَدْ رَدَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ التَّبَتُّلَ وَلَوْ أَحَلَّهُ لَاخْتَصَيْنَا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے بغیر شادی کے رہنے کو ردّ کر دیا' اگر آپ ﷺ اجازت دیتے تو ہم اپنے آپ کو خصی کر لیتے (یہ عثمان کا قول ہے)۔

**8235-** حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ حَدَّثَهُ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ أَرَادَ أَنْ يَتَبَتَّلَ، فَنَهَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَعْدٌ: فَلَوْ أَجَازَ ذَلِكَ لَاخْتَصَيْنَا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے بغیر شادی کے رہنے کا ارادہ کیا لیکن رسول کریم ﷺ نے اس سے منع کر دیا' حضرت سعد کا قول ہے: اس کی اگر آپ ﷺ اجازت دیتے تو ہم اپنے آپ کو خصی کر لیتے۔

**8236-** حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ رَاشِدٍ يُحَدِّثُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، قَالَ: رَدَّ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کو بغیر شادی کے رہنے کو ردّ کر دیا' اگر آپ ﷺ اجازت دیتے تو ہم اپنے آپ کو خصی کر لیتے۔



---

8234- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 10375' ورواه أحمد جلد 1 صفحه 175,176,183' والبخاري رقم الحديث: 5074, 5073' ومسلم رقم الحديث: 1402' والنسائي جلد 6 صفحه 58-59' والترمذي رقم الحديث: 1088' وابن ماجه رقم الحديث: 1848' وابن الجارود في المنتقى رقم الحديث: 674' والدارمي رقم الحديث: 2173' والبيهقي جلد 7 صفحه 79.

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ التَّبَتُّلَ وَلَوْ أَجَازَ لَهُ التَّبَتُّلَ لَاخْتَصَيْنَا

**8237-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: وَتَسْمِيَةُ الَّذِينَ خَرَجُوا إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ الْمَرَّةَ الْأُولَى قَبْلَ خُرُوجِ جَعْفَرٍ وَأَصْحَابِهِ: عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ، وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، وَمَعَهُ امْرَأَتُهُ رُقَيَّةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ، وَأَبُو حُذَيْفَةَ بْنُ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ وَمَعَهُ امْرَأَتُهُ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو، وَوَلَدَتْ لَهُ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ مُحَمَّدَ بْنَ أَبِي حُذَيْفَةَ، وَالزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ، وَمُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ أَخُو بَنِي عَبْدِ الدَّارِ، وَعَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ، وَأَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الْأَسَدِ، وَامْرَأَتُهُ أُمُّ سَلَمَةَ، وَأَبُو سَبْرَةَ بْنُ أَبِي رُهْمٍ وَمَعَهُ أُمُّ كُلْثُومِ بِنْتُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو، وَسُهَيْلُ بْنُ بَيْضَاءَ، قَالَ: ثُمَّ رَجَعَ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ ذَهَبُوا الْمَرَّةَ الْأُولَى قَبْلَ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ وَأَصْحَابِهِ حِينَ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ السُّورَةَ الَّتِي يَذْكُرُ فِيهَا: (وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَى)

حضرت عروہ فرماتے ہیں: ان لوگوں کے نام جنہوں نے حضرت جعفر اور ان کے ساتھیوں کے نکلنے سے پہلے پہلی مرتبہ حبشہ کی طرف ہجرت کی ان کے نام یہ ہیں: عثمان بن مظعون' عثمان بن عفان' آپ کے ساتھ رسول کریم ﷺ کی صاحبزادی حضرت رقیہ بھی تھیں' عبداللہ بن مسعود' عبدالرحمٰن بن عوف' ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ ان کی بیوی سہلہ بنت سہیل بن عمرو' حبشہ کی سرزمین پر ہی حضرت محمد بن ابوحذیفہ پیدا ہوئے' زبیر بن عوام' بنوعبدالدار کے فرد مصعب بن عمیر' عامر بن ربیعہ' ابوسلمہ بن عبدالاسد اور ان کی بیوی اُم سلمہ' ابوسبرہ بن ابورھم اور ان کے ساتھ اُم کلثوم بنت سہل بن عمرو اور سہل بن بیضاء۔ راوی کا بیان ہے: پھر حضرت جعفر بن ابوطالب سے پہلے یہ سارے جو پہلی بار گئے تھے' لوٹ آئے' جب اللہ تعالیٰ نے سورت نازل کی جس میں ذکر ہے: ''اور ستارے کی قسم جب وہ طلوع ہو''۔ مشرکین قریش نے کہا: اگر یہ آدمی ہمارے معبودوں کا ذکر بھلائی کے ساتھ کرے تو ہم اس کا اور اس کے ساتھیوں کا اقرار کر لیتے ہیں کیونکہ یہ کسی کا ذکر نہیں کرتے' ان میں سے جنہوں نے یہودیوں اور عیسائیوں میں ان کے دین کی مخالفت کی' اسی طرح وہ

8237- قال في المجمع جلد 6 صفحه 34 رواه الطبراني هكذا مرسلًا وفيه ابن لهيعة أيضًا . وزاد جلد 7 صفحه 72 ولا يحتمل هذا من ابن الهيعة . قلت: فللحديث علتان الارسال وضعف ابن لهيعة لأن الراوى عنه ليس من العبادلة . ولشيخنا محمد ناصر الدين الألباني رسالة (نصب المجانيق لنسف قصة الغرانيس) فلتراجع .

(النجم: 1 ) ، وَقَالَ الْمُشْرِكُونَ مِنْ قُرَيْشٍ: لَوْ كَانَ هَذَا الرَّجُلُ يَذْكُرُ آلِهَتَنَا بِخَيْرٍ أَقْرَرْنَاهُ وَأَصْحَابَهُ، فَإِنَّهُ لَا يَذْكُرُ أَحَدًا مِمَّنْ خَالَفَ دِينَهُ مِنَ الْيَهُودِ، وَالنَّصَارَى بِمِثْلِ الَّذِي يَذْكُرُ بِهِ آلِهَتَنَا مِنَ الشَّتْمِ وَالشَّرِّ، فَلَمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ السُّورَةَ الَّتِي يَذْكُرُ فِيهَا: (وَالنَّجْمِ) (النجم: 1 ) ، وَقَرَأَ: (أَفَرَأَيْتُمُ اللَّاتَ وَالْعُزَّى وَمَنَاةَ الثَّالِثَةَ الْأُخْرَى) (النجم:20 ) أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِيهَا عِنْدَ ذَلِكَ ذِكْرَ الطَّوَاغِيتِ فَقَالَ: وَإِنَّهُنَّ لَمِنَ الْغَرَانِيقِ الْعُلَى، وَإِنَّ شَفَاعَتَهُمْ لَتُرْتَجَى ، وَذَلِكَ مِنْ سَجْعِ الشَّيْطَانِ وَفِتْنَتِهِ، فَوَقَعَتْ هَاتَانِ الْكَلِمَتَانِ فِي قَلْبِ كُلِّ مُشْرِكٍ، وَذَلَّتْ بِهَا أَلْسِنَتُهُمْ وَاسْتَبْشَرُوا بِهَا، وَقَالُوا: إِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ رَجَعَ إِلَى دِينِهِ الْأَوَّلِ وَدِينِ قَوْمِهِ، فَلَمَّا بَلَغَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخِرَ السُّورَةِ الَّتِي فِيهَا النَّجْمُ، سَجَدَ وَسَجَدَ مَعَهُ كُلُّ مَنْ حَضَرَ مِنْ مُسْلِمٍ وَمُشْرِكٍ، غَيْرَ أَنَّ الْوَلِيدَ بْنَ الْمُغِيرَةِ كَانَ رَجُلًا كَبِيرًا فَرَفَعَ عَلَى كَفِّهِ تُرَابًا فَسَجَدَ عَلَيْهِ، فَعَجِبَ الْفَرِيقَانِ كِلَاهُمَا مِنْ جَمَاعَتِهِمْ فِي السُّجُودِ لِسُجُودِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَّا الْمُسْلِمُونَ فَعَجِبُوا مِنْ سُجُودِ الْمُشْرِكِينَ عَلَى غَيْرِ إِيمَانٍ وَلَا يَقِينٍ، وَلَمْ يَكُنِ

عثمان بن مظعون الجمحی

ہمارے معبودوں کا سب وشتم اور بُرائی کے ساتھ کرتے ہیں' پس جب اللہ تعالیٰ نے یہ سورت نازل کی جس میں ذکر ہے: ''قسم ہے نجم کی'' اور پڑھا: ''اے مشرکو! کیا تم نے لات اور عزیٰ کو دیکھا اور ایک اور تیسرے منات کو''۔ اس وقت شیطان نے مداخلت کی: طاغوتوں کے ذکر سے (یہ روایت پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچی' معتبر مفسرین نے اسے درست نہیں مانا' بہرحال ترجمہ کیا جا رہا ہے) اس کے بعد (شیطان نے) کہا: بے شک ان کی سفارش کی اُمید کی جاتی ہے' یہ شیطان کے جملے اور فتنہ تھا' پس یہ دونوں جملے ہر مشرک کے دل میں پڑے' اور اُنہوں نے کہا: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے پہلے اور قوم کے دین کی طرف رجوع کر لیا ہے۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سورت کے آخر پہ پہنچے جس میں نجم کا ذکر ہے (یعنی سورۂ نجم) تو سجدہ کیا اور آپ کے ساتھ موجود مسلمانوں اور مشرکوں سب نے سجدہ کیا سوائے ولید بن مغیرہ کے' وہ بوڑھا تھا۔ پس اس نے اپنی ہتھیلی پہ خاک لگا کر اس پر سجدہ کر لیا۔ پس دونوں فریقوں نے اس پہ بڑا تعجب کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سجدہ کی وجہ سے سارے سجدے میں اکٹھے ہو گئے ہیں' بہرحال بغیر ایمان و یقین کے مشرکین کے سجدہ کرنے پر مسلمانوں کو حیرانی ہوئی جبکہ مسلمانوں نے وہ جملے نہ سنے جو شیطان نے مشرکوں کی زبان پر جاری کیے تھے لیکن مشرکوں کے دل نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے ساتھیوں کے حوالے سے مطمئن ہو گئے' جب اُنہوں نے وہ چیز سنی جو شیطان نے ان کے سامنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمید بنا کر

الْمُسْلِمُونَ سَمِعُوا الَّذِي أَلْقَى الشَّيْطَانُ عَلَى أَلْسِنَةِ الْمُشْرِكِينَ، وَأَمَّا الْمُشْرِكُونَ فَاطْمَأَنَّتْ أَنْفُسُهُمْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ لَمَّا سَمِعُوا الَّذِي أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَدَّثَهُمُ الشَّيْطَانُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ قَرَأَهَا فِي السَّجْدَةِ فَسَجَدُوا لِتَعْظِيمِ آلِهَتِهِمْ، فَفَشَتْ تِلْكَ الْكَلِمَةُ فِي النَّاسِ، وَأَظْهَرَهَا الشَّيْطَانُ حَتَّى بَلَغَتِ الْحَبَشَةَ، فَلَمَّا سَمِعَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ وَمَنْ كَانَ مَعَهُمْ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ أَنَّ النَّاسَ قَدْ أَسْلَمُوا وَصَلَّوْا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبَلَغَهُمْ سُجُودُ الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَلَى التُّرَابِ عَلَى كَفَّيْهِ أَقْبَلُوا سِرَاعًا، وَكَبُرَ ذَلِكَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا أَمْسَى أَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَشَكَا إِلَيْهِ فَأَمَرَهُ فَقَرَأَ عَلَيْهِ، فَلَمَّا بَلَغَهَا تَبَرَّأَ مِنْهَا جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَقَالَ: مَعَاذَ اللّٰهِ مِنْ هَاتَيْنِ، مَا أَنْزَلَهُمَا رَبِّي وَلَا أَمَرَنِي بِهِمَا رَبُّكَ، فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَقَّ عَلَيْهِ، وَقَالَ: أَطَعْتُ الشَّيْطَانَ وَتَكَلَّمْتُ بِكَلَامِهِ وَشَرَكَنِي فِي أَمْرِ اللّٰهِ فَنَسَخَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مَا أَلْقَى الشَّيْطَانُ، وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ: (وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَسُولٍ وَلَا نَبِيٍّ إِلَّا إِذَا

پیش کی اور ان لوگوں سے شیطان نے ہی یہ بات کی کہ رسول کریم ﷺ نے اس کو سجدہ میں پڑھا ہے۔ پس اُنہوں نے اپنے معبودوں کی تعظیم میں سجدہ کیا۔ پس یہ بات لوگوں میں عام ہوگئی حالانکہ اس کا اظہار کرنے والا فقط شیطان تھا یہاں تک کہ حبشہ تک پہنچ گئی۔ پس جب حضرت عثمان بن مظعون، حضرت عبداللہ بن مسعود اور ان کے مکی ساتھیوں نے سنی، مکہ والوں کے حوالے سے کہ لوگ مسلمان ہو گئے ہیں اور انہوں نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی ہے اور ان کو ولید بن مغیرہ کے ہاتھوں پر مٹی اُٹھا کر سجدہ کرنے کا پتہ بھی چلا تو اُنہوں نے واپس آنے میں جلدی کی۔ رسول کریم ﷺ پر یہ چیز بڑی گراں گزری، پس جب شام ہوئی تو حضرت جبریل علیہ السلام، آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور شکایت کی۔ پس حضرت جبریل علیہ السلام نے پڑھنے کو کہا تو آپ نے پڑھا، پس جب آپ اس تک پہنچے تو جبریل نے ان سے برأت کا اظہار کر لیا اور بولے: ان دو جملوں سے خدا کی پناہ! میرے رب نے ان کو نازل نہیں کیا اور نہ تیرے رب نے مجھے حکم دیا۔ پس جب رسول کریم ﷺ نے یہ بات دیکھی تو آپ کو گراں گزری۔ فرمایا: کیا میں نے شیطان کا کہا مانا ہے اور اس کی کلام کی ہے اور اللہ کے معاملہ میں وہ میرے ساتھ شریک ہوگیا ہے، پس مٹا دی اللہ نے وہ چیز جو شیطان نے ڈالی تھی اور آپ ﷺ پر یہ آیات نازل فرمائیں: ''اور ہم نے تم سے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجا اور نہ نبی مگر جب اس نے پڑھا تو شیطان نے اس کے پڑھنے

تَمَنَّى أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَّتِهِ فَيَنْسَخُ اللَّهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللَّهُ آيَاتِهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ لِيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ فِتْنَةً لِلَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ وَالْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُمْ وَإِنَّ الظَّالِمِينَ لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ) (الحج: 52) ، فَلَمَّا بَرَّأَهُ اللَّهُ مِنْ سَجْعِ الشَّيْطَانِ وَفِتْنَتِهِ، انْقَلَبَ الْمُشْرِكُونَ بِضَلَالِهِمْ وَعَدَاوَتِهِمْ، وَبَلَغَ الْمُسْلِمِينَ مِمَّنْ كَانَ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ وَقَدْ شَارَفُوا مَكَّةَ، فَلَمْ يَسْتَطِيعُوا الرُّجُوعَ مِنْ شِدَّةِ الْبَلَاءِ الَّذِي أَصَابَهُمْ وَالْجُوعِ وَالْخَوْفِ، خَافُوا أَنْ يَدْخُلُوا مَكَّةَ فَيُبْطَشَ بِهِمْ، فَلَمْ يَدْخُلْ رَجُلٌ مِنْهُمْ إِلَّا بِجِوَارٍ، وَأَجَارَ الْوَلِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُونٍ، فَلَمَّا أَبْصَرَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ الَّذِي لَقِيَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ مِنَ الْبَلَاءِ، وَعُذِّبَتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ بِالنَّارِ وَبِالسِّيَاطِ، وَعُثْمَانُ مُعَافًى لَا يُعْرَضُ لَهُ رَجَعَ إِلَى نَفْسِهِ فَاسْتَحَبَّ الْبَلَاءَ عَلَى الْعَافِيَةِ، وَقَالَ: أَمَا مَنْ كَانَ فِي عَهْدِ اللَّهِ وَذِمَّتِهِ وَذِمَّةِ رَسُولِهِ الَّذِي اخْتَارَ لِأَوْلِيَائِهِ مِنْ أَهْلِ الْإِسْلَامِ، وَمَنْ دَخَلَ فِيهِ فَهُوَ خَائِفٌ مُبْتَلًى بِالشِّدَّةِ وَالْكَرْبِ عَمَدَ إِلَى الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ فَقَالَ: يَا ابْنَ عَمِّ، قَدْ أَجَرْتَنِي فَأَحْسَنْتَ جِوَارِي، وَإِنِّي أُحِبُّ أَنْ تُخْرِجَنِي إِلَى عَشِيرَتِكَ فَتَبْرَأَ مِنِّي بَيْنَ أَظْهُرِهِمْ، فَقَالَ لَهُ

عثمان بن مظعون الجمحي

میں ڈال دیا تو اللہ اسے مٹا دیتا ہے جو شیطان ڈالتا ہے' پھر اللہ اپنی آیتوں کو پکا کر دیتا ہے اور اللہ خوب جاننے والا حکمت والا ہے تاکہ اللہ اس کو جو شیطان ڈالتا رہا ہے ان لوگوں کے لیے آزمائش بنا دے جن کے دلوں میں بیماری ہے اور جن کے دل سخت ہیں اور بے شک ظلم کرنے والے ضرور دُور کے جھگڑے میں ہیں''۔ پس جب اللہ تعالیٰ نے سجع شیطان اور اس کے فتنہ سے برأت کا اظہار فرمایا تو مشرکین دوبارہ گمراہی اور دشمنی کی طرف لوٹ گئے اور جب یہ بات حبشہ والوں کو پہنچی تو وہ مکہ کے قریب پہنچ چکے تھے۔ پس اب وہ واپس نہیں لوٹ سکتے تھے۔ سخت آزمائش' بھوک اور خوف کی وجہ سے کہ وہ مکہ میں داخل ہوئے تو ان کو پکڑ لیا جائے۔ پس ان میں سے کوئی آدمی مکہ میں داخل نہ ہوا' البتہ مضافات میں اُتر گئے جبکہ حضرت عثمان بن مظعون کو ولید بن مغیرہ نے پناہ دی۔ پس جب حضرت عثمان بن مظعون نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے صحابہ کو آزمائش میں مبتلا دیکھا اور یہ دیکھا کہ ان میں سے ایک گروہ کو آگ اور کوڑوں سے تکالیف میں ڈالا گیا ہے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ عافیت میں ہیں' انہیں کوئی آزمائش نہیں آئی تو اُنہوں نے اس پر غور و فکر کیا۔ پس اُنہوں نے عافیت والی زندگی پر آزمائش والی زندگی کو پسند کیا اور کہا: بہرحال جو اللہ کے عہد اور ذمہ میں اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذمہ میں ہے جس نے اپنے اہل اسلام دوستوں اور اسلام میں داخل ہونے والوں کیلئے پسند کیا ہے کہ وہ خوف میں ہوں اور سختی اور مصیبت میں مبتلا ہوں تو

الْوَلِيدُ: ابْنَ أَخِي، لَعَلَّ أَحَدًا آذَاكَ وَشَتَمَكَ وَأَنْتَ فِي ذِمَّتِي فَأَنْتَ تُرِيدُ مَنْ هُوَ أَمْنَعُ لَكَ مِنِّي فَأَكْفِيكَ ذَلِكَ؟ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ مَا بِي ذَلِكَ، وَمَا اعْتَرَضَ لِي مِنْ أَحَدٍ، فَلَمَّا أَبَى عُثْمَانُ إِلَّا أَنْ يَتَبَرَّأَ مِنْهُ الْوَلِيدُ أَخْرَجَهُ إِلَى الْمَسْجِدِ وَقُرَيْشٌ فِيهِ كَأَحْفَلِ مَا كَانُوا، وَلَبِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ الشَّاعِرُ يُنْشِدُهُمْ، فَأَخَذَ الْوَلِيدُ بِيَدِ عُثْمَانَ فَأَتَى بِهِ قُرَيْشًا، فَقَالَ: إِنَّ هَذَا غَلَبَنِي وَحَمَلَنِي عَلَى أَنْ أَبْرَأَ إِلَيْهِ مِنْ جِوَارِي، أُشْهِدُكُمْ أَنِّي مِنْهُ بَرِيءٌ، فَجَلَسَا مَعَ الْقَوْمِ، وَأَخَذَ لَبِيدُ يُنْشِدُهُمْ، فَقَالَ:

(البحر الطويل)

أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلُ

فَقَالَ عُثْمَانُ: صَدَقْتَ، ثُمَّ إِنَّ لَبِيدَ أَنْشَدَهُمْ تَمَامَ الْبَيْتِ:

وَكُلُّ نَعِيمٍ لَا مَحَالَةَ زَائِلُ

فَقَالَ: كَذَبْتَ فَأَسْكَتَ الْقَوْمُ وَلَمْ يَدْرُوا مَا أَرَادَ بِكَلِمَتِهِ ثُمَّ أَعَادَهَا الثَّانِيَةَ وَأَمَرَ بِذَلِكَ، فَلَمَّا قَالَهَا قَالَ مِثْلَ كَلِمَتِهِ الْأُولَى وَالْآخِرَةِ صَدَّقَهُ مَرَّةً، وَكَذَّبَهُ مَرَّةً، وَإِنَّمَا يُصَدِّقُهُ إِذَا ذَكَرَ كُلَّ شَيْءٍ يَفْنَى وَإِذَا قَالَ: كُلُّ نَعِيمٍ ذَاهِبٌ كَذَّبَهُ عِنْدَ ذَلِكَ: إِنَّ نَعِيمَ أَهْلِ الْجَنَّةِ لَا يَزُولُ، نَزَعَ عِنْدَ ذَلِكَ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ فَلَطَمَ عَيْنَ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ فَاخْضَرَّتْ مَكَانَهَا،

اُنہوں نے ولید بن مغیرہ کی طرف جانے کا ارادہ فرمایا' اس سے جا کر کہا: اے چچا کے بیٹے! تُو نے مجھے پناہ دی اور خوبصورت پناہ دی۔ میں پسند کرتا ہوں کہ تُو مجھے اپنے قریبی رشتہ داروں کے پاس جانے دے! جب میں ان کے درمیان ہوں گا تو تُو مجھ سے بری ہوگا۔ ولید نے اس سے کہا: اے میرے بھائی کے بیٹے! ممکن ہے کوئی تجھے تکلیف دے' تجھے گالی نکالے جبکہ تو میرے ذمہ میں ہے' کیا تُو ان کے پاس جانا چاہتا ہے جو مجھ سے زیادہ تیرا دفاع کر سکتے ہیں' پس کیا میں تجھے ان چیزوں کی طرف سے کافی نہیں ہوں۔ کہنے لگے: نہیں! قسم بخدا! کوئی ایسا نہیں ہے' مجھے اور جو چیز مجھے کسی سے پیش آئے۔ پس جب حضرت عثمان نے ولید کے بری ہونے کے علاوہ ہر صورت سے انکار کر دیا تو ولید انہیں مسجد میں لے کر گیا' جبکہ قریش وہاں اکٹھے ہو کر بیٹھے تھے اور لبید بن ربیعہ شاعر شعر کہہ رہا تھا تو ولید' عثمان رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر قریشیوں کے سامنے لایا اور کہا: بے شک یہ آدمی مجھ پر غالب آ گیا اور اس نے مجھے مجبور کر دیا کہ میں اس کو پناہ دینے سے اپنی برأت کا اظہار کر دوں' میں تمہیں گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میں اس سے بَری ہوں۔ پس وہ دونوں قوم کے ساتھ بیٹھ گئے اور لبید نے شعر کہنا شروع کر دیئے۔ پس اس نے کہا: (بحر کامل)

''خبردار! اللہ کے سوا ہر چیز باطل ہے''۔

تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: تُو نے سچ کہا۔

پھر لبید نے شعر کو مکمل کیا:

فَقَالَ الْوَلِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ وَأَصْحَابُهُ: قَدْ كُنْتَ فِي ذِمَّةٍ مَانِعَةٍ مَمْنُوعَةٍ، فَخَرَجْتَ مِنْهَا إِلَى هَذَا، وَكُنْتَ عَمَّا لَقِيتَ غَنِيًّا، ثُمَّ ضَحِكُوا، فَقَالَ عُثْمَانُ: بَلْ كُنْتُ إِلَى هَذَا الَّذِي لَقِيتُ مِنْكُمْ فَقِيرًا، وَعَيْنِي الَّتِي لَمْ تُلْطَمْ إِلَى مِثْلِ هَذَا الَّذِي لَقِيَتْ صَاحِبَتُهَا فَقِيرَةٌ، لِي فِيمَنْ هُوَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْكُمْ أُسْوَةٌ، فَقَالَ لَهُ الْوَلِيدُ: إِنْ شِئْتَ أَجَرْتُكَ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ: لَا أَرَبَ لِي فِي جِوَارِكَ

''اور ہر نعمت کرنے والا لازمی طور پر ختم ہونے والا ہے''۔

کہا: تُو نے جھوٹ بولا' پس قوم پر خاموشی طاری ہو گئی لیکن وہ بات نہ سمجھ سکے کہ اس نے یہ کہنے سے کیا ارادہ کیا ہے' پھر اس نے یہ شعر دوسری بار کہے اور اس کے ساتھ حکم دیا۔ پس جب اس نے پہلا جملہ کہا تو آپ نے اس کی تصدیق کی اور جب اس نے دوسرا جملہ کہا تو اس کی تکذیب کی لیکن جب اس نے کہا: ہر شی فنا ہونے والی ہے تو آپ نے اس کی تصدیق کی' اور جب اس نے کہا: ہر نعمت کرنے والا' جانے والا ہے تو اس وقت آپ رضی اللہ عنہ نے اس کی تکذیب کی۔ (اور کہا کہ) بے شک جنتیوں کی نعمتیں ختم ہونے والی نہیں ہیں۔ یہ بات کہنے کے وقت قریشیوں میں سے ایک آدمی نکلا اور اُس نے حضرت عثمان بن مظعون کی آنکھ پر طمانچہ مارا تو وہ اسی وقت سیاہ ہو گئی۔ ولید بن مغیرہ اور اس کے ساتھیوں نے کہا: تحقیق تُو روکنے والے' روکے گئے ذمہ میں تھا تو تُو اس حالت کی طرف نکلا جبکہ تُو اس سے بے پرواہ تھا جس سے تُو ملا ہے' پھر سارے ہنس پڑے تو حضرت نے کہا: میں محتاج تھا اس صورت کی طرف تمہاری طرف سے جس سے میں ملا ہوں اور میری وہ آنکھ جس پر طمانچہ نہیں لگا' محتاج ہے اس آنکھ کی جس پر طمانچہ لگا ہے' تمہاری طرف سے یہ رویہ مجھے پسند ہے۔ ولید نے آپ سے کہا: اگر آپ چاہیں تو میں دوبارہ تمہیں پناہ دوں۔ آپ نے فرمایا: تمہاری پناہ کی مجھے کوئی ضرورت نہیں۔

**8238-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَمَّا مَاتَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ قَالَتِ امْرَأَتُهُ: هَنِيئًا لَكَ الْجَنَّةُ فَنَظَرَ إِلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظْرَةَ غَضْبَانٍ، فَقَالَ: وَمَا يُدْرِيكِ؟ فَقَالَتْ: فَارِسُكَ وَصَاحِبُكَ، فَقَالَ رَسُولُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاللّٰهِ مَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي فَاشْتَدَّ ذَلِكَ عَلَى أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قَوْلِهِ لِعُثْمَانَ، وَهُوَ مِنْ أَفْضَلِهِمْ، فَلَمَّا مَاتَتْ رُقَيَّةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَقِي بِسَلَفِنَا عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب حضرت عثمان بن مظعون کا وصال ہوا تو ان کی بیوی نے کہا: آپ کو جنت مبارک ہو! (آپ وہاں پرسکون سے رہیں)' تو نبی کریم ﷺ نے ان کی طرف غصے کی نظر سے دیکھا۔ فرمایا: تجھے کیا معلوم؟ اس نے عرض کی: آپ کے شاہسوار اور آپ کے صحابی تھے (ابھی جنتی نہ ہوں گے)۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: قسم بخدا! میں اٹکل پچو (اندازے اور اپنی عقل) سے نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا ہوگا۔ پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے حوالے سے آپ کی یہ بات صحابہ کرام پر گراں گزری کیونکہ وہ ان پر فضیلت رکھنے والے تھے۔ پس جب حضرت رقیہ بنت رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا تو فرمایا: ہمارے پہلے جانے والوں یعنی حضرت عثمان بن مظعون سے مل جاؤ۔

**8239-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْعَلَاءِ، عَنِ ابْنِ أَنْعُمَ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ مَسْعُودٍ الْكِنْدِيَّ، قَالَ: أَتَى عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي

حضرت سعد بن مسعود الکندی فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! میں شرم محسوس کرتا ہوں کہ میری بیوی میری شرمگاہ دیکھے' آپ ﷺ نے فرمایا: کیوں؟ تجھے اس کے لیے لباس اور اُسے تیرے لیے لباس



---

8238- قال في المجمع جلد 9صفحه302' ورجاله ثقات وفي بعضهم خلاف . وقال جلد 3صفحه17' رواه أحمد رقم الحديث: 2127' وفيه على بن زيد وفيه كلام وهو موثق . ورواه ابن سعد (290/1/3)' وابن عبد البر في الاستيعاب جلد3صفحه1055-1056) .

8239- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 10471' قال في المجمع جلد4صفحه294' وفيه يحيى بن العلاء وهو متروك .

أَسْتَحْيِي أَنْ يَرَى أَهْلِي عَوْرَتِي، قَالَ: وَلِمَ؟ وَقَدْ جَعَلَكَ لَهُمْ لِبَاسًا وَجَعَلَهُمْ لَكَ لِبَاسًا، قَالَ: أَكْرَهُ ذَلِكَ، قَالَ: فَإِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ مِنِّي وَأَرَاهُ مِنْهُمْ، قَالَ: أَنْتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَنَا، قَالَ: أَنْتَ؟ فَمَنْ بَعْدَكَ إِذًا؟ قَالَ: فَلَمَّا أَدْبَرَ عُثْمَانُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُونٍ لَحَيِيٌّ سِتِّيرٌ

بنایا گیا ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں تو یہ ناپسند کرتا ہوں کہ میں اس کی شرمگاہ دیکھوں اور وہ میری شرمگاہ دیکھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو اللہ کا رسول ہے یا میں ہوں؟ عرض کی: آپ اللہ کے رسول ہیں' آپ کے سوا کون ہوسکتا ہے؟ راوی کہتا ہے: پس جب حضرت عثمان چلے گئے تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک عثمان بن مظعون حیاؤں والا اور زیادہ پردہ کرنے والا ہے۔

**8240-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، وَعُمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: دَخَلَتِ امْرَأَةُ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ - اسْمُهَا خَوْلَةُ بِنْتُ حَكِيمٍ - عَلَى عَائِشَةَ وَهِيَ بَاذَّةُ الْهَيْئَةِ فَسَأَلَتْهَا: مَا شَأْنُكِ؟ قَالَتْ: زَوْجِي يَقُومُ اللَّيْلَ وَيَصُومُ النَّهَارَ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذَلِكَ لَهُ عَائِشَةُ، فَلَقِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُثْمَانَ فَقَالَ: يَا عُثْمَانُ إِنَّ الرَّهْبَانِيَّةَ لَمْ تُكْتَبْ عَلَيْنَا، أَمَا لَكَ فِيَّ أُسْوَةٌ، فَوَاللّٰهِ إِنَّ أَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ وَأَحْفَظَكُمْ لِحُدُودِهِ لَأَنَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضرت عثمان بن مظعون کی اہلیہ کے پاس آئی' ان کا نام خولہ بنت حکیم تھا' ان کی حالت خراب تھی' انہوں نے اس کے متعلق پوچھا تو حضرت خولہ نے عرض کی: میرا شوہر رات کو قیام کرتا ہے اور دن کو روزہ رکھتا ہے۔ حضور ﷺ گھر آئے تو آپ کی بارگاہ میں یہ بات عرض کی گئی' حضور ﷺ حضرت عثمان سے ملے تو فرمایا: اے عثمان! رہبانیت ہم پر فرض نہیں ہے' میری زندگی تم حضرات کے لیے نمونہ ہے' اللہ کی قسم! میں تم سے زیادہ اللہ سے ڈرتا ہوں اور اللہ کی حدود کی حفاظت کرتا ہوں۔



---

8240- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 10375' أحمد جلد5صفحه268,226,106' والبزار (جلد 2صفحه126 زوائد البزار)' وروى أبو داؤد بعضه رقم الحديث:1356' قال في المجمع جلد4صفحه301' وأسانيد أحمد رجالها ثقات الا أن طريق ان أخشاكم اسندها أحمد ووصلها البزار برجال ثقات .

# مَا أَسْنَدَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُون

# حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

حضرت ابوالعلاء، حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ اور قریش کی ایک عورت سے روایت کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا: "اللّٰهم اغفرلی ذنوبی وخطئی وعمدی"۔

**8286-** وَقَالَ الْآخَرُ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَهْدِيكَ لِأَرْشَدِ أَمْرِي، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي

دوسرے نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دعا کرتے ہوئے سنا: ''اللّٰھم انی استھدیك الی آخرہ''۔

**8287-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى الْعَطَّارُ، ثنا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، ثنا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَارِبَهَا وَبَائِعَهَا يَعْنِي الْخَمْرَ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے شراب پینے اور فوخت کرنے والے پر لعنت فرمائی۔

## كِلَابُ بْنُ أُمَيَّةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

## کلاب بن امیہ' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

**8288-** حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، ثنا أَبُو الْجُمَاهِرِ، ثنا خُلَيْدُ بْنُ دَعْلَجٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ كِلَابِ بْنِ أُمَيَّةَ، أَنَّهُ: لَقِيَ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ فَقَالَ: اسْتُعْمِلْتُ عَلَى عُشْرِ الْأُبُلَّةِ، فَقَالَ عُثْمَانُ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ يَدْنُو مِنْ خَلْقِهِ فَيَغْفِرُ لِمَنِ اسْتَغْفَرَ إِلَّا لِبَغِيٍّ بِفَرْجِهَا، أَوْ لِعَشَّارٍ

حضرت کلاب بن امیہ فرماتے ہیں کہ وہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ سے ملے' آپ نے فرمایا: تم کیسے آئے ہو؟ میں نے عرض کی: مجھے جزیہ والے اونٹوں پر عامل مقرر کیا ہے؟ حضرت عثمان نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ عزوجل کی رحمت اپنی مخلوق کے قریب ہوتی ہے' جو بخشش مانگتا ہے اس کو بخش دیا جاتا ہے سوائے زانیہ' زانی اور ناجائز ٹیکس لینے والے کو۔



---

8286- ورواه أحمد جلد4صفحه217,21 الا أنه قال وامرأة من قيس قال في المجمع جلد10صفحه177' ورجالهما رجال الصحيح .

8287- قال في المجمع جلد5صفحه73' وفيه عبد الله بن موسى العطار ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

## الْحَسَنُ بْنُ أَبِي الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

## حسن بن ابوالحسن، حضرت عثمان بن ابوالحسن سے روایت کرتے ہیں

**8289-** حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، أَنَّ وَفْدَ ثَقِيفٍ لَمَّا قَدِمُوا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْزَلَهُمُ الْمَسْجِدَ لِيَكُونَ أَرَقَّ لِقُلُوبِهِمْ، فَاشْتَرَطُوا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا يُحْشَرُوا، وَلَا يُعْشَرُوا، وَلَا يُجَبُّوا، وَلَا يُسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ مِنْ غَيْرِهِمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا خَيْرَ فِي دِينٍ لَيْسَ فِيهِ رُكُوعٌ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ ثقیف کا وفد حضور ﷺ کے پاس آیا، ان کو مسجد میں ٹھہرایا گیا، تاکہ ان تمام کے دل نرم ہوں، اُنہوں نے حضور ﷺ پر شرط لگائی کہ ان سے ٹیکس نہیں لیں گے، ان سے عشر نہ لیں گے، ان کے ختنے نہ کیے جائیں گے اور ان پر ان کے غیر کو عامل نہیں بنائیں گے، تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس دین میں کوئی خیر نہیں ہے جس میں رکوع (جھکنا) نہ ہو۔

**8290-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، وَأَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، وَدرانُ بْنُ سُفْيَانَ الْقَطَّانُ، قَالُوا: ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کی رحمت ہر رات آسمانِ دنیا کی طرف اُترتی ہے اور آواز دیتی ہے: ہے کوئی دعا مانگنے والا کہ اس کی دعا قبول کی جائے، ہے کوئی بخشش مانگنے والا کہ اس کو بخش دیا جائے۔



8289- ورواه أحمد جلد 4 صفحه 218، وأبو داؤد رقم الحديث: 3010، واختلف في سماع الحسن من عثمان كما قال المنذري .

8290- ورواه ابن خزيمة في كتاب التوحيد صفحه 135 .

سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَنْزِلُ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فِي كُلِّ لَيْلَةٍ فَيَقُولُ: هَلْ مِنْ دَاعٍ فَأَسْتَجِيبَ لَهُ؟ هَلْ مِنْ مُسْتَغْفِرٍ فَأَغْفِرَ لَهُ

**8291-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّ زِيَادًا، اسْتَعْمَلَ كِلَابَ بْنَ أُمَيَّةَ اللَّيْثِيَّ عَلَى الْأُبُلَّةِ، فَمَرَّ بِهِ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ، فَقَالَ: يَا أَبَا هَارُونَ، مَا يُجْلِسُكَ هُنَا؟ فَقَالَ: بَعَثَنِي هَذَا عَلَى الْأُبُلَّةِ، فَقَالَ: أَلَا أُحَدِّثُكَ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ دَاوُدَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ لِأَهْلِهِ فِي سَاعَةٍ مِنَ اللَّيْلِ: يَا آلَ دَاوُدَ قُومُوا فَصَلُّوا فَإِنَّ هَذِهِ سَاعَةٌ يُسْتَجَابُ فِيهَا الدُّعَاءُ إِلَّا لِسَاحِرٍ، أَوْ عَشَّارٍ فَرَكِبَ سَفِينَةً مَكَانَهُ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى زِيَادٍ فَاسْتَعْفَاهُ

حضرت حسن روایت فرماتے ہیں کہ زیاد نے کلاب بن امیہ لیثی کو قبیلہ اُبلّہ (بصرہ کے قریب ایک علاقہ ہے) پر عامل مقرر کیا' پس حضرت عثمان بن ابوالعاص ان کے پاس سے گزرے تو فرمایا: اے ابوہارون! اس جگہ تجھے کس چیز نے بٹھا رکھا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: اس نے مجھے اُبلّہ (بصرہ کے قریب ایک علاقہ ہے) پر (عامل بنا کر) بھیجا ہے۔ انہوں نے فرمایا: کیا میں تجھے ایک حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول کریم ﷺ سے سنی' آپ فرما رہے تھے کہ اللہ کے نبی حضرت داؤد علیہ السلام رات کی کسی گھڑی میں اپنے گھر والوں کو فرمایا کرتے تھے: اے داؤد کی آل! اُٹھو اور نماز پڑھو کیونکہ یہ وہ گھڑی ہے' جس میں دعا قبول ہوتی ہے مگر جادوگر اور ٹیکس لینے والے کی قبول نہیں ہوتی۔ وہ اسی جگہ کشتی پر سوار ہوئے پھر زیاد کے پاس واپس آ کر ان کا استعفیٰ دے دیا۔



8291- ورواه أحمد جلد4صفحه218,22' قال في المجمع جلد 3صفحه88' ورجال أحمد رجال الصحيح الا أن فيه على بن زيد وفيه كلام وقد وثق وقال جلد10صفحه153 رواه أحمد والبزار بنحوه . ورواه الطبراني بنحو لفظ أحمد ورجالهما رجال الصحيح غير على بن زيد وقد وثق وفيه ضعف . وقال المنذري في الترغيب جلد2صفحه125' واسناد أحمد فيه على بن زيد وبقية رواته محتج بهم في الصحيح وخاتلف في سماع الحسن من عثمان . ورواه في الأوسط (121 مجمع البحرين) قال في المجمع جلد10صفحه153' ورجاله رجال الصحيح .

**8292-** حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَامِرٍ، اسْتَعْمَلَ كِلَابَ بْنَ أُمَيَّةَ عَلَى الْأُبُلَّةِ، فَمَرَّ بِهِ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ، فَقَالَ لَهُ: مَا شَأْنُكَ؟ فَقَالَ: اسْتُعْمِلْتُ عَلَى الْأُبُلَّةِ، فَقَالَ: أَلَا أُخْبِرُكَ؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ فِي اللَّيْلِ سَاعَةً يُفْتَحُ فِيهَا أَبْوَابُ السَّمَاءِ فَيَقُولُ: هَلْ مِنْ سَائِلٍ أُعْطِيَهُ؟ هَلْ مِنْ دَاعٍ فَأَسْتَجِيبَ لَهُ؟ هَلْ مِنْ مُسْتَغْفِرٍ فَأَغْفِرَ لَهُ؟

حضرت عبداللہ بن عمار فرماتے ہیں کہ حضرت کلاب بن امیہ کو اُبلّہ کا عامل مقرر کیا گیا' ان کے پاس سے حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ گزرے' آپ نے فرمایا: کیا بات ہے کہ تم یہاں بیٹھے ہو؟ حضرت کلاب نے عرض کی: مجھے اُبلّہ پر مقرر کیا گیا ہے۔ فرمایا: کیا میں تجھے ایک حدیث سناؤں! اُنہوں نے عرض کی: کیوں نہیں! اُنہوں نے کہا: میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا کہ آپ فرما رہے تھے: رات میں ایک گھڑی ایسی ہوتی ہے جس میں آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں' اللہ فرماتا ہے: ہے کوئی سوال کرنے والا کہ میں اسے عطا کروں! ہے کوئی دعا کرنے والا کہ میں قبول کروں! ہے کوئی بخشش مانگنے والا کہ میں اسے بخش دوں۔

**8293-** قَالَ: وَإِنَّ دَاوُدَ خَرَجَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَقَالَ: لَا يَسْأَلُ اللّٰهَ اللَّيْلَةَ أَحَدٌ شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِلَّا سَاحِرٌ، أَوْ عَشَّارٌ فَرَكِبَ فِي قُرْقُورٍ فَأَتَى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَامِرٍ فَقَالَ: اقْبَلْ عَمَلَكَ فَإِنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ حَدَّثَنِي كَذَا وَكَذَا

فرمایا: حضرت داؤد ایک رات نکلے' فرمایا: رات کو جو کوئی اللہ سے مانگتا ہے اس کو دیا جاتا ہے سوائے جادوگر اور ناجائز ٹیکس لینے والے کے۔ وہ لمبی کشتی میں سوار ہو کر عبداللہ بن عامر کے پاس آئے اور کہا: اپنا کام سنبھال! کیونکہ حضرت عثمان بن ابوالعاص نے مجھے اس طرح کی حدیث سنائی ہے۔

**8294-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ مِمَّا عَهِدَ إِلَيَّ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھ سے وعدہ لیا تھا کہ اذان پڑھنے کی اُجرت نہ لینا۔

8294- رواه ابن أبي شيبة في المصنف جلد 1 صفحه 228 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا آخُذَ عَلَى الْأَذَانِ أَجْرًا

**8295-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ آخِرُ مَا عَهِدَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ صَلِّ بِأَصْحَابِكَ صَلَاةَ أَضْعَفِهِمْ، فَإِنَّ فِيهِمُ الْكَبِيرَ وَالضَّعِيفَ وَذَا الْحَاجَةِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے جو آخری وعدہ لیا وہ یہ تھا: تو اپنے ساتھیوں کو نماز مختصراً پڑھانا کیونکہ ان میں کمزور' بزرگ اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔

**8296-** حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُورٍ، قَالَا: ثنا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ آخِرُ مَا عَهِدَ إِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلِّ بِأَصْحَابِكَ صَلَاةَ أَضْعَفِهِمْ، فَإِنَّ فِيهِمُ الْكَبِيرَ، وَالضَّعِيفَ، وَذَا الْحَاجَةِ، وَاتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لَا يَأْخُذُ عَلَى الْأَذَانِ أَجْرًا

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے آخری وعدہ لیا' فرمایا: اپنے دوستوں کو نماز پڑھا ایسی جو کمزور لوگوں والی ہو کیونکہ ان میں بوڑھے' کمزور اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں اور مؤذن بنا جو اذان پر اُجرت نہ لے۔

**8297-** حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُلَاثَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا جس وقت مجھے قبیلہ ثقیف کی طرف بھیجا: اے عثمان! نماز مختصر کروانا کیونکہ نماز میں کمزور' ضرورت مند اور حاملہ عورتیں اور دودھ پلانے والی بھی ہوتی ہیں' میں بھی بچہ کے رونے کی وجہ سے نماز مختصر



8295- رواه الحميدى رقم الحديث: 906 مختصرًا .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ بَعَثَنِي إِلَى ثَقِيفٍ: تَجَوَّزْ فِي الصَّلَاةِ يَا عُثْمَانُ، وَاقْدِرِ النَّاسَ بِأَضْعَفِهِمْ فَإِنَّ فِيهِمُ الضَّعِيفَ، وَذَا الْحَاجَةِ، وَالْحَامِلَ وَالْمُرْضِعَ، إِنِّي لَأَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فَأَتَجَوَّزُ

کرتا ہوں۔

**8298**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، عَنْ عُبَيْدَةَ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: إِنَّ آخِرَ مَا عَهِدَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا صَلَّيْتَ بِأَصْحَابِكَ فَصَلِّ بِهِمْ صَلَاةَ أَضْعَفِهِمْ فَإِنَّ فِيهِمُ الضَّعِيفَ، وَالْمَرِيضَ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے جو آخری وعدہ مجھ سے لیا وہ یہ تھا کہ جب تُو اپنے ساتھیوں کو نماز پڑھائے تو نماز مختصر پڑھانا کیونکہ ان میں کمزور اور مریض بھی ہوتے ہیں۔

**8299**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْحَرَّانِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ كَرِيزٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: دُعِيَ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ إِلَى خِتَانٍ فَأَبَى أَنْ يُجِيبَ، فَقِيلَ لَهُ: فَقَالَ: إِنَّا كُنَّا لَا نَأْتِي الْخِتَانَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا يُدْعَى إِلَيْهِ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کو ختنوں کی دعوت کے لیے بلایا گیا تو آپ نے قبول کرنے سے انکار کر دیا' فرمایا: ہم حضورﷺ کے زمانہ میں ختنوں والے کے پاس آتے تھے نہ اس کی دعوت دیتے تھے۔

**8300**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّقْرِ السُّكَّرِيُّ، ثنا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ سَهْلٍ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کو کھانے کی دعوت دی گئی' آپ سے



-8299 ورواه أحمد جلد 4صفحه217' وفيه محمد بن اسحاق وهو مدلس' وعند أحمد عن عبيد اللّٰه أو عبد اللّٰه ابن طلحة.

-8300 قال في المجمع جلد4صفحه60 فيه أبو حمزة العطار وثقه أبو حاتم وضعفه غيره.

الْمَازِنِيُّ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ الْعَطَّارِ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: دُعِيَ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ إِلَى طَعَامٍ فَقِيلَ: هَلْ تَدْرِي مَا هَذَا؟ هَذَا خِتَانُ جَارِيَةٍ، فَقَالَ: هَذَا شَيْءٌ مَا كُنَّا نَرَاهُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَبَى أَنْ يَأْكُلَ

عرض کی گئی: آپ جانتے ہیں کہ یہ کیا ہے؟ یہ بچوں کے ختنے کیے گئے ہیں' آپ نے فرمایا: یہ ایسی شی ہے کہ ہم نے حضور ﷺ کے زمانہ میں نہیں دیکھی' آپ نے کھانے سے انکار کر دیا۔

**8301-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَنْبَسَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: وُقِّتَ لِلنُّفَسَاءِ أَرْبَعِينَ يَوْمًا

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نفاس کی مدت دس دن مقرر کی گئی ہے۔

**8302-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: وُقِّتَ لِلنُّفَسَاءِ أَرْبَعُونَ يَوْمًا

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نفاس کی مدت دس دن مقرر کی گئی ہے۔

**8303-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، ثنا عَنْبَسَةُ الْغَنَوِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَقُولُ اللّٰهُ جَلَّ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے: ایک نیکی کا ثواب دس نیکیوں کے برابر ہے سوائے روزے کے کہ روزہ میرے لیے ہے' میں خود اس کی جزاء دوں گا۔



8301- قال في المجمع جلد1 صفحه 281' وفيه اسماعيل بن مسلم المكي وهو ضعيف .

8302- حبان بن علي وأشعث بن سوار ضعيفان .

8303- له شواهد .

ذِكْرُهُ: مَنْ عَمِلَ حَسَنَةً فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا، إِلَّا الصَّوْمُ فَإِنَّهُ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهِ

**8304**- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ عَنْبَسَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الصَّوْمُ جُنَّةٌ يَسْتَجِنُّ بِهَا الْعَبْدُ مِنَ النَّارِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: روزہ ڈھال ہے بندہ اس کے ذریعے جہنم سے ڈھال حاصل کرے گا۔

**8305**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَذُوعِيُّ الْقَاضِي، ثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى الْخَزَّازُ، ثنا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّ مَوْلًى لِعُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ سَأَلَهُ أَنْ يُعْطِيَهُ مَالًا يَتَّجِرُ فِيهِ وَالرِّبْحُ بَيْنَهُمَا، فَأَعْطَاهُ عِشْرِينَ أَلْفَ دِرْهَمٍ فَاشْتَرَى بِهِ خَمْرًا، ثُمَّ قَدِمَ بِهِ الْأُبُلَّةَ فَخَرَجَ إِلَيْهِ عُثْمَانُ فَلَمْ يَدَعْ مِنْهَا دَنًّا وَلَا غَيْرَهُ إِلَّا كَسَرَهُ، قَالَ عُثْمَانُ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَنَ الْخَمْرَ، وَشَارِبَهَا، وَمُشْتَرِيَهَا، وَبَائِعَهَا، وَعَاصِرَهَا، وَحَامِلَهَا

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کے غلام نے آپ سے تجارت کے لیے مال مانگا اور نفع ان دونوں کے درمیان برابر برابر۔ آپ نے بیس ہزار درہم دیئے آپ نے اس سے شراب خریدی پھر اُبلہ کی منڈی لے کر گئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اس کی طرف گئے آپ نے سب شراب والے برتن توڑ دیئے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ نے شراب پینے اور خریدنے اور فروخت کرنے والے اور نچوڑنے اور اُٹھانے والے پر لعنت فرمائی۔

## مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

## محمد بن سیرین حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

**8306**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے



8305- قال في المجمع جلد 4صفحه90 رواه الطبراني في الأوسط ( 168 مجمع البحرين) والكبير وفيه عبد الله

حَنْبَلٍ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، قَالَا: ثنا شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ، ثنا هَارُونُ الْأَهْوَازِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَفِتْنَةِ الْمَحْيَا وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰھم انی اعوذ بك الى آخره''۔

**8307-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْأَخْرَمُ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ الْحَسَنِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا أَشْعَثُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، أَنَّهُ: كَانَ يَسْتَحِبُّ الصَّوْمَ فِي السَّفَرِ، وَيَقُولُ: إِنَّهَا كَانَتْ رُخْصَةً

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم سفر میں روزہ رکھنا پسند کرتے ہیں اور کہتے تھے۔ نہ رکھنے کی رخصت ہے۔

**8308-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْبَزَّازُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سفر میں روزہ نہ رکھنے کی رخصت ہے۔

---

ابن عيسى الخراز وهو ضعيف .

8307- قال في المجمع جلد3صفحه162' وفيه أحمد بن عبد الله بن الحسن العنبرى ولم أجد من ترجمه . قلت: وأشعث ضعيف .

8308- ورواه في الأوسط (136 مجمع البحرين)' قال في المجمع جلد3صفحه162' ورجاله ثقات . قلت: ابن لهيعة ضعيف . ورواه الطبراني في الأوسط (121 مجمع البحرين)' وقال: لم يروه عن هشام الا داؤد' به عبد الرحمن . قال شيخنا في الصحيحة جلد 3صفحه62' وهو ثقة من شيوخ مسلم' ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين' وابراهيم شيخ الطبراني هو ابن هاشم أبو اسحاق البيع البغوى' وهو ثقة' فالاسناد صحيح . لكن وقع لشيخنا سهو' وهو انكاره وجود الحديث في المعجم الكبير وهو فيه .

أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: الْإِفْطَارُ فِي السَّفَرِ رُخْصَةٌ

**8309-** حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَطَّارُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ الثَّقَفِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُفْتَحُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ نِصْفَ اللَّيْلِ فَيُنَادِي مُنَادٍ: هَلْ مِنْ دَاعٍ فَيُسْتَجَابَ لَهُ؟ هَلْ مِنْ سَائِلٍ فَيُعْطَى؟ هَلْ مِنْ مَكْرُوبٍ فَيُفَرَّجَ عَنْهُ؟، فَلَا يَبْقَى مُسْلِمٌ يَدْعُو بِدَعْوَةٍ إِلَّا اسْتَجَابَ اللّٰهُ لَهُ إِلَّا زَانِيَةٌ تَسْعَى بِفَرْجِهَا أَوْ عَشَّارٌ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: آدھی رات کو آسمان کے رحمت کے دروازے کھولے جاتے ہیں‘ ایک اعلان کرنے والا اعلان کرتا ہے: ہے کوئی دعا کرنے والا کہ اس کی دعا قبول کی جائے‘ ہے کوئی مانگنے والا کہ اس کو عطا کیا جائے‘ ہے کوئی مشکل میں پھنسا ہوا کہ اس کی تکلیف دور کی جائے‘ جو کوئی مسلمان دعا کرتا ہے تو اللہ اس کی دعا قبول کرتا ہے سوائے زانیہ اور ناجائز ٹیکس لینے والے کے۔

## ما اسند عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ أَبُو نَضْرَةَ الْمُنْذِرُ بْنُ مَالِكٍ أَبُو نَضْرَةَ الْمُنْذِرُ

## حضرت عثمان بن ابوالعاص کی روایت کردہ احادیث‘ ابونضر المنذر بن مالک ابونضرہ المنذر سے

**8310-** حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، قَالَ: أَتَيْنَا عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ يَوْمَ

حضرت ابونضرہ فرماتے ہیں: جمعہ کے دن ہم حضرت عثمان بن ابوالعاص کے پاس آئے تاکہ ہم اپنے مصحف کو ان کے مصحف پر پیش کر کے اس کے مطابق کریں‘ پس جب نماز کا وقت ہوا تو انہوں نے ہمیں حکم دیا‘ ہم غسل کر



---

8310- ورواه أحمد جلد 4صفحة216-217‘ قال في المجمع جلد 7صفحة342‘ وفي علي بن زيد وفيه ضعف وقد وثق وبقية رجالهما رجال الصحيح .

جُمُعَةٍ لِنَعْرِضَ عَلَى مُصْحَفِهِ مُصْحَفًا لَنَا، فَلَمَّا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ أَمَرَنَا فَاغْتَسَلْنَا، فَأَتَيْنَا الْمَسْجِدَ فَجَلَسْنَا إِلَى شَيْخٍ يُحَدِّثُ، فَلَمَّا جَاءَ عُثْمَانُ تَحَوَّلْنَا إِلَيْهِ، فَقَالَ عُثْمَانُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لِلْمُسْلِمِينَ ثَلَاثَةُ أَمْصَارٍ: مِصْرٌ مُلْتَقَى الْبَحْرَيْنِ، وَمِصْرٌ بِالْحِيرَةِ، وَمِصْرٌ بِالشَّامِ، فَيَفْزَعُ الْمُسْلِمُونَ ثَلَاثَةَ فَزَعَاتٍ، فَيَخْرُجُ الدَّجَّالُ فِي أَعْرَاضِ جَيْشٍ فَيَهْزِمُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، فَأَوَّلُ مِصْرٍ يَرِدُ الْمِصْرُ الَّذِي بِمُلْتَقَى الْبَحْرَيْنِ وَمَعَهُ سَبْعُونَ أَلْفًا عَلَيْهِمْ سِيجَانٌ وَأَكْثَرُ، تَبِعِهِ الْيَهُودُ وَالنِّسَاءُ، فَيَتَفَرَّقُ أَهْلُهُ ثَلَاثُ فِرَقٍ: فِرْقَةٌ تُقِيمُ تَقُولُ نَشَامَهُ فَيَنْظُرُ مَا هَذَا هُوَ، وَفِرْقَةٌ تَلْحَقُ بِالْأَعْرَابِ، وَفِرْقَةٌ تَلْحَقُ بِالْمِصْرِ الَّذِي يَلِيهِمْ، ثُمَّ يَأْتِي الشَّامَ فَيَلْتَجِءُ أَهْلُهُ إِلَى عَقَبَةِ أَفِيقٍ، فَيَبْعَثُونَ سَرْحًا لَهُمْ فَيُصَابُ سَرْحُهُمْ فَيَشْتَدُّ ذَلِكَ عَلَيْهِمْ، وَتُصِيبُهُمْ مَجَاعَةٌ شَدِيدَةٌ وَجَهْدٌ حَتَّى إِنَّ أَحَدَهُمْ لَيَحْرِقُ وَتَرَ قَوْسِهِ فَيَأْكُلُهُ، فَبَيْنَمَا هُمْ كَذَلِكَ إِذْ نَادَى مُنَادٍ مِنَ السَّحَرِ: أَيُّهَا النَّاسُ أَتَاكُمُ الْغَوْثُ، فَيَقُولُونَ: هَذَا صَوْتُ رَجُلٍ شَبْعَانُ، وَيَنْزِلُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ صَلَاةَ الْفَجْرِ، فَيَقُولُ لَهُ النَّاسُ: يَا رُوحَ اللّٰهِ تَقَدَّمْ فَصَلِّ بِنَا، فَيَقُولُ: إِنَّكُمْ مَعَاشِرُ



کے مسجد میں آئے۔ پس ہم ایک بزرگ کے پاس بیٹھ گئے جو حدیثیں بیان کر رہا تھا (یا گفتگو کر رہا تھا)' جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے تو ہم ان کی طرف ہو گئے' پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا' آپ ﷺ فرما رہے تھے: مسلمانوں کے تین شہر ہیں: (۱) دو سمندر ملنے کی جگہ ایک شہر (۲) حیرہ کے مقام پر (۳) شام میں۔ پس مسلمانوں کو تین گھبراہٹیں آئیں گی' پس دجال لمبے چوڑے لشکر میں نکلے گا' وہ مشرق کی طرف سے شکست دے گا' سب سے پہلا شہر جس میں وہ اُترے گا دو سمندروں کے ملنے کی جگہ ہے' ان کے ساتھ ستر ہزار کا لشکر ہو گا' ان کے سروں پر چادریں ہوں گی' اکثر اس کی پیروی کرنے والے یہودی اور عورتیں ہوں گی' پس اس کے رہنے والے تین حصوں میں بٹ جائیں گے: (۱) ایک گروہ وہیں مقیم ہو جائے گا' کہے گا: ہم اس سے لڑائی کریں گے' پس وہ دیکھے گا کہ کیا یہ وہ ہے؟ (۲) ایک گروہ دیہاتیوں سے مل جائے گا (شہر چھوڑ دے گا) (۳) ایک گروہ ساتھ والے شہر میں چلا جائے گا' پھر وہ دجال شام میں آئے گا' پس وہ افیق کے پیچھے پناہ لے گا' پس وہ اپنے جانوروں کے لیے اُٹھیں گے اور ان کے جانور مویشی ان کو مصیبت کا شکار کر دیں گے۔ پس یہ چیز ان پر سخت ہو جائے گی' ان کو سخت بھوک لگی ہو گی اور تھکاوٹ کا شکار ہوں گے یہاں تک کہ ان میں سے ایک آدمی اپنی کمان کی تانت جلائے گا اور اسے کھائے گا' وہ اسی حال پر ہوں گے جب ایک نداء دینے والا نداء دے گا'

ُتِهٖ مُحَمَّدٍ أُمَرَاءُ بَعْضُكُمْ عَلَى بَعْضٍ، فَتَقَدَّمْ أَنْتَ فَصَلِّ بِنَا فَيَتَقَدَّمُ الْأَمِيرُ فَيُصَلِّي بِهِمْ، فَيَأْخُذُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ حَرْبَتَهُ فَيَنْطَلِقُ نَحْوَ الدَّجَّالِ، فَإِذَا رَآهُ ذَابَ كَمَا يَذُوبُ الرَّصَاصُ، فَيَضَعُ حَرْبَتَهُ بَيْنَ ثَنْدُوَتِهِ فَيَقْتُلُهُ وَيَهْزِمُ أَصْحَابَهُ، فَلَيْسَ يَوْمَئِذٍ شَيْءٌ يُجِنُّ مِنْهُمْ أَحَدًا، حَتَّى إِنَّ الشَّجَرَةَ لَتَقُولُ: يَا مُؤْمِنُ هَذَا كَافِرٌ فَاقْتُلْهُ، وَيَقُولُ الْحَجَرُ: يَا مُؤْمِنُ هَذَا كَافِرٌ فَاقْتُلْهُ

سحری کا وقت ہوگا: اے لوگو! تمہارے پاس امدادی آ گیا! پس وہ کہیں گے: یہ آواز تو ایسے آدمی کی ہے جس کا پیٹ بھرا ہوا ہے! اور حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام فجر کی نماز کے وقت اُتریں گے، پس لوگ ان سے عرض کریں گے: اے روح اللہ! آگے ہو کر ہمیں نماز پڑھائیں! پس وہ ارشاد فرمائیں گے: تم لوگ اُمت محمدیہ کے ایسے گروہ ہو، جو ایک دوسرے پر امیر ہیں پس آپ آگے ہو کر ہمیں نماز پڑھائیں۔ پس مسلمانوں کا امیر آگے ہو کر ان کو نماز پڑھائے گا، پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنا جنگی سامان پکڑیں گے اور دجال کی طرف چل پڑیں گے (وہ اس وقت شام میں ہوگا) پس جب وہ آپ کو دیکھے گا تو پگھلے گا جیسے سیسہ پگھلتا ہے، پس آپ اپنا نیزہ اس کی چھاتی میں گھونپ دیں گے اور اسے قتل کر دیں گے، اس کے ساتھیوں کو شکست دیں گے۔ سو اس دن کوئی چیز انہیں نہیں چھپائے گی حتیٰ کہ درخت بھی بول کر کہے گا: اے مؤمن! یہ کافر ہے (میرے ساتھ چھپا ہوا ہے) اسے قتل کر دے! اور پتھر کہیں گے: اے مؤمن! یہ کافر ہے، اسے قتل کر دے۔

## أَبُو مُحْرِزٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

## ابومحرز، حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

**8311-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ

حضرت ابومحرز فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے پاس قبیلہ ثقیف



8311- لم يتكلم عليه في المجتمع جلد9صفحه371 .

أَبِي مُحْرِزٍ، أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ، وَفَدَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ نَاسٍ مِنْ ثَقِيفٍ، فَدَخَلُوا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا لَهُ: احْفَظْ عَلَيْنَا مَتَاعَنَا -أَوْ رِكَابَنَا -فَقَالَ: عَلَى أَنَّكُمْ إِذَا خَرَجْتُمِ انْتَظَرْتُمُونِي حَتَّى أَخْرُجَ مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَدَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلْتُهُ مُصْحَفًا كَانَ عِنْدَهُ، فَأَعْطَانِيهِ وَاسْتَعْمَلَنِي عَلَيْهِمْ، وَجَعَلَنِي إِمَامَهُمْ وَأَنَا أَصْغَرُهُمْ

کے وفد میں آئے' اُنہوں نے کہا: آپ ہمارے سامان اور سواریوں کی حفاظت کریں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: جب تم نکلو تو تم میرا رسول اللہ ﷺ کے پاس سے آنے کا انتظار کرنا۔ حضرت عثمان فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے آپ سے مصحف کا سوال کیا' جو آپ کے پاس تھا تو آپ نے عطا کیا' مجھے قبیلہ ثقیف پر امیر مقرر کیا اور مجھے امام مقرر کیا حالانکہ میں ان میں سب سے چھوٹا تھا۔

## عُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى

ابْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الدَّارِ بْنِ قُصَيٍّ الْحَجَبِيُّ أَسْلَمَ قَبْلَ الْفَتْحِ، وَأُمُّهُ أُمُّ سَعِيدٍ بِنْتِ شَهِيدٍ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ مِنْ أَهْلِ قُبَاءَ مِنَ الْأَنْصَارِ، أَسْلَمَ قَبْلَ الْفَتْحِ

## حضرت عثمان بن طلحہ بن ابوطلحہ بن عبدالعزیٰ رضی اللہ عنہ

ابن عثمان بن عبداللہ بن عبدالدار بن قصی حجبی' آپ فتح مکہ سے پہلے اسلام لائے' آپ کی والدہ کا نام: اُم سعید بنت شہید ہے وہ قبیلہ بنی عمرو بن عوف سے تھیں' اہل قباء کے انصار میں سے تھیں' وہ بھی فتح مکہ سے پہلے اسلام لائی تھیں۔

**8312-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: كَانَ إِسْلَامُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، وَخَالِدِ بْنِ

حضرت ابن اسحاق فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن عاص' خالد بن ولید اور عثمان بن طلحہ کا اسلام نجاشی کے پاس ہوا تھا' صفر کے مہینہ میں ۸ ہجری کو مدینہ آئے۔

الْوَلِيدِ، وَعُثْمَانَ بْنِ طَلْحَةَ عِنْدَ النَّجَاشِيِّ، فَقَدِمُوا إِلَى الْمَدِينَةِ فِي صَفَرٍ سَنَةَ ثَمَانٍ مِنَ الْهِجْرَةِ

## مِنْ أَخْبَارِهِ

**8313-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعُثْمَانَ بْنِ طَلْحَةَ يَوْمَ الْفَتْحِ: آتِنِي بِمِفْتَاحِ الْكَعْبَةِ، فَأَبْطَأَ عَلَيْهِ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يَنْتَظِرُهُ، حَتَّى إِنَّهُ لَيَتَحَدَّرُ مِنْهُ مِثْلُ الْجُمَانِ مِنَ الْعَرَقِ، وَيَقُولُ: مَا يَحِسُّهُ؟ فَسَعَى إِلَيْهِ رَجُلٌ، وَجَعَلَتِ الْمَرْأَةُ الَّتِي عِنْدَهَا الْمِفْتَاحُ -وَحَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: أُمُّ عُثْمَانَ- تَقُولُ: إِنَّهُ إِنْ أَخَذَهُ مِنْكُمْ لَمْ يُعْطِيكُمُوهُ أَبَدًا، فَلَمْ يَزَلْ بِهَا عُثْمَانُ حَتَّى أَعْطَتْهُ الْمِفْتَاحَ، وَانْطَلَقَ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَفَتَحَ الْبَابَ ثُمَّ دَخَلَ الْبَيْتَ، ثُمَّ خَرَجَ وَالنَّاسُ مَعَهُ فَجَلَسَ عِنْدَ السِّقَايَةِ، فَقَالَ لَهُ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَئِنْ كُنَّا أُوتِينَا النُّبُوَّةَ، وَأُعْطِينَا السِّقَايَةَ، وَأُعْطِينَا الْحِجَابَةَ، مَا قَوْمٌ

## آپ کی باتیں

حضرت امام زہری فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے دن عثمان بن طلحہ (کعبہ کے چابی بردار) سے فرمایا: کعبہ کی چابی مجھے لا دو! اس نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس چابی لانے میں دیر کر دی جبکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے اس کا انتظار کر رہے تھے حتیٰ کہ موتیوں کی مانند آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پسینے کے قطرے گرنے لگے فرما رہے تھے: کون اس کا پتہ بتائے گا؟ پس ایک آدمی اس کی طرف دوڑا۔ وہ عورت (میرا گمان ہے کہ عثمان کی ماں تھی) جس کے پاس چابی رکھی ہوئی تھی اس نے کہنا شروع کر دیا: اگر آج آپ نے تم سے چابی لے لی تو پھر تمہیں کبھی نہ دیں گے۔ عثمان لگاتار کہتا رہا: (چابی دو!) یہاں تک کہ اس نے چابی دے دی اور وہ لے کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف چل پڑا اس نے دروازہ کھولا پھر بیت اللہ میں داخل ہوا پھر نکلا جبکہ لوگ اس کے ساتھ تھے پس وہ سقایہ (جہاں حاجیوں کو پانی پلایا جاتا تھا) کے پاس بیٹھ گیا۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر ہمیں نبوت دی گئی



8313- قال في المجمع جلد 6 صفحه 177 رواه الطبراني مرسلًا ورجاله رجال الصحيح . والحديث رواه عبد الرزق رقم الحديث: 9073 . في نسخة المصنف لم يعطكموه وفي المخطوطة بأعظم نصيب .

بِأَعْظَمَ نَصِيبًا مِنَّا، قَالَ: وَكَأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرِهَ مَقَالَتَهُ، ثُمَّ دَعَا عُثْمَانَ بْنَ طَلْحَةَ فَدَفَعَ إِلَيْهِ الْمِفْتَاحَ، وَقَالَ: غَيِّبُوهُ، قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: فَحَدَّثْتُ بِهِ ابْنَ عُيَيْنَةَ، فَقَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ، أَحْسِبُهُ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ يَوْمَئِذٍ حِينَ كَلَّمَهُ فِي الْمِفْتَاحِ: إِنَّمَا أَعْطَيْتُكُمْ مَا تُرْزَءُونَ وَلَمْ أُعْطِكُمْ مَا تَرْزَءُونَ يَقُولُ: أَعْطَيْتُكُمُ السِّقَايَةَ لِأَنَّكُمْ تَغْرَمُونَ فِيهَا، وَلَمْ أُعْطِكُمُ الْبَيْتَ، أَيْ أَنَّهُمْ يَأْخُذُونَ مِنْ هَدِيَّتِهِ، هَذَا قَوْلُ عَبْدِ الرَّزَّاقِ

سقایہ بخشا گیا اور حجابہ سے نوازا گیا تو کوئی قوم ہم سے نصیب میں بڑی نہ ہوگی۔ راوی کا بیان ہے: گویا نبی کریم ﷺ کو ان کی گفتگو پسند نہ آئی۔ پھر آپ ﷺ نے عثمان بن طلحہ کو بلایا اور چابی اس کے حوالے کر دی' فرمایا: (اب) اسے چھپا لو! جناب عبدالرزاق کا قول ہے: میں نے یہ حدیث ابن عیینہ سے بیان کی تو اُنہوں نے کہا: مجھے ابن جریج نے خبر دی' میرا گمان ہے کہ اُنہوں نے ابن ابوملیکہ سے روایت کی کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس دن فرمایا جب انہوں نے چابی کے حوالے سے گفتگو کی: میں تمہیں وہ چیز دیتا ہوں جس سے تم کسی مصیبت میں پڑو لیکن تم لوگوں کو وہ چیز نہیں دیتا جس کی وجہ سے تمہیں کوئی تکلیف نہ ہو۔ فرما رہے تھے: میں نے تم کو ''سقایہ'' دیا کیونکہ تم اس میں ذمہ دار ہو' اگرچہ تم پر لازم نہیں لیکن تمہیں بیت اللہ نہ دیا' یعنی وہ اس کا ہدیہ وصول کرتے۔ یہ عبدالرزاق کا قول ہے۔

## مَا أَسْنَدَ عُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ

## حضرت عثمان بن طلحہ کی روایت کردہ احادیث

**8314**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ صَفِيَّةَ، عَنْ خَالِهِ، عَنْ أُمِّهِ، عَنِ امْرَأَةٍ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ، قَالَتْ: سَأَلْتُ عُثْمَانَ: لِمَ

حضرت منصور بن صفیہ' اپنے خالو سے وہ اپنی ماں سے' وہ بنوسلیم کی ایک عورت سے روایت کرتے ہیں' وہ کہتی ہے کہ میں نے عثمان سے پوچھا: کعبہ سے نکلنے کے بعد نبی کریم ﷺ نے تیری طرف پیغام کیوں بھیجا؟ پس اس

8314- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 9083' والحميدی رقم الحديث: 565' وأحمد جلد4صفحه68' جلد5صفحه380 وأبو داؤد رقم الحديث: 2014 الا أنه قال الأسلمية . والأزرقی جلد1صفحه147 .

أَرْسَلَ إِلَيْكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ خُرُوجِهِ مِنَ الْكَعْبَةِ؟ فَقَالَ: قَالَ لِي: رَأَيْتُ قَرْنَيِ الْكَبْشِ فَنَسِيتُ أَنْ آمُرَكَ أَنْ تُخَمِّرَهُمَا، فَإِنَّهُ لَا يَنْبَغِي أَنْ يَكُونَ فِي الْبَيْتِ شَيْءٌ يَشْغَلُ مُصَلِّيًا

نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: میں نے مینڈھے کے دو سینگ دیکھے پس میں تجھے کہنا بھول گیا کہ ان کو چھپا دو بیت اللہ میں کسی شی کا ہونا مناسب نہیں ہے ایسا نہ ہو کہ وہ نمازی کو نماز سے غافل کر دے۔

8315- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا الْعَلَاءُ بْنُ أَخْضَرَ الْعِجْلِيُّ الرَّامِ، ثنا مُسَافِعٌ الْحَجَبِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، أَنَّهُ: رَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي خَلْفَ الْأُسْطُوَانَةِ الْوُسْطَى مِنَ الْبَيْتِ رَكْعَتَيْنِ، وَفِي الْبَيْتِ -أَوْ قَالَ: الْكَعْبَةِ- ثَلَاثُ أَسَاطِينَ

حضرت مسافع حجبی اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خانۂ کعبہ کے درمیانی ستون کے پیچھے نماز پڑھتے دیکھا' اس وقت کعبہ کے تین ستون تھے۔

8316- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ طَلْحَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِي الْبَيْتِ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان بن طلحہ نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خانۂ کعبہ میں نماز پڑھی تھی۔



8315- قال في المجمع جلد3صفحه296' وفيه من لم أعرفه .

8316- ورواه أحمد جلد 3صفحه410' قال في المجمع جلد 3صفحه294 رجال أحمد رجال الصحيح' وقوى اسناده الحافظ في الفتح جلد1صفحه501' ورواه البيهقي جلد2صفحه328-329 .

## عُثْمَانُ بْنُ الْأَزْرَقِ

**8317-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِيُّ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الزِّيَادِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ هَارُونَ أَبُو قُرَّةَ، ثنا هِشَامُ بْنُ زِيَادٍ، ثنا عَمَّارُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: دَخَلَ عَلَيْنَا عُثْمَانُ بْنُ الْأَزْرَقِ الْمَسْجِدَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ، فَقَصَّرَ وَقَعَدَ فِي الْمَسْجِدِ، فَقُلْنَا: رَحِمَكَ اللّٰهُ، لَوْ كُنْتَ وَصَلْتَ إِلَيْنَا كَانَ أَرْفَقَ بِكَ، قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ تَخَطَّى رِقَابَ النَّاسِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ بَعْدَ خُرُوجِ الْإِمَامِ، أَوْ فَرَّقَ بَيْنَ اثْنَيْنِ كَانَ كَالْجَارِّ قَصَبَهُ فِي النَّارِ

## حضرت عثمان بن ازرق رضی اللہ عنہ

حضرت عمار بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ازرق جمعہ کے دن مسجد میں ہمارے پاس اس حالت میں آئے کہ امام خطبہ دے رہا تھا' آپ نے مختصر نماز پڑھی اور مسجد میں وہیں بیٹھ گئے' ہم نے عرض کی: اللہ آپ پر رحم کرے! اگر تو ہم سے مل جاتا تو تیرے لیے زیادہ مناسب تھا۔ اُنہوں نے کہا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ آپ فرما رہے تھے: جس نے جمعہ کے دن لوگوں کی گردنوں کو پھلانگا' امام کے منبر پر آنے کے بعد یا دو آدمیوں کو ایک دوسرے سے جدا کیا' جیسے خود کو ترجیح دینے والا یا کسی چیز کو گھسیٹنے والا تو اسے آگ میں کاٹا جائے گا۔

## عُثْمَانُ بْنُ عَمْرٍو الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

**8318-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ: عُثْمَانُ بْنُ عَمْرِو بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ سَوَّادٍ

## حضرت عثمان بن عمرو انصاری بدری رضی اللہ عنہ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت عثمان بن عمرو بن رفاعہ بن حارث بن سواد کا بھی ہے۔



---

8317- قال فی المجمع جلد2صفحه179' وفيه هشام بن زياد وقد أجمعوا على ضعفه .

# مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ

# عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ الْهُذَلِيُّ

يُكْنَى أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ حَلِيفُ بَنِي زُهْرَةَ بَدْرِيٌّ، وَكَانَ مِمَّنْ هَاجَرَ إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ الْهِجْرَةَ الْأُولَى

## ذِكْرُ نِسْبَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، وَسِنِّهِ وَوَفَاتِهِ، وَمِنْ أَخْبَارِهِ وَمَآثِرِهِ، وَكَلَامِهِ وَفُتْيَاهُ

**8319-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، قَالَ: أَمْلَى عَلَيَّ مُوسَى بْنُ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ نِسْبَةَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودِ بْنِ كَاهِلِ بْنِ حَبِيبِ بْنِ تَامِرِ بْنِ مَخْزُومِ بْنِ صَاهِلَةَ بْنِ كَاهِلِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ تَمِيمِ بْنِ سَعْدِ بْنِ هُذَيْلِ بْنِ مُدْرِكَةَ بْنِ إِلْيَاسَ بْنِ مُضَرَ بْنِ نِزَارٍ

**8320-** وحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ

# جن کا نام عبداللہ ہے

# حضرت عبداللہ بن مسعود ہذلی رضی اللہ عنہ

آپ کی کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے، بنوزہر کے حلیف ہیں، بدری ہیں، آپ نے پہلی ہجرت حبشہ کی سرزمین کی طرف کی۔

## حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے نسب اور آپ کی عمر اور وفات اور آپ کی خبریں اور اثر اور کلام اور فتنوں کے ذکر کے بیان میں

حضرت احمد بن رشدین مصری فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت موسیٰ بن عون بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود نے حضرت عبداللہ بن مسعود کا نسب املاء کروایا: حضرت عبداللہ بن مسعود بن کاہل بن حبیب بن تامر بن مخزوم بن صاہلہ بن کاہل بن حارث بن تمیم بن سعد بن ہذیل بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار۔

حضرت ابن اسحاق فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود بن حارث بن شمخ بن مخزوم بن صاہلہ بن حارث



---

8319- ورواه الحاكم جلد3صفحه312 .

8320- قال في المجمع جلد9صفحه287' ورجاله ثقات .

عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ شَمْخِ بْنِ مَخْزُومِ بْنِ صَاهِلَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ تَمِيمِ بْنِ هُذَيْلِ بْنِ مُدْرِكَةَ بْنِ إِلْيَاسَ بْنِ مُضَرَ بْنِ نِزَارِ بْنِ مَعْدِ بْنِ عَدْنَانَ حَلِيفُ بَنِي زُهْرَةَ شَهِدَ بَدْرًا

بن تمیم بن ھذیل بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان' بنی زہرہ کے حلیف ہیں اور آپ بدر میں شریک ہوئے تھے۔

**8321**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ فُسْتُقَةُ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ الصُّدَائِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ شَمْخِ بْنِ مَخْزُومِ بْنِ كَاهِلِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ سَعْدِ بْنِ هُذَيْلٍ مِنْ حُلَفَاءِ بَنِي زُهْرَةَ

حضرت ابن اسحاق فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود بن حارث بن شمخ بن مخزوم بن کاھل بن حارث بن سعد بن ہذیل' آپ بنی زہرہ کے حلیف تھے۔

**8322**- حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ وَيُكْنَى أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَهُوَ ابْنُ بِضْعٍ وَسِتِّينَ سَنَةً، وَفِي سَنَةِ اثْنَتَيْنِ وَثَلَاثِينَ بِالْمَدِينَةِ، وَأَوْصَى إِلَى الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، وَصَلَّى عَلَيْهِ وَدُفِنَ بِالْبَقِيعِ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا وصال ساٹھ سے زائد عمر میں ۳۲ ہجری کو مدینہ میں ہوا' آپ کی کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے' آپ نے حضرت زبیر بن عوام کو وصیت کی' حضرت زبیر نے آپ کی نمازِ جنازہ پڑھائی اور آپ کو بقیع میں دفن کیا گیا۔

**8323**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے میری کنیت ابوعبدالرحمٰن رکھی حالانکہ میری اولاد نہیں تھی۔

ذكر نسبة عبد الله بن مسعود وسنه ووفاته ومن اخباره

---

8321- ورواه الحاكم جلد3صفحه312 .

8322- ذكره في المجمع جلد9صفحه291 .

8323- ورواه الحاكم جلد3صفحه313' قال في المجمع جلد8صفحه56 ورجاله رجال الصحيح .

هَاشِمٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَنَّاهُ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَلَمْ يُولَدْ لَهُ

**8324-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ لَقَدْ: رَأَيْتُنِي سَادِسَ سِتَّةٍ مَا عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ مُسْلِمٌ غَيْرُنَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اسلام لانے والوں میں چھٹے نمبر پر تھا' ہم چھ کے علاوہ کوئی مسلمان نہیں تھا۔

## صِفَةُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ

## حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا حلیہ

**8325-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يَغْسِلُ رَأْسَهُ ثُمَّ يَتْرُكُ شَعْرَهُ مِنْ وَرَاءِ أُذُنَيْهِ

حضرت ہبیرہ بن یریم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے سر کو دھوتے' پھر اپنے بال اپنے دونوں کانوں کے پیچھے چھوڑتے تھے۔

**8326-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو کھیلتے دیکھا۔

8324- ورواه البزار جلد 1 صفحه303' قال في المجمع جلد 9صفحه287' ورجالهما رجال الصحيح . ورواه الحاكم جلد3صفحه313' وصححه ووافقه الذهبي . ورواه أبو نعيم في الحلية جلد 1 صفحه126 .

8325- قال في المجمع جلد5صفحه165' ورجاله ثقات .

8326- قال في المجمع جلد9صفحه291' ورجاله رجال الصحيح' الا أن فيه نظيفًا بد قصفًا .

إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: رَأَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ قَصَفًا

**8327-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي ذُبَابٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ لَهُ ضَفِيرَتَانِ، عَلَيْهِ مِسْحَةُ أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ، وَكَانَ دَقِيقَ السَّاقَيْنِ

حضرت ابومعمر فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی دو مینڈھیاں تھیں' آپ پر جاہلیت والوں کا حسن تھا' دونوں پنڈلیاں پتلی تھیں۔

## مِنْ مَنَاقِبِ ابْنِ مَسْعُودٍ

## حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے مناقب

**8328-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: ذَكَرْنَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو: إِنَّ ذَلِكَ رَجُلٌ لَا أَزَالُ أُحِبُّهُ بَعْدَ شَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اقْرَءُوا الْقُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةِ نَفَرٍ، مِنَ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ، فَبَدَأَ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرو کے پاس حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ذکر ہوا' حضرت عبداللہ بن عمرو نے فرمایا کہ اس آدمی سے میں محبت کرتا ہوں گا' اس شی کے بعد جو میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنی کہ قرآن چار آدمیوں سے پڑھو: عبداللہ بن مسعود' ابتداءً آپ کا نام لیا' اُبی بن کعب سے' ابوحذیفہ کے غلام حضرت سالم اور حضرت معاذ بن جبل سے۔



---

8327- قال فی المجمع جلد 5صفحه165' وفيه عبد الرحمٰن ابن أبی ذناب ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات . قلت: ليس فی اسناده عبد الرحمٰن هذا' بل ابنه وهو صدوق يهم .

8328- ورواه أحمد رقم الحديث: 6767,6523' والبخاری رقم الحديث: 5999,3808,3806,3760,3758' ومسلم رقم الحديث:2464' والترمذی رقم الحديث:3898' وأبو داؤد الطيالسی رقم الحديث:1894 .

بِهِ، وَمِنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَمِنْ سَالِمٍ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ، وَمِنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ

**8329**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَقْرِئُوا الْقُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةٍ: مِنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَعَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، وَسَالِمٍ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ

حضرت مسروق روایت فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرو فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن چار آدمیوں سے پڑھو: عبداللہ بن مسعود' ابتداءً آپ کا نام لیا' اُبی بن کعب سے' ابوحذیفہ کے غلام حضرت سالم اور حضرت معاذ بن جبل سے۔

**8330**- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ الْكُوفِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اقْرَءُوا الْقُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةٍ: مِنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَبَدَأَ بِهِ، وَمِنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَسَالِمٍ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ

حضرت عبداللہ بن عمرو فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قرآن چار آدمیوں سے پڑھو: عبداللہ بن مسعود' ابتداءً آپ کا نام لیا' اُبی بن کعب سے' ابوحذیفہ کے غلام حضرت سالم اور حضرت معاذ بن جبل سے۔

## بَابٌ

## باب

**8331**- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ،

حضرت ابوعبیدہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ

---

8331- ورواه أحمد رقم الحديث: 3662' وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه وكذلك رواه أحمد رقم الحديث: 4165,3797' ورواه أبو نعيم في الحلية جلد 1 صفحه 127 .

ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ أَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، فَمَرُّوا عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ وَهُوَ يُصَلِّي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ، سَلْ تُعْطَهْ قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فَاسْتَبَقْتُ أَنَا وَأَبُو بَكْرٍ فَمَا اسْتَبَقْنَا إِلَى خَيْرٍ إِلَّا سَبَقَنِي إِلَيْهِ فَبَشَّرَهُ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَا أَدْرِي إِلَّا أَنَّ مِنْ دُعَائِي الَّذِي لَا أَكَادُ أَنْ أَدَعَهُ فِي صَلَاتِي: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ نَعِيمًا لَا يَنْفَدُ، وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَا تَبِيدُ، وَمُرَافَقَةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَعْلَى جَنَّةِ الْخُلْدِ

رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ گزرے' ابوبکر وعمر بھی آپ ﷺ کے ساتھ تھے' پس وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے تو وہ نماز پڑھ رہے تھے' رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے اُمِ عبد کے بیٹے! سوال کر' تجھے عطا کیا جائے گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور ابوبکر آگے ہوئے' ہم دونوں نے جس بھلے کام کی طرف سبقت کی تو ابوبکر مجھ سے آگے نکل گئے' اُنہوں نے بشارت دی۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں مگر وہی میری دعا جو میں اپنی نماز میں کم ہی چھوڑتا ہوں: ''اللّٰهم انی اسألك الٰی آخره''۔

8332- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، سَمِعَ أَبَا عُبَيْدَةَ يَذْكُرُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ هُوَ وَأَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، كَانَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ دَعَاهُمْ فَخَرَجُوا مِنْ مَنْزِلِهِ إِلَى الْمَسْجِدِ مَسْجِدِ الْمَدِينَةِ، وَفِيهِ عَبْدُ اللّٰهِ قَائِمٌ يُصَلِّي وَيَقْرَأُ، ثُمَّ جَلَسَ فَتَشَهَّدَ فَأَثْنَى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ كَأَحْسَنِ مَا يُثْنِي رَجُلٌ، وَصَلَّى عَلَى نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ ابْتَهَلَ بِالدُّعَاءِ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَلْ تُعْطَهْ ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَنْ

حضرت ابوعبیدہ' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بارے روایت فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ' حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما نکلے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو بلایا تھا' پس وہ اپنے گھر سے نکل کر مسجد مدینہ میں آئے' اس میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کھڑے نماز پڑھ رہے تھے' پھر وہ بیٹھے' تشہد پڑھا' اللہ کے شایانِ شان خوبصورت حمد کی جو ایک آدمی کرتا ہے اور نبی کریم ﷺ پر درود پڑھا' پھر دعا میں مشغول ہوئے' اس حال میں کہ نبی کریم ﷺ فرما رہے تھے: مانگ! تجھے عطا ہوگا۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یہ کون ہے؟ اے اللہ کے رسول! فرمایا: یہ اُمِ عبد کا بیٹا عبداللہ ہے۔ پس حضرت ابوبکر وعمر نے ان کی طرف جانے میں جلدی

هَـذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: هَذَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ، فَمَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَـقْـرَأْ كَمَا قَرَأَ ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ فَابْتَدَرَهُ أَبُو بَكْرٍ، وَعُـمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَسَبَقَهُ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْـهُ فَـذَكَرَ عُمَرُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ سَبَقَهُ، قَالَ عُمَرُ: وَكَانَ سَبَّاقًا بِالْخَيْرَاتِ

کی پس جب آدمی کو پسند ہو کہ وہ اچھے طریقے سے قرآن پڑھے جیسے نازل ہوا تو وہ پڑھے جیسے اُم عبد کا بیٹا پڑھتا ہے۔ پس حضرت ابوبکر وحضرت عمر رضی اللہ عنہما ان کی طرف جلدی جلدی گئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پہلے پہنچے پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ذکر کیا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سبقت کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے: وہ بھلائی کے جملہ کاموں میں سب پر سبقت لے جانے والے تھے۔

**8333**- حَـدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا حُدَيْجُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ فَتَعَشَّوْا عِنْدَهُ، فَلَمَّا فَرَغُوا خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ عَلَى ابْنِ مَسْعُودٍ وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْ عَلَى قِرَاءَةِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ

حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کو بلوایا' آپ کے پاس کھانا کھایا' جب کھانا کھا کر فارغ ہوئے تو حضور ﷺ حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے درمیان نکلے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس جبکہ وہ کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے تھے' حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ قرآن کو اس طرح تر وتازہ پڑھے جس طرح نازل ہوا تھا تو وہ ابن اُم عبد کی قرأت کے مطابق پڑھے۔

**8334**- حَـدَّثَنَا عُبَيْدٌ الْعِجْلُ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا الَّذِي كُنْتَ دَعَوْتَ بِهِ لَيْلَةَ قَالَ لَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَلْ تُعْطَهْ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا لَا يَرْتَدُّ، وَنَعِيمًا لَا

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ سے پوچھا گیا: آپ اس رات کو کیا دعا کر رہے تھے جب آپ کو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا: مانگو تمہیں عطا کیا جائے گا؟ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ دعا کر رہا تھا: ''اللّٰهم انی اسألك الی آخره''۔

يَنْفَدُ، وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَعْلَى دَرَجَةِ الْخُلْدِ

**8335-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَاهُ بَيْنَ أَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ يُصَلِّي، وَافْتَتَحَ النِّسَاءَ فَسَجَلَهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْ قِرَاءَةَ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ ثُمَّ قَعَدَ، ثُمَّ سَأَلَ، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَلْ تُعْطَهْ، سَلْ تُعْطَهْ فَقَالَ: فِيمَا سَأَلَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا لَا يَرْتَدُّ، وَنَعِيمًا لَا يَنْفَدُ، وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنَّةِ الْخُلْدِ فَأَتَى عُمَرُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ يُبَشِّرُهُ فَوَجَدَ أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَارِجًا، وَقَدْ سَبَقَهُ، فَقَالَ: إِنْ فَعَلْتَ لَقَدْ كُنْتَ سَبَّاقًا بِالْخَيْرَاتِ

حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے درمیان میں آئے اس حالت میں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نماز پڑھ رہے تھے' آپ نے سورۂ نساء کی تلاوت شروع کی اور آرام سے پڑھا' حضورﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ قرآن کو تروتازہ پڑھے جس طرح نازل کیا گیا ہے تو ابن اُم عبد کی قرأت کے مطابق پڑھے' پھر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیٹھے' پھر دعا مانگنے لگے' حضورﷺ فرمانے لگے: مانگو تمہیں عطا کیا جائے گا' مانگو تمہیں عطا کیا جائے گا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: آپ کیا مانگ رہے تھے؟ فرمایا: میں یہ دعا مانگ رہا تھا: ''اللّٰهم انی اسألك الٰی آخرہ''۔ حضرت عمر' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو خوشخبری دینے کے لیے آئے' تو حضرت ابوبکر کو دیکھا کہ وہ آپ کو خوشخبری دینے کیلئے پہلے آئے ہوئے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ابوبکر نیکیوں میں سبقت کرتے ہیں۔

**8336-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ

حضرت سعید بن میسب فرماتے ہیں کہ حضرت

---

8335- ورواه أحمد رقم الحديث: 4255' والبزار (252 زوائد البزار) مختصرًا قال في المجمع جلد9صفحه287-288' وفيه عاصم ابن أبي النجود وهو على ضعفه حسن الحديث وبقية رجال أحمد - وهم نفس رجال الطبراني ما عدا شيخه وهو ثقة رجال الصحيح . ورواه أحمد أيضًا رقم الحديث: 4341,4340' والبيهقي في الدعوات الكبير (2-1/22).

8336- قال في المجمع جلد9صفحه288' ورجاله رجال الصحيح غير عبد الله بن أحمد بن حنبل وسعيد بن الربيع

حَنْبَلٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ أَبِي الْحُسَامِ، ثنا شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ أَبِي نَمِرٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: بَيْنَمَا هُوَ يَقْرَأُ فِي الْمَسْجِدِ مَرَّ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَدْعُو، خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَلَمَّا حَاذَا بِهِ يَسْمَعُ دُعَاءَهُ وَهُوَ لَا يَعْرِفُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَلْ تُعْطَهُ فَرَجَعَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: الدُّعَاءُ الَّذِي دَعَوْتَ بِهِ مَا هُوَ؟ قَالَ: حَمِدْتُ اللّٰهَ وَمَجَّدْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ وَعْدُكَ حَقٌّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَرُسُلُكَ حَقٌّ، وَالنَّبِيُّونَ حَقٌّ، وَمُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقٌّ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ مسجد میں قرآن پڑھ رہے تھے کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس سے گزرے تو یہ دعا کر رہے تھے' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما نکلے جب حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے قریب ہوئے تو آپ کی دعا سنی' حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو معلوم نہیں تھا' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم مانگو تمہیں عطا کیا جائے گا! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس ہوکر فرمایا: وہ کیا دعا تھی جو تم مانگ رہے تھے؟ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اللہ کی حمد اور بزرگی بیان کی' پھر یہ دعا کی: اے اللہ! تو ہی معبود ہے' تیرا وعدہ حق ہے' تیری ملاقات حق ہے' جنت حق ہے' دوزخ حق ہے' تیرے رسول حق ہیں' تیرے نبی حق ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق ہیں۔

**8337-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: بَيْنَمَا ابْنُ مَسْعُودٍ فِي الْمَسْجِدِ يَدْعُو بِدُعَاءٍ مَرَّ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبُو بَكْرٍ، فَلَمَّا حَاذَى بِهِ رَسُولُ

حضرت عون بن عبداللہ اپنے والد سے روایت فرماتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ دعا کر رہے تھے' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نکلے' جب حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے برابر قریب ہوئے تو آپ کی دعا سنی' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہچان نہیں رہے تھے' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ کون ہے؟ تم مانگو تمہیں

---

السمان وهما ثقتان .

8337- ورواه أبو نعيم في الحلية جلد1 صفحه127-128' ورواه جلد1 صفحه128 من طريق المصنف .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ دُعَاءَهُ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَعْرِفُهُ، فَقَالَ: مَنْ هَذَا سَلْ تُعْطَهُ فَرَجَعَ أَبُو بَكْرٍ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: الدُّعَاءُ الَّذِي كُنْتَ تَدْعُو بِهِ؟ قَالَ: حَمِدْتُ اللّٰهَ وَمَجَّدْتُهُ ثُمَّ قُلْتُ: اللّٰهُمَّ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، وَعْدُكَ الْحَقُّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَكِتَابُكَ حَقٌّ، وَالنَّبِيُّونَ حَقٌّ، وَمُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَرُسُلُكَ حَقٌّ

عطا کیا جائے گا! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس ہو کر فرمایا: وہ کیا دعا تھی جو تم مانگ رہے تھے؟ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اللہ کی حمد اور بزرگی بیان کی' پھر یہ دعا کی: اے اللہ! تُو ہی معبود ہے' تیرا وعدہ حق ہے' تیری ملاقات حق ہے' تیری کتاب حق ہے' نبی سچے ہیں' حضرت محمد ﷺ سچے ہیں' جنت حق ہے' دوزخ حق ہے' تیرے رسول حق ہیں۔

**8338**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَبِشْرُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ: إِنِّي جِئْتُكَ مِنْ عِنْدِ رَجُلٍ يُمْلِي الْمَصَاحِفَ عَنْ ظَهْرِ قَلْبٍ، قَالَ: فَفَزِعَ عُمَرُ، فَقَالَ: وَيْحَكَ انْظُرْ مَا تَقُولُ وَغَضِبَ، فَقَالَ: مَا جِئْتُكَ إِلَّا بِالْحَقِّ، قَالَ: مَنْ هُوَ؟ قَالَ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَا أَعْلَمُ أَحَدًا أَحَقُّ بِذَلِكَ مِنْهُ، وَسَأُحَدِّثُكَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: إِنَّا سَمَرْنَا لَيْلَةً فِي بَيْتٍ عِنْدَ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي بَعْضِ مَا يَكُونُ مِنْ حَاجَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ خَرَجْنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي بَيْنِي وَبَيْنَ أَبِي بَكْرٍ، فَلَمَّا انْتَهَيْتُ إِلَى

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اُس نے عرض کی: میں ایسے آدمی کے پاس سے آیا ہوں جو قرآن زبانی سکھاتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ پریشان ہوئے' فرمایا: تیرے لیے ہلاکت ہو! دیکھ! تُو کیا کہہ رہا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ناراض ہوئے' اس نے کہا کہ میں سچی بات کر رہا ہوں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ کون ہے؟ اس نے عرض کی: وہ عبداللہ بن مسعود ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں کسی کو نہیں جانتا جو اس کا ان سے زیادہ حقدار ہو۔ میں تجھے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کر کے حدیث سناتا ہوں: ہم نے ایک رات' ایک گھر میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ گفتگو کی جو نبی کریم ﷺ کے کاموں میں سے کسی کام کے بارے تھی' پھر ہم اس حال میں نکلے کہ رسول کریم ﷺ میرے اور ابوبکر کے درمیان

8338- ورواه الحاكم جلد2صفحه227' وأبو نعيم في الحلية جلد1صفحه124 .

الْمَسْجِدِ إِذَا رَجُلٌ يَقْرَأُ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَمِعُ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ: أَعْتَمْتَ، فَغَمَزَنِي بِيَدِهِ اسْكُتْ، قَالَ: فَقَرَأَ وَرَكَعَ وَسَجَدَ وَجَلَسَ يَدْعُو وَيَسْتَغْفِرُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَلْ تُعْطَهْ ثُمَّ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ رَطْبًا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْ قِرَاءَةَ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ فَعَلِمْتُ أَنَا وَصَاحِبِي أَنَّهُ عَبْدُ اللّٰهِ، فَلَمَّا أَصْبَحْتُ غَدَوْتُ إِلَيْهِ لِأُبَشِّرَهُ، فَقَالَ: سَبَقَكَ بِهَا أَبُو بَكْرٍ، وَمَا سَابَقْتُهُ إِلَى خَيْرٍ إِلَّا سَبَقَنِي إِلَيْهِ

چل رہے تھے' جب میں مسجد میں پہنچا تو وہاں ایک آدمی قرأت کر رہا تھا' پس نبی کریم ﷺ غور سے سننے لگے۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ نے دیر کردی۔ پس آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے مجھے اشارہ کیا کہ خاموش! فرماتے ہیں: اس نے قرأت کر کے رکوع کیا' سجدہ کیا اور قعدہ ادا کیا پھر دعا و استغفار کرنے لگا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مانگ! عطا کیا جائے گا' پھر فرمایا: جس آدمی کو پسند ہو کہ وہ تروتازہ قرآن پڑھے جیسے نازل ہوا تو وہ اُم عبد کے بیٹے کی طرح قرأت کرے۔ پس میں اور میرا دوست جان گئے کہ یہ آدمی عبداللہ ہے۔ جب میں نے صبح کی تو میں ان کو بشارت دینے گیا۔ فرماتے ہیں: ابوبکر پہلے پہنچ چکے تھے۔ میں نے جس اچھے کام کی طرف سبقت کرنے کا ارادہ کیا تو ابوبکر مجھ پر سبقت لے گئے۔

**8339-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا فَلْيَقْرَأْهُ عَلَى قِرَاءَةِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ قرآن تروتازہ پڑھے جس طرح نازل کیا گیا تو وہ ابن اُم عبد کی قرأت کے مطابق پڑھے۔

**8340-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ

حضرت قیس بن مروان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے'

---

8339- ورواه الحاكم جلد2صفحه227 .

8340- قال في المجمع جلد9صفحه287 بعد ان نسبه اليه فقط . ورجال أحدهما رجال الصحيح غير قيس بن مروان وهو ثقة .

الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَعَنْ خَيْثَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مَرْوَانَ، قَالَا: أَتَى رَجُلٌ عُمَرَ، فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، قَدْ تَرَكْتُ بِالْعِرَاقِ رَجُلًا يُمْلِي الْمَصَاحِفَ عَنْ ظَهْرِ قَلْبٍ، فَغَضِبَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى احْمَرَّ وَجْهُهُ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: اعْلَمْ مَا تَقُولُهُ، مِرَارًا، فَقَالَ: مَا أُنَبِّئُكَ إِلَّا بِالْحَقِّ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَنْ هُوَ؟ قَالَ: ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ، قَالَ: فَسَكَنَ حَتَّى ذَهَبَ عَنْهُ الْغَضَبُ، ثُمَّ قَالَ: مَا أَصْبَحَ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ أَحَدٌ أَحَقُّ بِذَلِكَ مِنْهُ، وَسَأُحَدِّثُكُمْ عَنْ ذَلِكَ، إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمَرَ فِي بَيْتِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ذَاتَ لَيْلَةٍ لِبَعْضِ حَاجَةٍ حَتَّى أَعْتَمَ، ثُمَّ رَجَعَ بَيْنِي، وَبَيْنَ أَبِي بَكْرٍ حَتَّى انْتَهَيْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ، إِذَا رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ يُصَلِّي، فَقَامَ يَسْتَمِعُ لِقِرَاءَتِهِ مَا أَدْرِي أَنَا وَصَاحِبِي مَنْ هُوَ؟ قَالَ: فَلَمَّا قَامَ سَاعَةً قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ يُصَلِّي لَوْ رَجَعْتَ وَقَدْ أَعْتَمْتَ، قَالَ فَغَمَزَنِي وَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَمِعُ لِقِرَاءَتِهِ، قَالَ: فَرَكَعَ وَسَجَدَ ثُمَّ قَعَدَ يَدْعُو فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَلْ تُعْطَهْ، سَلْ تُعْطَهْ وَلَا أَدْرِي

فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اُس نے عرض کی: میں ایسے آدمی کے پاس سے آیا ہوں جو قرآن زبانی سکھاتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ پریشان ہوئے' فرمایا: تیرے لیے ہلاکت ہو! دیکھ! تُو کیا کہہ رہا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ناراض ہوئے' اس نے کہا کہ میں سچی بات کر رہا ہوں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ کون ہے؟ اس نے عرض کی: وہ عبداللہ بن مسعود ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں کسی کو نہیں جانتا جو اس کا ان سے زیادہ حقدار ہو۔ میں تجھے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کر کے حدیث سناتا ہوں: ہم نے ایک رات' ایک گھر میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ گفتگو کی جو نبی کریم ﷺ کے کاموں میں سے کسی کام کے بارے تھی' پھر ہم اس حال میں نکلے کہ رسول کریم ﷺ میرے اور ابوبکر کے درمیان چل رہے تھے' جب میں مسجد میں پہنچا تو وہاں ایک آدمی قرأت کر رہا تھا' پس نبی کریم ﷺ غور سے سننے لگے۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ نے دیر کر دی۔ پس آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے مجھے اشارہ کیا کہ خاموش! فرماتے ہیں: اس نے قرأت کر کے رکوع کیا' سجدہ کیا اور قعدہ ادا کیا پھر دعا و استغفار کرنے لگا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مانگ! عطا کیا جائے گا' پھر فرمایا: جس آدمی کو پسند ہو کہ وہ تروتازہ قرآن پڑھے جیسے نازل ہوا تو وہ اُم عبد کے بیٹے کی طرح قرأت کرے۔ پس میں اور میرا دوست جان گئے کہ یہ آدمی عبداللہ ہے۔ جب میں نے صبح کی تو

أَنَا وَصَاحِبِي مَنْ هُوَ حَتَّى سَمِعْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْ كَمَا يَقْرَأُ ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ، قَالَ: فَذَلِكَ حِينَ عَلِمْتُ أَنَا وَصَاحِبِي مَنْ هُوَ، قَالَ: فَغَدَوْتُ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ لِأُبَشِّرَهُ، فَقَالَ قَدْ سَبَقَكَ أَبُو بَكْرٍ، وَايْمُ اللّٰهِ مَا سَابَقْتُ أَبَا بَكْرٍ إِلَى خَيْرٍ إِلَّا سَبَقَنِي

میں ان کو بشارت دینے گیا۔ فرماتے ہیں: ابوبکر پہلے پہنچ چکے تھے۔ میں نے جس اچھے کام کی طرف سبقت کرنے کا ارادہ کیا تو ابوبکر مجھ پر سبقت لے گئے۔

**8341-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا فُرَاتُ بْنُ مَحْبُوبٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا بَشَّرَاهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْهُ عَلَى قِرَاءَةِ ابْنِ مَسْعُودٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں نے خوشخبری دی کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ قرآن اسی طرح پڑھے جس طرح نازل کیا گیا ہے تو وہ ابن مسعود کی قرأت کے مطابق پڑھے۔

**8342-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ بُكَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَائِشَةَ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ النَّخَعِيُّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْقَرْثَعِ، عَنْ قَيْسٍ، أَوِ ابْنِ قَيْسٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: مَرَّ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ میں اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے جبکہ وہ نماز میں قرأت کر رہے تھے آپ ان کی قرأت سننے کے لیے کھڑے ہوئے پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے رکوع کیا اور سجدہ کیا حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہے کہ

---

8341- قال في المجمع جلد9صفحه288' ورجاله رجال الصحيح غير فوات بن محبوب وهو ثقة .

8342- ورواه أحمد رقم الحديث: 265 هكذا بالشك وقيس هو ابن أبي قيس واسم أبيه مروان ورواه أحمد رقم الحديث: 175 من طريق علقمة عن عمرو بن خيثمة عن قيس بن مروان عن عمر' فالظاهر أن علقمة سمعه من عمر ومن القرقع عن عمر كما قال المرحوم أحمد ومحمد شاكر في تعليقه على المسند .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَعَهُ وَأَبُو بَكْرٍ عَلَى ابْنِ مَسْعُودٍ وَهُوَ يَقْرَأُ، فَقَامَ يَسْتَمِعُ قِرَاءَتَهُ، ثُمَّ رَكَعَ عَبْدُ اللّٰهِ وَسَجَدَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْ مِنِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ، قَالَ: فَأَدْلَجْتُ إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ لِأُبَشِّرَهُ بِمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا ضَرَبْتُ الْبَابَ سَمِعَ صَوْتِي فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ فَقُلْتُ: جِئْتُ أُبَشِّرُكَ بِمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: سَبَقَكَ أَبُو بَكْرٍ، قُلْتُ: إِنْ يَفْعَلْ فَإِنَّهُ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ، مَا اسْتَبَقْنَا إِلَى خَيْرٍ قَطُّ إِلَّا سَبَقَنِي إِلَيْهِ أَبُو بَكْرٍ

قرآن اسی طرح پڑھے جس طرح نازل کیا گیا ہے تو وہ ابن اُم عبد کی قرأت کے مطابق پڑھے۔ میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس خوشخبری دینے کے لیے آیا جو حضورﷺ نے فرمائی تھی' جب میں نے دروازہ کھٹکھٹایا انہوں نے میری آواز سنی تو کہا: آپ کیسے آئے ہیں؟ میں نے عرض کی: میں وہ بشارت دینے آیا ہوں جو رسول کریمﷺ نے دی ہے۔ فرمایا: ابوبکر تجھ سے پہلے آ گئے۔ میں نے کہا: اگر وہ یہ کام کرتے ہیں تو وہ بھلے کاموں میں سبقت لے جانے والے ہیں' ہم دونوں نے جس اچھے کام کی طرف سبقت کی' حضرت ابوبکر نے وہ کام مجھ سے پہلے کیا۔

8343- حَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، ثنا حَبِيبُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، تَرَكْتُ بِالْكُوفَةِ رَجُلًا يُمْلِي الْمَصَاحِفَ عَنْ ظَهْرِ قَلْبِهِ، فَغَضِبَ عُمَرُ حَتَّى انْتَفَخَ وَجْهُهُ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ هُوَ؟، قَالَ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: لِلّٰهِ أَبُوكَ، وَمَنْ أَحَقُّ بِذَلِكَ مِنْهُ؟ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْهُ

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! میں نے مسجد میں ایک آدمی چھوڑا جو قرآن زبانی لکھواتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ناراض ہوئے یہاں تک کہ آپ کی رگیں پھول گئیں' پھر فرمایا: کون ہے؟ اس نے عرض کی: عبداللہ بن مسعود! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! ان سے زیادہ کون اس کا حق دار ہے؟ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس کو پسند ہو کہ قرآن اسی طرح پڑھے جس طرح نازل کیا گیا تو وہ اُم عبد کے بیٹے کی قرأت کے مطابق پڑھے۔

عَلٰى قِرَاءَةِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ

## بَابٌ

**8344-** حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، ح وَحَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْتَدُوا بِاللَّذَيْنِ مِنْ بَعْدِي أَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَاهْدُوا هَدْيَ عَمَّارٍ، وَتَمَسَّكُوا بِعَهْدِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ

## باب

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بعد حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کی اقتداء کرو اور عمار کی ہدایت کو پکڑو اور عبداللہ بن مسعود کے وعدہ کو تھام لو۔

## بَابٌ

**8345-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا

## باب

حضرت شقیق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ہمیں خطبہ دیا' جب آپ نے قرآن کھولا تو مسجد

---

8344- ورواه الترمذی رقم الحديث: 3893' وقال: حديث غريب من هذا الوجه من حديث ابن مسعود' لا نعرفه الا من حديث يحيى بن سلمة بن كهيل ويحيى بن سلمة يضعف فی الحديث ورواه الحاكم جلد 3صفحه75-76' وقال الذهبی: سنده واه . ورواه أحمد جلد5صفحه385,399,402' والترمذی رقم الحديث: 3887' وقال: حديث حسن' والحاكم جلد3صفحه75' وصححه ووافقه الذهبی وابن حبان رقم الحديث: 2193' ورواه الخطيب فی تاريخ بغداد (2012)' والفقيه والمتفقه جلد 1صفحه117 كلهم من حديث حذيفة بهذا اللفظ . ورواه أحمد جلد 5 صفحه382' والترمذی رقم الحديث: 3742' وابن ماجه رقم الحديث: 97' وأبو نعيم فی الحلية جلد 9صفحه109 بدون ذكر عمار وابن مسعود .

8345- ورواه البخاری رقم الحديث:5000' ومسلم رقم الحديث:2462' والنسائی جلد8صفحه134 .

سُلَيْمَانُ، عَنْ شَقِيقٍ، قَالَ: خَطَبَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حِينَ شُقَّتِ الْمَصَاحِفُ وَالْمَسْجِدُ مُمْتَلِءٌ مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ، فَقَالَ: لَقَدْ عَلِمَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّي أَعْلَمُهُمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ -قَالَ شَقِيقٌ: ثُمَّ رَأَيْتُ أَنَّهُ اسْتَحْيَى مِمَّا قَالَ -فَقَالَ: وَمَا أَنَا بِخَيْرِهِمْ، وَلَوْ أَعْلَمُ رَجُلًا أَعْلَمُ بِكِتَابِ اللّٰهِ مِنِّي تَبْلُغُهُ الْإِبِلُ لَأَتَيْتُهُ قَالَ شَقِيقٌ: فَمَا فَرَغَ عَبْدُ اللّٰهِ مِنْ خُطْبَتِهِ قَعَدْتُ فِي الْحِلَقِ لِأَسْمَعَ مَا يَقُولُونَ فَمَا سَمِعْتُ أَحَدًا مُنْكِرًا عَلَى ذٰلِكَ

بدر والے صحابہ سے بھری ہوئی تھی' آپ نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب جانتے ہیں کہ قرآن کے احکامات کو کون جانتا ہے۔ حضرت شقیق نے فرمایا: میں نے دیکھا جو آپ نے فرمایا' اس سے آپ نے جھجک محسوس کی' آپ نے فرمایا: میں ان سے بہتر نہیں ہوں' اگر کسی آدمی کے متعلق مجھے علم ہو کہ وہ مجھ سے قرآن کا زیادہ علم رکھتا ہے تو میں اونٹ پر سوار ہو کر اُس کے پاس جاؤں گا۔ حضرت شقیق فرماتے ہیں: جب حضرت عبداللہ اپنے خطبہ سے فارغ ہوئے تو میں ان حلقوں میں بیٹھا تاکہ سنوں جو وہ کہتے ہیں' میں نے اس پر کسی سے کوئی بُری بات نہیں سنی۔

**8346**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: لَمَّا أَمَرَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الْمَصَاحِفِ بِمَا أَمَرَ، قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ فَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: (وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ) (آل عمران: **161** ) أَلَا فَغُلُّوا الْمَصَاحِفَ عَلَى قِرَاءَةِ مَنْ تَأْمُرُنِي أَنْ أَقْرَأَهُ عَلَى قِرَاءَةِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، فَوَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ لَقَدْ أَخَذْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضْعًا وَسَبْعِينَ سُورَةً، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ لَهُ ذُؤَابَتَانِ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ، وَالَّذِي لَا إِلٰهَ غَيْرُهُ لَوْ أَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ بِكِتَابِ

حضرت فرماتے ہیں کہ جب مصاحف کے بارے میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حکم دیا جو حکم دیا' حضرت عبداللہ کھڑے ہوئے' اللہ کی حمد کی' پھر فرمایا: اے لوگو! اللہ عزوجل فرماتا ہے: جو چھپائے گا وہ قیامت کے دن چھپائی ہوئی چیز لائے گا' خبردار! جو مجھے حکم دیتا ہے کہ' تم زید بن ثابت کی قرأت پر پڑھو' تو تم اس کی قرأت کے مطابق مصاحف کو چھپانے والے ہو' وہ ذات جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منہ مبارک سے ستر سورتیں یاد کی ہیں حالانکہ زید بن ثابت کی دو مینڈھیاں تھیں' آپ بچوں کے ساتھ کھیلتے تھے' وہ ذات جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں' اگر مجھے علم ہو کہ مجھ سے زیادہ کوئی قرآن کا علم رکھتا ہے تو میں اس کے پاس ضرور جاؤں۔

---

8346- ورواه أحمد رقم الحديث: 3906' وابن أبي داؤد في كتاب المصاحف صفحه15-16 .

اللّٰهِ مِنِّي لَأَتَيْتُهُ

**8347-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا نَزَلَتْ مِنَ الْقُرْآنِ سُورَةٌ إِلَّا أَنَا أَعْلَمُ حَيْثُ أُنْزِلَتْ، وَلَا أُنْزِلَتْ مِنْهُ آيَةٌ إِلَّا أَنَا أَعْلَمُ فِيمَا أُنْزِلَتْ، وَلَوْ أَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ بِكِتَابِ اللّٰهِ مِنِّي تَبْلُغُهُ الْإِبِلُ لَأَتَيْتُهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! قرآن کی ہر سورت کے متعلق مجھے علم ہے کہ وہ جہاں نازل ہوئی اور کوئی آیت نازل نہیں ہوئی مگر مجھے معلوم ہے کہ وہ کس بارے نازل ہوئی' اگر مجھے معلوم ہو کہ کتاب اللہ کو مجھ سے زیادہ بھی کوئی جاننے والا ہے' جہاں قافلے جاتے ہیں تو میں بھی اس کے پاس جاؤں۔

**8348-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ مَا نَزَلَتْ سُورَةٌ مِنَ الْقُرْآنِ إِلَّا وَأَنَا أَعْلَمُ حَيْثُ أُنْزِلَتْ، وَلَا آيَةٌ وَأَعْلَمُ فِيمَنْ نَزَلَتْ، وَلَوْ أَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ بِكِتَابِ اللّٰهِ مِنِّي تَبْلُغُهُ الْإِبِلُ لَرَكِبْتُ إِلَيْهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! قرآن کی ہر سورت کے متعلق مجھے علم ہے کہ وہ جہاں نازل ہوئی اور کوئی آیت نازل نہیں ہوئی مگر مجھے معلوم ہے کہ وہ کس بارے نازل ہوئی' اگر مجھے معلوم ہو کہ کتاب اللہ کو مجھ سے زیادہ بھی کوئی جاننے والا ہے' جہاں قافلے جاتے ہیں تو میں بھی اس کے پاس جاؤں۔

**8349-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ بَهْرَامَ، ثنا سُعَيْرُ بْنُ الْخِمْسِ، عَنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ آيَةٌ إِلَّا أَعْلَمُ حَيْثُ نَزَلَتْ وَفِيمَنْ أُنْزِلَتْ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! قرآن کی ہر سورت کے متعلق مجھے علم ہے کہ وہ جہاں نازل ہوئی اور کوئی آیت نازل نہیں ہوئی مگر مجھے معلوم ہے کہ وہ کس بارے نازل ہوئی' اگر مجھے معلوم ہو کہ کتاب اللہ کو مجھ سے زیادہ بھی کوئی جاننے والا ہے'

---

8347- ورواه مسلم رقم الحديث: 2463 .

8349- ورواه ابن أبي داؤد في المصاحف، صفحه 16,14 .

وَلَوْ أَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ بِكِتَابِ اللّٰهِ مِنِّي تَبْلُغُهُ الْإِبِلُ لَرَحَلْتُ إِلَيْهِ

جہاں قافلے جاتے ہیں تو میں بھی اس کے پاس جاؤں۔

**8350**- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثنا قُطْبَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: وَالَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ مَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ سُورَةٌ إِلَّا وَأَنَا أَعْلَمُ أَيْنَ نَزَلَتْ، وَلَا فِيهِ آيَةٌ إِلَّا وَأَنَا أَعْلَمُ فِيمَا أُنْزِلَتْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! قرآن کی ہر سورت کے متعلق مجھے علم ہے کہ وہ جہاں نازل ہوئی اور کوئی آیت نازل نہیں ہوئی مگر مجھے معلوم ہے کہ وہ کس بارے نازل ہوئی اگر مجھے معلوم ہو کہ کتاب اللہ کو مجھ سے زیادہ بھی کوئی جاننے والا ہے جہاں قافلے جاتے ہیں تو میں بھی اس کے پاس جاؤں۔

## بَابٌ

## باب

**8351**- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ النَّخَعِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: قِيلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ: اقْرَأْ عَلَى قِرَاءَةِ زَيْدٍ، قَالَ: أَتْرُكُ قِرَاءَتِي لِقِرَاءَةِ زَيْدٍ، وَقَرَأْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً، وَهُوَ غُلَامٌ لَهُ ذُؤَابَتَانِ؟

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: زید کی قرأت کے مطابق پڑھو؟ آپ نے فرمایا: میں اپنی قرأت کو چھوڑ دوں زید کی قرأت کی وجہ سے جبکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ مبارک سے ستر سورتیں سیکھی ہیں حالانکہ زید بچہ تھا اس کی دو مینڈھیاں تھیں۔

**8352**- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ خُمَيْرِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا أُمِرَ بِالْمَصَاحِفِ تُغَيَّرُ سَاءَ ذَلِكَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يَغُلَّ مُصْحَفًا فَلْيَفْعَلْ، فَإِنَّهُ مَنْ غَلَّ شَيْئًا جَاءَ بِمَا

حضرت خمیر بن مالک فرماتے ہیں کہ جب مصاحف کے متعلق حکم دیا گیا قرأت کے بدلنے کا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو تکلیف پہنچی آپ نے فرمایا: جو تم میں طاقت رکھتا ہے کہ قرآن کو چھپائے تو وہ کرے جس نے کوئی شی چھپائی ہوگی وہ قیامت کے دن چھپائی ہوئی شی لے کر آئے گا۔

غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

**8353-** ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَقَدْ قَرَأْتُ الْقُرْآنَ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً وَزَيْدٌ صَبِيٌّ، أَتْرُكُ مَا أَخَذْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟

پھر فرمایا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منہ سے ستر سورتیں قرآن کی یاد کی ہیں اس حالت میں کہ زید ابھی بچہ تھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منہ سے جو یاد کیا وہ چھوڑ دوں؟

**8354-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ خُمَيْرِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَقَدْ قَرَأْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً، وَإِنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ لَهُ ذُؤَابَتَانِ فِي الْكُتَّابِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منہ سے ستر سورتیں یاد کی ہیں حالانکہ اس وقت زید بن ثابت کی دو مینڈھیاں تھیں۔

**8355-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ خُمَيْرِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَقَدْ قَرَأْتُ مِنْ فِي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ ذُو ذُؤَابَةٍ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منہ سے ستر سورتیں یاد کی ہیں حالانکہ اس وقت زید بن ثابت کی دو مینڈھیاں تھیں وہ بچوں کے ساتھ کھیلتے تھے۔

**8356-** حَدَّثَنَا أَبُو سَعْدٍ يَحْيَى بْنُ مَنْصُورٍ الْهَرَوِيُّ، وَمُوسَى بْنُ هَارُونَ، قَالَا: ثنا

حضرت ہبیرہ بن یریم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری قرأت کے علاوہ کوئی دوسری

---

8353- ورواه أحمد رقم الحديث: 4218,3929,3846,3697 وابن أبي داؤد صفحه14-15 .

8355- ورواه النسائي جلد8صفحه134 .

إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ أَبَانَ، قَالَا: ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: عَلَى قِرَاءَةِ مَنْ يَأْمُرُنِي أَنْ أَقْرَأَ؟ لَقَدْ قَرَأْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً، وَإِنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ لَصَاحِبُ ذُؤَابَةٍ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ

قرأت پڑھنے کا حکم کون دیتا ہے؟ میں نے رسول اللہ ﷺ سے ستر سورتیں یاد کی ہیں جبکہ اس وقت زید بن ثابت کی دو مینڈھیاں تھیں اور وہ بچوں کے ساتھ کھیلتے تھے۔

**8357-** حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى بْنِ مُعَاذٍ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ قَيْسٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، أَوِ ابْنِ شَرَاحِيلَ أَبُو مَيْسَرَةَ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: أَتَى عَلَيَّ رَجُلٌ وَأَنَا أُصَلِّي، فَقَالَ: أَلَا أَرَاكَ تُصَلِّي وَقَدْ أُمِرَ بِكِتَابِ اللَّهِ فَمُزِّقَ، فَتَجَوَّزْتُ فِي صَلَاتِي وَكُنْتُ لَا أُحْبَسُ، فَدَخَلْتُ الدَّارَ وَلَمْ أُحْبَسْ، وَرَقِيتُ فَلَمْ أُحْبَسْ، فَإِذَا أَنَا بِالْأَشْعَرِيِّ، وَحُذَيْفَةَ، وَابْنِ مَسْعُودٍ يَتَقَاوَلَانِ، وَحُذَيْفَةُ يَقُولُ لِابْنِ مَسْعُودٍ: ادْفَعْ إِلَيْهِمْ هَذَا الْمُصْحَفَ، قَالَ: لَا وَاللَّهِ لَا أَدْفَعُهُ إِلَيْهِمْ أَقْرَأَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضْعًا وَسَبْعِينَ مَرَّةً ثُمَّ أَدْفَعُهُ إِلَيْهِمْ، وَاللَّهِ لَا أَدْفَعُهُ إِلَيْهِمْ

حضرت ابومیسرہ ہمدانی فرماتے ہیں کہ میرے پاس ایک آدمی اس حالت میں آیا کہ میں نماز پڑھ رہا تھا' اس نے کہا: آپ کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھ رہا ہوں حالانکہ قرآن کے متعلق حکم دیا گیا ہے کہ پھاڑ دیا جائے' میں نے اپنی نماز مختصر کی لیکن میں رُکا نہیں' میں گھر میں داخل ہوا' میں رُکا نہیں' میں چڑھا' میں رُکا نہیں۔ میں حضرت اشعری کے پاس تھا' حذیفہ اور ابن مسعود دونوں گفتگو کر رہے تھے حضرت حذیفہ نے ابن مسعود سے فرمایا: یہ مصحف ان کو دے دیں! حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں' اللہ کی قسم! میں ان کو نہیں دوں گا' رسول اللہ ﷺ نے ستر سے زیادہ سورتیں مجھے پڑھائی ہیں' پھر میں وہ ان کو دے دوں' اللہ کی قسم! میں ان کو نہیں دوں گا۔

---

8357- ورواه الحاكم جلد2صفحه228' وصححه ووافقه الذهبي .

**8358-** حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُدْرِكٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِي سَعْدٍ الْأَزْدِيِّ، أَنَّهُ: سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: لَقَدْ تَلَقَّيْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً أَحْكَمْتُهَا قَبْلَ أَنْ يُسْلِمَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ لَهُ ذُؤَابَةٌ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ستر سورتیں یاد کی ہیں' میں زید بن ثابت سے پہلے اسلام لایا ہوں حالانکہ زید بن ثابت بچوں کے ساتھ کھیل رہے ہوتے تھے۔

**8359-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ الشَّدَّاخِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: عَجَبًا لِلنَّاسِ وَتَرْكِهِمْ قِرَاءَتِي وَأَخْذِهِمْ قِرَاءَةَ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، وَقَدْ أَخَذْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ غُلَامٌ صَاحِبُ ذُؤَابَةٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگوں کے لیے تعجب ہے کہ وہ میری قرأت کو چھوڑتے ہیں اور زید بن ثابت کی قرأت پر عمل کرتے ہیں حالانکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ستر سورتیں یاد کی ہیں اور حضرت زید بن ثابت بچے تھے اور مینڈھیوں والے تھے۔

**8360-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدَةَ، ثنا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منہ مبارک سے ستر سے زیادہ سورتیں یاد کی ہیں' اس وقت حضرت زید بن ثابت کی دو مینڈھیاں تھیں۔

---

8359- ورواه ابن أبي داؤد في كتاب المصاحف صفحه17' ومن طريق المصنف رواه أبو نعيم في الحلية جلد 1 صفحه125 .

8360- ورواه أحمد رقم الحديث:4330,4372' وابن أبي داؤد في كتاب المصاحف صفحه16-17 .

بْنُ مَسْعُودٍ: لَقَدْ قَرَأْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضْعًا وَسَبْعِينَ سُورَةً وَإِنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ لَهُ ذُؤَابَتَانِ

**8361-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَخَذْتُ مِنْ فِي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً، لَا يُنَازِعُنِي فِيهَا أَحَدٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ مبارک سے ستر سورتیں یاد کی ہیں مجھ سے اس کے متعلق کوئی نہ جھگڑے۔

**8362-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ شَيْبَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَرَأْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ مبارک سے ستر سورتیں یاد کی ہیں۔

**8363-** حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى الْأُمَوِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ ثُوَيْرِ بْنِ أَبِي فَاخِتَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَقَدْ قَرَأْتُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضْعًا وَسَبْعِينَ سُورَةً، وَإِنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ لَهُ ذُؤَابَتَانِ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ مبارک سے ستر سورتیں یاد کی ہیں جبکہ زید بن ثابت کی دو لٹیں تھیں بچوں کے ساتھ کھیلتے تھے۔

**8364-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ، ثنا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ سے ستر سورتیں یاد کی ہیں اس وقت زید

إِسْرَائِيلُ، ثنا ثُوَيْرٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَقَدْ قَرَأْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً وَإِنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ لَكَافِرٌ بِاللّٰهِ مَا آمَنَ بِهِ

بن ثابت اللہ کا انکار کرتے تھے وہ ایمان نہیں لائے تھے۔

**8365-** حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ كَثِيرٍ التَّمَّارُ الْكُوفِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْجُنَيْدِ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَالِمٍ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ الْبَرِيدِ، عَنْ بَيَانَ بْنِ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً وَخَتَمْتُ الْقُرْآنَ عَلَى خَيْرِ النَّاسِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے ستر سورتیں یاد کی ہیں اور مکمل قرآن لوگوں میں سب سے بہتر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یاد کیا ہے۔

**8366-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلُّوَيْهِ الْقَطَّانُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ سِيَابَةَ، ثنا عَمْرُو بْنُ جَرِيرٍ الْبَجَلِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسَى الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ الرُّمَّانِيِّ، عَنْ زَاذَانَ أَبِي عِمْرَانَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ لَهُ: يَا أَخِي إِنَّ لَنَا مَجْلِسًا فَأْتِنَا، فَأَقْبَلْتُ إِلَيْهِ فِي مَجْلِسِهِ فَتَعَلَّمْتُ مِنْهُ سَبْعِينَ سُورَةً، فَقَالَ لِي عَبْدُ اللّٰهِ: أَخَذْتُهَا مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ بِهَا جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ عِنْدِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، عَزَّ وَجَلَّ

حضرت ابوعمران فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: اے میرے بھائی! ہماری ایک مجلس ہے ہمارے پاس آؤ! پس میں ان کی مجلس میں ان کی طرف متوجہ ہوا تو میں نے ان سے ستر سورتیں سیکھیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے کہا: یہ میں نے رسول کریم ﷺ کے منہ سے سن کر حاصل کی تھیں' ان کو حضرت جبریل لے کر اُترے رب العالمین کی طرف سے۔

**8367-** حَدَّثَنَا إِدْرِيسُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ مجھے

---

8365- قال في المجمع جلد9صفحه116 هو في الصحيح خلا قوله وختمت الى آخره رواه الطبراني في الأوسط وفيه من لم أعرفه ۔ قلت: لم أره في مجمع البحرين ولعله الناسخ سهل فكتب الأوسط بدل الكبير ۔

الْحَدَّادُ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ أَبُو شِهَابٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَيْفَ تَأْمُرُونِي أَنِ اقْرَأَ عَلَى قِرَاءَةِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: لَقَدْ قَرَأْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً

کیسے حکم دیتے ہو کہ میں حضرت زید بن ثابت کی قرأت کے مطابق پڑھوں' میں نے رسول اللہ ﷺ سے ستر سورتیں یاد کی ہیں۔

**8368-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَدَّثَهُمْ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذْنُكَ عَلَيَّ أَنْ تَرْفَعَ الْحِجَابَ، وَأَنْ تَسْمَعَ سِوَادِي حَتَّى أَنْهَاكَ قَالَ الْحَسَنُ: السَّوَادُ: السِّرَارُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے اجازت ہے میرے پاس آنے کی' پردہ اُٹھانے کی' میری پوشیدہ گفتگو سن! یہاں تک کہ میں تجھے منع کروں۔ حضرت حسن فرماتے ہیں: سواد سے مراد سرار (پوشیدہ باتیں) ہیں۔

**8369-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، قَالَ: قَالَ سُلَيْمَانُ: سَمِعْتُهُمْ يَذْكُرُونَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذْنُكَ عَلَيَّ تَكْشِفُ السِّتْرَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے اجازت ہے میرے راز کو پردہ اُٹھا کر بھی سن سکتا ہے۔

---

8368- ورواه أحمد رقم الحديث: 3732,3684' ومسلم رقم الحديث: 2169' وابن ماجه رقم الحديث: 139' ويظهر أن عبد الرحمن بن يزيد سقط من نسخة المسند بين ابراهيم وابن مسعود . ورواه أبو نعيم في الحلية جلد 1 صفحه126 . ورواه أحمد رقم الحديث:3833 بذكر عبد الرحمن .

8369- ورواه أحمد رقم الحديث:3834' والحديث وان كان في اسناده من لم يسم فالذى قبله يشهد له .

**8370-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَيَّاشٍ الْعَامِرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ كَانَ صَاحِبَ الْوِسَادِ وَالسِّوَاكِ وَالنَّعْلَيْنِ

حضرت شداد بن ہاد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود حضور ﷺ کا تکیہ مبارک، مسواک اور نعلین شریف اُٹھاتے تھے۔

## بَابٌ

## باب

**8371-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كُنْتُ أَجْتَنِي لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِوَاكًا مِنَ الْأَرَاكِ، فَكَانَتِ الرِّيحُ تَكْفَؤُهُ، فَكَانَ فِي سَاقَيْهِ دِقَّةٌ فَضَحِكَ الْقَوْمُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَضْحَكُونَ مِنْ دِقَّةِ سَاقَيْهِ؟ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَهُمَا أَثْقَلُ فِي الْمِيزَانِ مِنْ أُحُدٍ

حضرت زر سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول کریم ﷺ کیلئے درخت سے مسواک توڑنے لگا، پس تیز ہوا نے (آپ کی ٹانگوں سے) کپڑا ہٹا دیا، پس آپ کی پنڈلیاں باریک تھیں، لوگ دیکھ کر ہنس پڑے تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ان کی پنڈلیوں کی باریکی دیکھ کر کیوں ہنستے ہو؟ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! (قیامت کے) ترازو میں ان کا وزن اُحد پہاڑ سے زیادہ ہوگا۔

**8372-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْأَزْدِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ عُرْفَانَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ ذات جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! قیامت کے دن عبداللہ بن مسعود کی دونوں پنڈلیوں کا وزن اُحد پہاڑ سے بڑا اور زیادہ ہوگا۔

---

8370- ورواه أبو نعيم في الحلية جلد1صفحه126 .

8371- قال في المجمع جلد9صفحه289' رواه أحمد رقم الحديث: 3991' وأبو يعلى جلد 1صفحه237' والبزار جلد 1 صفحه283' والطبراني من طرق (وذكر بعض ألفاظه) ثم قال: وأمثل طرقها فيه عاصم ابن ابي النجود وهو حسن الحديث على ضعفه وبقية رجال أحمد وأبي يعلى رجال الصحيح . ورواه الحاكم جلد3صفحه317' وصححه ووافقه الذهبي .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِى نَفْسِى بِيَدِهِ لَسَاقَا ابْنِ مَسْعُودٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَشَدُّ وَأَعْظَمُ مِنْ أُحُدٍ

**8373-** حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ التِّنِّيسِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِى فُدَيْكٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَعْقُوبَ، عَنِ ابْنِ أَبِى حَرْمَلَةَ مَوْلَى حُوَيْطِبٍ: أَنَّ سَارَةَ بِنْتَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ أَبَاهَا أَخْبَرَهَا، قَالَ: بَيْنَمَا هُوَ يَمْشِى وَرَاءَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا هَمَزَهُ أَصْحَابُهُ -أَوْ بَعْضُهُمْ- فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِى نَفْسِى بِيَدِهِ، لَعَبْدُ اللّٰهِ فِى الْمَوَازِينِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَثْقَلُ مِنْ أُحُدٍ كَأَنَّهُمْ عَجِبُوا مِنْ خِفَّتِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے چل رہے تھے' آپ کے اصحاب یا بعض صحابہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مذاق کیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ ذات جس کے قبضہ میں میری جان ہے! عبداللہ کے نامۂ اعمال کا وزن قیامت کے دن اُحد پہاڑ سے زیادہ وزنی ہوگا' جس نے اُن کی پنڈلی کے کمزور ہونے پر تعجب کیا۔

## بَابٌ

**8374-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: جَاءَنِى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَدْ فَرَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ وَأَنَا أَرْعَى غَنَمًا لِابْنِ أَبِى مُعَيْطٍ بِجِيَادٍ، فَقَالَ: يَا غُلَامُ، عِنْدَكَ لَبَنٌ

## باب

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میرے پاس آئے' وہ مشرکین سے نکلے تھے جبکہ میں جیاد کے مقام پر ابومعیط کے بیٹے کی بکریاں چرا رہا تھا۔ فرمایا: اے لڑکے! کیا تیرے پاس ہمیں پلانے کیلئے دودھ ہے؟ میں نے عرض کی: بے شک میں امانت دار ہوں (میں مالک نہیں ہوں) میں آپ لوگوں کو دودھ پلانے سے قاصر

8374- ورواه أحمد رقم الحديث: 4412,3599,3598' وأبو يعلى جلد 1 صفحه 236,23' ونسبه ابن كثير فى شمائل الرسول صفحه 193 الى البيهقى فى دلائل النبوة وصححه المرحوم أحمد محمد شاكر فى تعليقه على المسند.

ورواه أبو نعيم فى الحلية جلد 1 صفحه 125' والبزار جلد 1 صفحه 283 مختصرًا .

تَسْقِينَا؟ فَقُلْتُ: إِنِّي مُؤْتَمَنٌ، وَلَسْتُ بِسَاقِيكُمْ، فَقَالَ: عِنْدَكَ جَذَعَةٌ لَمَّا يَنْزُ عَلَيْهَا الْفَحْلُ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَأَتَيْتُهُ بِهَا فَمَسَحَ الضَّرْعَ فَحَفَلَ الضَّرْعُ، وَأَتَاهُ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِصَخْرَةٍ مُقَعَّرَةٍ، فَحَلَبَ وَشَرِبَ، وَسَقَى، وَسَقَى أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَسَقَانِي، وَقَالَ لِلضَّرْعِ: اقْلِصْ فَقَلَصَ

ہوں۔ فرمایا: تیرے پاس آٹھ یا نو ماہ کی ایسی بکری ہے کوئی نر جس کے قریب نہ گیا ہو؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! پس میں وہ لے کر آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے تھنوں کو ہاتھ لگایا اور فوراً دودھ آیا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس گہرائی والا وسیع برتن لے کر حاضر ہوئے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دودھ نکالا' پیا اور پلایا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بھی پلایا اور مجھے بھی پلایا اور ان تھنوں سے مخاطب ہو کر فرمایا: سکڑ جا! تو وہ سکڑ گئے۔

**8375-** ثُمَّ أَتَيْتُهُ بَعْدَ ذَلِكَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَلِّمْنِي مِنْ هَذَا الْقَوْلِ -أَوْ مِنْ هَذَا الْقُرْآنِ- قَالَ: إِنَّكَ غُلَامٌ مُعَلَّمٌ فَأَخَذْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً لَا يُنَازِعُنِي فِيهَا أَحَدٌ

اس کے بعد پھر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اس قول یا اس قرآن سے مجھے سکھائیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو سیکھا ہوا غلام ہے۔ پس میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانی ستر سورتیں سیکھیں جن میں کوئی بھی مجھ سے جھگڑا نہیں کر سکتا۔

**8376-** حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ، ثنا يَعْلَى بْنُ مَهْدِيٍّ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنْتُ فِي غَنَمٍ لِعُقْبَةَ بْنِ أَبِي مُعَيْطٍ فَأَتَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا غُلَامُ هَلْ مَعَكَ مِنْ لَبَنٍ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، وَلَكِنِّي مُؤْتَمَنٌ، قَالَ: فَائْتِنِي بِشَاةٍ لَمْ يَنْزُ عَلَيْهَا الْفَحْلُ فَأَتَيْتُهُ بِعَنَاقٍ أَوْ جَذَعَةٍ، فَجَعَلَ يَمْسَحُ الضَّرْعَ وَيَدْعُو حَتَّى أَنْزَلَتْ، فَأَتَى أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِصَخْرَةٍ فَاحْتَلَبَ فِيهَا ثُمَّ نَاوَلَ أَبَا بَكْرٍ فَشَرِبَ، ثُمَّ شَرِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' فرماتے ہیں کہ میں عقبہ بن ابی معیط کی بکریوں میں تھا تو میرے پاس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے' فرمایا: اے لڑکے! کیا تیرے پاس دودھ ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! لیکن میں امانت دار ہوں۔ فرمایا: (پھر) ایسی بکری لاؤ کہ نر جس کے قریب نہ ہوا ہو۔ پس میں سال کی یا نو ماہ کی ایک بکری لایا' پس آپ اس کے تھنوں کو ملنے لگے اور دعا کرنے لگے یہاں تک کہ دودھ اُتر آیا۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ایک برتن لے کر حاضر خدمت ہوئے' جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دودھ نکالا' پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دیا' اُنہوں نے پیا پھر بعد میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیا

بَعْدَهُ، ثُمَّ قَالَ لِلضَّرْعِ: اقْلِصْ بِإِذْنِ اللّٰهِ فَقَلَصَ فَعَادَ إِلَى مَا كَانَ

پھر تھنوں سے فرمایا: اللہ کے حکم سے سکڑ جاؤ! پس وہ سکڑ کر اسی حالت پر ہو گئے جس پر پہلے تھے۔

**8377**- فَلَمَّا كَانَ بَعْدُ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: عَلِّمْنِي مِنْ هَذَا الْقُرْآنِ أَوْ مِنْ هَذَا الْكَلَامِ، فَمَسَحَ رَأْسِي وَقَالَ: إِنَّكَ غُلَامٌ مُعَلَّمٌ فَلَقَدْ أَخَذْتُ مِنْ فِيهِ سَبْعِينَ سُورَةً مَا يُنَازِعُنِي فِيهَا بَشَرٌ

پس جب اس کے بعد میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آیا تو میں نے عرض کی: اس قرآن یا اس کلام سے مجھے سکھائیں! پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا: تُو سیکھا ہوا غلام ہے۔ پس میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان سے ستر سورتیں حاصل کیں، جن میں کوئی فرد بشر مجھ سے مناظرہ نہیں کر سکتا۔

**8378**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ الْأَدَمِيُّ الشِّيرَازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَفْرِيقِيِّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَرَّ بِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا فِي غَنَمٍ لِعُقْبَةَ فَمَسَحَ رَأْسِي، وَقَالَ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، إِنَّكَ غُلَيِّمٌ مُعَلَّمٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس سے گزرے، میں عقبہ کی بکریاں چرا رہا تھا، آپ نے میرے سر پر دست مبارک پھیرا اور فرمایا: اللہ تم پر رحم کرے! تم تو پڑھے ہوئے غلام ہو۔

**8379**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: حُدِّثْتُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَضِيتُ لِأُمَّتِي بِمَا رَضِيَ لَهَا ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ

حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیان کیا کہ میں اپنی اُمت کے لیے اس شی پر راضی ہوں جو ابن اُم عبد پسند کرے۔

---

8378- ورواه المصنف فى الأوسط (357 مجمع البحرين)، والبزار جلد 1 صفحه 303، والحاكم جلد 3 صفحه 319,318، 317، وصححه على شرط الشيخين ووافقه الذهبى . وذكر الحاكم له علة وهو أن سفيان واسرائيل روياه عن منصور عن القاسم مرسلًا . قال فى المجمع جلد 9 صفحه 260 رواه البزار والطبرانى فى الأوسط باختصار الكراهة ورواه فى الكبير منقطع الاسناد وفى اسناد البزار محمد بن حميد الرازى وهو ثقة وفيه خلاف وبقية رجاله وثقوا .

## بَابٌ

**8380-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: اقْرَأْ فَافْتَتَحَ سُورَةَ النِّسَاءِ حَتَّى إِذَا انْتَهَى: (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هَؤُلَاءِ شَهِيدًا) (النساء: 41) الْآيَةَ، دَمَعَتْ عَيْنَاهُ وَقَالَ: حَسْبُنَا

## باب

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے فرمایا: قرآن پڑھو! میں نے سورۂ نساء شروع کی اور اس آیت پر پہنچا: ''تو کیسا ہوگا جب ہم ہر اُمت سے ایک گواہ لائیں گے اور اے محبوب! تمہیں ان پر گواہ اور نگہبان بنا کر لائیں گے''۔ تو آپﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوئے' آپ نے فرمایا: ہمارے لیے کافی ہے۔

**8381-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَأْ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَقْرَأُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ أُنْزِلَ، قَالَ: نَعَمْ، فَقَرَأْتُ سُورَةَ النِّسَاءِ حَتَّى انْتَهَيْتُ إِلَى هَذِهِ الْآيَةِ: (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هَؤُلَاءِ شَهِيدًا) (النساء: 41) قَالَ: حَسْبُكَ الْآنَ فَالْتَفَتُّ إِلَيْهِ فَإِذَا عَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: قرآن پڑھو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے سامنے قرآن پڑھوں حالانکہ قرآن آپ پر نازل ہوا ہے؟ آپﷺ نے فرمایا: جی ہاں! پس میں نے سورۂ نساء شروع کی' جب اس آیت ''فکیف اذا جئنا الی آخرہ'' تک پہنچا تو آپﷺ نے فرمایا: اب بس کرو! میں نے دیکھا تو آپﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

8380- ورواه أحمد رقم الحديث: 4118,3606,3551,3550' والبخاری رقم الحديث: 5056,5055,5050,5049, 4581' ومسلم رقم الحديث: 800' وأبو داؤد رقم الحديث: 3651' والترمذی رقم الحديث: 5015,5014,5013' والحاكم جلد3صفحه319' والبزار جلد1صفحه284۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ الْكُوفِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَأْ عَلَيَّ سُورَةَ النِّسَاءِ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے فرمایا: سورۂ نساء پڑھو اس کے بعد اس کی مثل حدیث ذکر کی۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس کی مثال جو نماز پر ہمیشگی کرتا ہے اس آدمی کی طرح ہے جو دروازہ کھٹکھٹاتا رہتا ہے' اور جو دروازہ کھٹکتا رہتا ہے قریب ہے ہوسکتا ہے اس کیلئے کھول دیا جائے۔

**8905**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رات کی نماز (تہجد) کو دن کی نماز پر فضیلت حاصل ہے' اس طرح جس طرح چھپا کر صدقہ دینے کو فضیلت حاصل ہے علانیہ

---

8903- انظر ما بعده .

8904- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4735' قال في المجمع جلد2صفحه257' ورجاله رجال الصحيح .

8905- انظر ما بعد ورواه ابن المبارك في الزهد وسيأتي في المرفوع .

عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: فَضْلُ صَلَاةِ اللَّيْلِ عَلَى صَلَاةِ النَّهَارِ كَفَضْلِ صَدَقَةِ السِّرِّ عَلَى الْعَلَانِيَةِ

صدقہ دینے پر۔

**8906-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَضْلُ صَلَاةِ اللَّيْلِ عَلَى صَلَاةِ النَّهَارِ كَفَضْلِ صَدَقَةِ السِّرِّ عَلَى الْعَلَانِيَةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رات کی نماز (تہجد) کو دن کی نماز پر فضیلت حاصل ہے اس طرح جس طرح چھپا کر صدقہ دینے کو فضیلت حاصل ہے علانیہ صدقہ دینے پر۔

**8907-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: سَيِّدُ الشُّهُورِ رَمَضَانُ، وَسَيِّدُ الْأَيَّامِ يَوْمُ الْجُمُعَةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تمام مہینوں کا سردار رمضان شریف ہے اور تمام دنوں کا سردار جمعہ شریف ہے۔

**8908-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، قَالَ: تَلَا عَبْدُ اللّٰهِ هَذِهِ الْآيَةَ: (يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ، وَالسَّمَاوَاتُ وَبَرَزُوا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ) (إبراهيم: **48**)، قَالَ: يُجَاءُ بِأَرْضٍ كَأَنَّهَا سَبِيكَةُ فِضَّةٍ لَمْ يُسْفَكْ عَلَيْهَا دَمٌ، وَلَمْ تُعْمَلْ عَلَيْهَا خَطِيئَةٌ، فَأَوَّلُ مَا يُحْكَمُ بَيْنَ النَّاسِ فِيهِ فِي الدِّمَاءِ

حضرت زر سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''جس دن یہ زمین دوسری زمین سے تبدیل کر دی جائے گی اور آسمان بھی تبدیل کر دیئے جائیں گے اور (سب) لوگ (قبروں سے نکل کر) اس کی بارگاہ میں حاضر ہو جائیں گے جو یکتا ہے اور سب پر غالب ہے''۔ فرمایا: زمین کو لایا جائے گا گویا وہ پگھلی ہوئی سانچے میں ڈھلی ہوئی چاندی ہے جس پر کوئی خون ریزی نہیں کی گئی ہے اور نہ اس پر کوئی غلطی کی گئی ہے سب سے پہلے جس چیز کا فیصلہ کیا جائے گا' وہ خون ہے۔

---

8906- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4735 .

8907- قال في المجمع جلد3 صفحه145' وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه .

8908- قال في المجمع جلد7 صفحه45' واسناده جيد .

**8909**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ أَبِي الْعُبَيْدَيْنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: الْأَوَّاهُ الرَّحِيمُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: الاواہ سے مراد رحم دلی ہے۔

**8910**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: (إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ) (التوبة:**114** ) قَالَ: الْأَوَّاهُ الرَّحِيمُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس آیت کی ''بے شک ابراہیم علیہ السلام مہربان شخصیت تھے''۔فرمایا: الاواہ سے مراد رحم دلی ہے۔

**8911**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ قَالَ: سُئِلَ ابْنُ مَسْعُودٍ عَنِ الْأَوَّاهِ؟ قَالَ: هُوَ الدَّعَّاءُ

حضرت زر فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود سے الاواہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: یہ دعا ہے۔

**8912**- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ يُحَدِّثُ كُلَّ يَوْمٍ فِي الْمَسْجِدِ، فَإِذَا كَانَ يَوْمُ الْخَمِيسِ انْتَابَهُ أَهْلُ الرَّسَاتِيقِ

حضرت یوسف بن سعد فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہر روز مسجد میں حدیث پڑھایا کرتے تھے پس جب جمعرات کا دن آتا تو قصبوں اور دیہاتوں والے لگاتار آتے' پس ایک نابینا آدمی نے آ کر عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! ''اوّاہ'' کیا ہے؟ فرمایا: بہت مہربان

---

8909- في الأصلين الحليم بدل الرحيم وهو خطأ . رواه ابن جرير في تفسيره (17376,17378,17370) .

8910- رواه ابن جرير رقم الحديث: 17385' وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه .

8911- رواه ابن جرير رقم الحديث: 17363-17367' وقال في المجمع جلد 7صفحه35' وفيه عاصم وهو ثقة وقد ضعف .

وَالْقُرَى، فَجَاءَ رَجُلٌ أَعْمَى فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَا الْأَوَّاهُ؟ قَالَ: الرَّحِيمُ، قَالَ: فَمَا التَّبْذِيرُ؟ قَالَ: مَا أُنْفِقَ فِي غَيْرِ حَقٍّ، قَالَ: فَمَا الْمَاعُونُ؟ قَالَ: مَا يَتَعَاوَنُ النَّاسُ بَيْنَهُمْ، يَعْنِي الْعَوَارِي

آدمی۔ کہا: ''تبذیر'' کیا ہے؟ فرمایا: ناحق خرچ کرنا۔ عرض کی: ''ماعون'' کیا ہے؟ فرمایا: جو لوگ آپس میں تعاون کرتے ہیں یعنی ادھار دی جانے والی عام استعمال کی چیزیں۔

8913- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ، أَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ: أَبُو الْعُبَيْدَيْنِ -وَكَانَ رَجُلًا ضَرِيرًا- وَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ يَعْرِفُ لَهُ، فَسَأَلَهُ عَنِ الْمَاعُونِ فَقَالَ: الْفَأْسُ، وَالدَّلْوُ -أَوْ قَالَ: الْفَأْسُ، وَالْقِدْرُ- وَسَأَلَهُ عَنِ التَّبْذِيرِ، فَقَالَ: إِنْفَاقُ الْمَالِ فِي غَيْرِ حِلِّهِ، وَسَأَلَهُ عَنِ الْأَوَّاهِ، قَالَ: الرَّحِيمُ

حضرت یحییٰ بن جزار روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی جن کا نام ابوعبیدین تھا اور وہ نابینا تھا جبکہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اسے جانتے تھے' پس اس نے ''ماعون'' کے بارے پوچھا تو فرمایا: کلہاڑا اور ڈول۔ یا فرمایا: کلہاڑا اور ہنڈیا۔ اس نے ''تبذیر'' کے بارے سوال کیا تو فرمایا: جہاں خرچ کرنا حلال نہ ہو' وہاں مال خرچ کرنا۔ اس نے ''اوّاہ'' کے بارے دریافت کیا' فرمایا: مہربان شخصیت۔

8914- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِي الْعُبَيْدَيْنِ الْعَامِرِيِّ، -وَكَانَ ضَرِيرَ الْبَصَرِ، وَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ يَدِينُهُ، فَقَالَ لِعَبْدِ اللَّهِ: مَنْ نَسْأَلُ إِنْ لَمْ نَسْأَلْكَ؟ فَرَقَّ لَهُ عَبْدُ اللَّهِ، فَقَالَ: مَا الْأَوَّاهُ؟ قَالَ: الرَّحِيمُ، قَالَ: فَمَا الْأُمَّةُ؟ قَالَ: الَّذِي يَعْلَمُ الْخَيْرَ، قَالَ: فَمَا

حضرت ابوعبیدین عامری سے روایت ہے جو کہ نابینا تھے جبکہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اسے قرض دیتے تھے یا اس کے محسن تھے' پس اس نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے عرض کی: اگر آپ سے ہم نہ پوچھیں تو کس سے پوچھیں؟ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا دل اس کیلئے نرم ہوا تو اس نے کہا: ''اوّاہ'' کیا ہے؟ فرمایا: مہربان! عرض کی: اُمت سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: وہ جو خیر کو جانتا ہو۔ عرض کی: ''قانت'' کیا ہے؟ فرمایا: اطاعت گزار! عرض

---

8914- وأبو العبيد هو معاوية بن سبرة بن حصين السوائي العامري الأعمى وهو ثقة . قال في المجمع جلد7 صفحه35 رواه كله الطبراني بأسانيد ورجال الروايتين الأولين ثقات .

الْقَانِتُ؟ قَالَ: الْمُطِيعُ، قَالَ: فَمَا الْمَاعُونُ؟ قَالَ: مَا يَتَعَاوَنُ النَّاسُ بَيْنَهُمْ، قَالَ: فَمَا التَّبْذِيرُ؟ قَالَ: إِنْفَاقُ الْمَالِ فِي غَيْرِ حَقِّهِ

کی: ''ماعون''؟ فرمایا: جولوگ آپس میں تعاون کرتے ہیں۔عرض کی: ''تبذیر''؟ فرمایا: ناحق خرچ کرنا۔

**8915**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ أَبِي الْعُبَيْدَيْنِ قَالَ: سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ عَنِ التَّبْذِيرِ؟ فَقَالَ: الْإِنْفَاقُ فِي غَيْرِ حَقٍّ

حضرت ابوالعبیدین فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے تبذیر کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: تبذیر یہ ہے کہ ناحق میں مال خرچ کرنا۔

**8916**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو وَكِيعٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْعُبَيْدَيْنِ، قَالَ: سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ عَنْ قَوْلِهِ: (وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيرًا) (الإسراء :26 ) قَالَ: هُوَ النَّفَقَةُ فِي غَيْرِ حَقٍّ

حضرت ابوالعبیدین فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اس آیت کہ ''فضول نہ اُڑاؤ'' فرمایا: اس سے مراد ناحق میں مال خرچ کرنا ہے اور ناجائز کاموں میں خرچ نہ کرو۔

**8917**- حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْعُبَيْدَيْنِ، وَسَعْدِ بْنِ عِيَاضٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَتَحَدَّثُ أَنَّ الْمَاعُونَ: الدَّلْوُ، وَالْقِدْرُ، وَالْفَأْسُ لَا يُسْتَغْنَى عَنْهُمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے اصحاب بیان کرتے تھے کہ برتنے والی چیزیں یہ ہیں: ڈول' ہنڈیا اور کلہاڑا' جن کے بغیر گزارہ نہ ہو۔

**8918**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ماعون سے مراد لیتے تھے: کلہاڑا' ہنڈیا اور ڈول۔

---

8916- قال في المجمع جلد7صفحه50' ورجاله ثقات .

8917- قال في المجمع جلد7صفحه143' رواه البزار جلد 1صفحه211 (زوائد البزار)' والطبراني في الأوسط ( 306 مجمع البحرين)' ورجال الطبراني رجال الصحيح . ورواه أبو داؤد رقم الحديث: 1641' ولم يذكر الفأس .

الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: الْمَاعُونَ قَالَ: الْفَأْسُ، وَالْقِدْرُ، وَالدَّلْوُ

**8919**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، حَدَّثَنِي أَبُو الْمُغِيرَةِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، فِي قَوْلِهِ: (وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ) (الماعون: 7) ، قَالَ: هُوَ الْمَالُ الَّذِي لَا يُعْطَى حَقُّهُ، قُلْتُ: إِنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: هُوَ مَا يَتَعَاطَى النَّاسُ بَيْنَهُمْ مِنَ الْخَيْرِ قَالَ: ذَاكَ مَا أَقُولُ لَكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اللہ تعالیٰ کے اس قول کے بارے میں روایت ہے: ''وہ ماعون (عام استعمال کی چیزیں) نہیں دیتے''۔ فرمایا: وہ مال جس کا حق ادا نہ کیا جائے۔ میں نے عرض کی: ابن مسعود فرماتے ہیں: وہ چیزیں جو لوگ ایک دوسرے کو خیراتی طور پر دیتے ہیں۔ فرمایا: جو میں نے تجھے کہا' اس کا مطلب بھی یہی ہے۔

**8920**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ، وَكُنَّا نَعُدُّ الْمَاعُونَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَارِيَةَ الدَّلْوِ، وَالْقِدْرِ، وَأَشْبَاهَ ذَلِكَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہر نیکی صدقہ ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں ماعون سے مراد ڈول' ہنڈیا اور اس جیسی چیزیں عاریۃً لینا مراد لیتے تھے۔

**8921**- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا نَعُدُّ الْمَاعُونَ الْفَأْسَ، وَالْقِدْرَ، وَالدَّلْوَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ماعون سے مراد کلہاڑا' ہنڈیا اور ڈول مراد لیتے تھے۔

**8922**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اس آیت ''منافقین

---

8919- رواه ابن جرير جلد30صفحه315 .

8922- ورواه ابن جرير رقم الحديث: 10746,10742,10741 .

سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (إِنَّ الْمُنَافِقِينَ فِي الدَّرْكِ) (النساء : **145** ) الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ قَالَ: تَوَابِيتُ مِنْ حَدِيدٍ تُطْبَقُ عَلَيْهِمْ

دوزخ کے نیچے والے طبقے میں ہوں گے'' کی تفسیر کہتے ہیں کہ گرم گرم لوہے ان پر ڈالے جائیں گے۔

**8923-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (فَمُسْتَقَرٌّ وَمُسْتَوْدَعٌ) (الأنعام: **98**) قَالَ: الْمُسْتَقَرُّ: الرَّحِمُ، وَالْمُسْتَوْدَعُ: الْأَرْضُ الَّتِي يَمُوتُ فِيهَا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اس آیت کہ ''پھر کہیں نہیں ٹھہرنا ہے اور کہیں امانت رہنا ہے'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ مستقر سے رحم مراد ہے اور مستودع سے مراد وہ زمین جس میں مرنا ہے۔

**8924-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مُسْتَوْدَعُهَا فِي الدُّنْيَا، وَمُسْتَقَرُّهَا فِي الرَّحِمِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مستودعها سے مراد دنیا کی رضا مراد ہے اور مستقرها سے مراد رحم ہے۔

**8925-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اس آیت ''جانوروں میں سے کچھ بوجھ اُٹھانے والے ہیں اور کچھ زمین پر بچھے'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ حمولہ سے اونٹ مراد

---

8923- قال في المجمع جلد7صفحه21 رواه الطبراني عن شيخه عبد الله بن محمد بن سعيد ابن أبي مريم وهو ضعيف .

8924- قال في المجمع جلد7صفحه21' ورجاله رجال الصحيح الا أن ابراهيم لم يدرك ابن مسعود .

8925- قال في المجمع جلد7صفحه21 رواه الطبراني عن شيخه عبد الله بن محمد بن سعيد ابن أبي مريم وهو ضعيف .

الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (وَمِنَ الْأَنْعَامِ حَمُولَةً، وَفَرْشًا) (الأنعام: 142) قَالَ: الْحَمُولَةُ مَا حَمَلَ مِنَ الْإِبِلِ، وَالْفَرْشُ الصِّغَارُ

ہیں اور فرش سے چھوٹے جانور مراد ہیں۔

**8926**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (هَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا أَنْ تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ رَبُّكَ أَوْ يَأْتِيَ بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ) (الأنعام: 158) قَالَ: طُلُوعُ الشَّمْسِ مَعَ الْقَمَرِ مِنْ مَغْرِبِهَا كَالْبَعِيرَيْنِ الْقَرِينَيْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اللہ عزوجل کے اس فرمان کے بارے روایت ہے: ''هل ينظرون الا ان تاتيهم الملائكة الى آخره''۔ فرمایا: مراد یہ ہے کہ سورج' چاند کے ساتھ مغرب سے طلوع ہوگا اور وہ دونوں ایسے قریب ہوں گے جیسے دو اونٹ۔

**8927**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا) (الأنعام: 158) قَالَ: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہٗ اللہ تعالیٰ کے اس قول کے بارے روایت فرماتے ہیں: ''جس دن آپ کے رب کی بعض (مخصوص) نشانیاں آ جائیں گی' نہ دے گا نفع کسی شخص کو اس کا ایمان''۔ اس سے مراد سورج کا مغرب سے طلوع ہونا ہے۔

**8928**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہٗ اللہ تعالیٰ کے

---

8926- قال في المجمع جلد7صفحه22 رواه الطبراني من طريقين أحدهما هذه' وفيها عبد الله بن محمد بن سعيد ابن أبي مريم وهو ضعيف' والآخرة مختصرة ورجالها ثقات .

8927- انظر ما قبله .

سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ شَرِيكٍ، قَالَ: ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عِيَاضٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَوْلُهُ: (وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيرًا) (الإسراء :26 ) ، قَالَ: النَّفَقَةُ فِي غَيْرِ حَقِّهِ

اس قول کے بارے روایت فرماتے ہیں: ''اور بے جا خرچ نہ کرو''۔ فرمایا: اس سے مراد ناحق خرچ کرنا ہے۔

**8929-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، قَالَ: ثنا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ أَنْ يَضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجَاتٍ بِزِينَةٍ) (النور:60 ) قَالَ: الرِّدَاءُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے روایت فرماتے ہیں: ''تو ان پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ اپنے (چہرے ڈھانپنے کیلئے) کپڑے اُتار رکھیں اس حال میں کہ وہ اپنی زینت کو دکھاتی نہ پھریں''۔ فرمایا: اس سے مراد چادر ہے۔

**8930-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: سَأَلْنَا عَبْدَ اللّٰهِ عَنْ هَذِهِ الْآيَةِ: (وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ) (آل عمران:169 ) إِلَى (يُرْزَقُونَ) (آل عمران: 169) قَالَ: أَرْوَاحُ الشُّهَدَاءِ عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ كَطَيْرٍ خُضْرٍ لَهَا قَنَادِيلُ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ، تَسْرَحُ فِي الْجَنَّةِ حَيْثُ شَاءَتْ ، قَالَ: فَاطَّلَعَ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ اطِّلَاعَةً فَقَالَ: هَلْ تَشْتَهُونَ مِنْ شَيْءٍ فَأَزِيدُكُمُوهُ؟ قَالُوا: رَبَّنَا أَلَسْنَا نَسْرَحُ

حضرت مسروق سے روایت ہے' فرماتے ہیں: ہم نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اس آیت کے بارے پوچھا: ''اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کیے جائیں انہیں ہرگز مردہ نہ سمجھو بلکہ وہ اپنے رب کے ہاں زندہ ہیں' انہیں رزق دیا جاتا ہے''۔ فرمایا: شہیدوں کی روحیں اللہ کے ہاں سبز پرندوں کی مانند ہوں گی' ان کیلئے قندیلیں ہوں گی جو عرش کے ساتھ لٹکی ہوئی ہوں گی' جنت میں پھریں گی جہاں چاہیں گی۔ فرمایا: تیرا رب ان پر جھانک کر فرمائے گا: کیا تمہیں کسی چیز کی خواہش ہے تو میں تمہیں عطا کر دوں؟ وہ عرض کریں گے: اے ہمارے رب! کیا ہم تیری جنت میں جہاں چاہتے ہیں گھومتے نہیں پھر رہے ہیں؟ راوی کا بیان'

---

8929- رواه ابن جرير جلد8صفحه166 . وشيخ الطبراني حاله معروف .

8930- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 9554' والحميدى رقم الحديث: 120' ومسلم رقم الحديث: 1887' قال فى المجمع جلد6صفحه328' ورجاله رجال الصحيح وله أسانيد أخر ضعيفة .

فِي الْجَنَّةِ فِي أَيِّهَا حَيْثُ شِئْنَا؟ قَالَ: ثُمَّ اطَّلَعَ عَلَيْهِمُ الثَّانِيَةَ فَقَالَ: هَلْ تَشْتَهُونَ مِنْ شَيْءٍ فَأَزِيدُكُمُوهُ؟ قَالُوا: رَبَّنَا أَلَسْنَا نَسْرَحُ فِي الْجَنَّةِ فِي أَيِّهَا حَيْثُ شِئْنَا؟ ثُمَّ اطَّلَعَ إِلَيْهِمُ الثَّالِثَةَ فَقَالَ: هَلْ تَشْتَهُونَ مِنْ شَيْءٍ فَأَزِيدُكُمُوهُ؟ قَالُوا: تُعِيدُ أَرْوَاحَنَا فِي أَجْسَادِنَا فَنُقَاتِلُ فِي سَبِيلِكَ فَنُقْتَلُ مَرَّةً أُخْرَى، قَالَ: فَسَكَتَ عَنْهُمْ

ہے: پھر دوسری بار اللہ تعالیٰ ان کو ملاحظہ کر کے فرمائے گا: کیا تمہیں کسی چیز کی خواہش ہے کہ میں تمہارے لیے زیادہ کر دوں؟ وہ عرض کریں گے: اے ہمارے رب! کیا ہم جس جنت میں چاہتے ہیں گھومتے نہیں پھر رہے ہیں؟ پھر اللہ تعالیٰ تیسری بار انہیں دیکھ کر فرمائے گا: کیا تمہیں کسی چیز کی خواہش ہے تو میں تمہارے لیے زیادہ کروں؟ وہ عرض کریں گے: ہماری روحیں ہمارے جسموں میں لوٹا دے تو ہم تیری راہ میں جہاد کریں پس ہم ایک بار پھر شہید کیے جائیں۔ فرمایا: (اس کے بعد) اللہ تعالیٰ ان سے سوال نہ فرمائے گا۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: سَأَلْنَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، عَنْ هَذِهِ الْآيَةِ: (وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ) (آل عمران: 169) قَالَ: قَدْ سَأَلْنَا عَنْهَا قَالَ: أَرْوَاحُ الشُّهَدَاءِ كَطَيْرٍ خُضْرٍ، ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَ حَدِيثِ الثَّوْرِيِّ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس آیت کے بارے سوال کیا: ''اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کیے جائیں انہیں ہرگز مردہ نہ سمجھو بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں انہیں رزق دیا جاتا ہے''۔ فرماتے ہیں: ہم نے اس کے بارے سوال کیا تو فرمایا: شہیدوں کی روحیں سبز پرندوں کی طرح ہوں گی۔ پھر امام ثوری کی حدیث کی مثل ذکر کیا۔

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ فِي الثَّالِثَةِ قَالَ: هَلْ تَشْتَهُونَ مِنْ شَيْءٍ فَأَزِيدُكُمُوهُ؟ قَالُوا: تُقْرِئُ نَبِيَّنَا السَّلَامَ عَنَّا،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ تیسری روایت میں فرماتے ہیں کہ اللہ فرمائے گا: کیا تم لوگوں کو کسی چیز کی خواہش ہے کہ میں تمہیں وہ دے دوں؟ وہ عرض کریں گے: ہماری جانب سے ہمارے نبی کو سلام کہہ دینا اور بتانا کہ ہم راضی ہوئے تو ہمیں بھی رضا عطا کی گئی۔

وَتُخْبِرُهُ أَنَّا قَدْ رَضِينَا وَرُضِيَ عَنَّا

**8931**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ ابْنِ سَابِطٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ فِي قَوْلِهِ: (وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ) (البقرة:**24**)، قَالَ: حِجَارَةٌ مِنْ كِبْرِيتٍ يَجْعَلُهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عِنْدَهُ كَيْفَ شَاءَ، وَكَمَا شَاءَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں فرماتے ہیں: ''اور اس کا ایندھن ہیں لوگ اور پتھر''۔ کبریت کا پتھر جس کو اللہ اپنے پاس اور جس طرح اور جیسے چاہے کا بنائے گا۔

**8932**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ السُّدِّيِّ، حَدَّثَنِي أَبُو سَعْدٍ الْأَزْدِيُّ، عَنْ أَبِي الْكَنُودِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (وَقُولُوا حِطَّةٌ) (البقرة: **58**) قَالَ: قَالُوا حِنْطَةٌ حَبَّةٌ حَمْرَاءُ فِيهَا شَعِيرَةٌ، فَذَلِكَ قَوْلُهُ: (فَبَدَّلَ الَّذِينَ ظَلَمُوا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِي قِيلَ لَهُمْ) (البقرة:**59**)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے اس فرمان کے متعلق: ''اور تم حطۃ کہو''۔ فرمایا: اُنہوں نے کہا کہ گندم کا دانہ (حطۃ) اور وہ بھی سرخ' اس میں جو بھی اور یہی مراد ہے اللہ کے اس فرمان سے: ''تو بدل دیا ظالموں نے اس بات کو جو ان سے کہی گئی تھی''۔

**8933**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے اس ارشاد کہ ''تو جو جلدی کر کے دو دن میں چلا جائے تو اس پر کچھ گناہ نہیں ہے اور جو رہ جائے تو اس پر کوئی گناہ

8931- ورواه ابن جرير رقم الحديث: 507,504,503' وحذف ابن سابط في سند منها ورواه الحاكم جلد 2 صفحه 261' وصححه على شرط الشيخين ووافقه الذهبي . وشيخ الطبراني ضعيف انظر المجمع جلد7صفحه127 .

8932- ورواه ابن جرير رقم الحديث: 1023' قال في المجمع جلد6صفحه314 وابن أبي مريم ضعيف . وانظر ما بعده .

8933- قال في المجمع جلد6صفحه318 رواه الطبراني عن شيخه عبد الله بن محمد بن سعيد بن أبي مريم وهو ضعيف .

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (فَمَنْ تَعَجَّلَ فِي يَوْمَيْنِ فَلا إِثْمَ عَلَيْهِ، وَمَنْ تَأَخَّرَ فَلا إِثْمَ عَلَيْهِ) (البقرة:203) قَالَ: مَغْفُورٌ لَهُ

نہیں ہے'' فرمایا: وہ بخشا ہوا ہے۔

**8934**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: أُنْزِلَتْ هَؤُلاءِ الْآيَاتِ مِنْ آخِرِ الْبَقَرَةِ: (آمَنَ الرَّسُولُ) (البقرة:285) مِنْ كَنْزٍ تَحْتَ الْعَرْشِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیات سورۂ بقرہ کے آخر میں نازل کی گئیں: ''ایمان لائے رسول (آخرالزمان)''۔ یہ عرش کے نیچے موجود خزانے سے نازل ہوئی۔

**8935**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا هُشَيْمٌ، أَنَا جُوَيْبِرٌ، عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ (وَإِنْ تُبْدُوا مَا فِي أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوهُ) (البقرة: 284) قَالَ: نَسَخَتْهَا الْآيَةُ الَّتِي بَعْدَهَا: (لَهَا مَا كَسَبَتْ، وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ) (البقرة: 286)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''اور اگر تم ظاہر کرو اس چیز کو جو تمہارے دلوں میں ہے یا اسے چھپاؤ''۔ فرمایا: اس کے بعد والی آیت اس کی ناسخ ہے' ''اس کے فائدے کے لیے ہے جو اس نے (نیک کام) کیا اور اسی پر ضرر ہے اس کا جو اس نے (برا کام) کیا''۔

**8936**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ هَذَا الصِّرَاطَ مُحْتَضَرٌ تَحْضُرُهُ الشَّيَاطِينُ يَقُولُونَ:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک یہ ایک ایسا راستہ ہے جس پر شیطان ہوتے ہیں' کہتے ہوئے: اے اللہ کے بندو! یہ راستہ ہے' پس اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے تھام لو کیونکہ صراطِ مستقیم اللہ کی کتاب ہے۔

---

8934- انظر ما قبله .

8935- ورواه ابن جرير رقم الحديث:6480,6470 . وجويبر متروك .

8936- قال في المجمع جلد6صفحه326 رواه الطبراني عن شيخه عبد الله بن محمد بن سعيد ابن أبي مريم وهو ضعيف .

يَا عِبَادَ اللّٰهِ هَذَا الطَّرِيقُ فَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ فَإِنَّ الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ كِتَابُ اللّٰهِ

**8937-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ جَامِعِ بْنِ أَبِي رَاشِدٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ فِي قَوْلِهِ: (وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا) (آل عمران: **103** ) ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: الْقُرْآنُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں فرماتے ہیں: ''اور اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے سب مل کر تھام لو''۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قرآن ہے۔

**8938-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا هُشَيْمٌ، أَنَا الْعَوَّامُ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: حَبْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ هُوَ الْجَمَاعَةُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کی رسّی سے جماعت مراد ہے۔

**8939-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ جُوَيْبِرٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ فِي قَوْلِهِ: (الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللّٰهَ قِيَامًا وَقُعُودًا وَعَلَى جُنُوبِهِمْ) (آل عمران: **191** ) قَالَ: إِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ أَنْ تُصَلِّيَ قَائِمًا فَقَاعِدًا، وَإِلَّا فَمُضْطَجِعٌ

اللہ عزوجل کے اس فرمان کے متعلق حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: ''جو اللہ کا ذکر کرتے ہیں کھڑے اور بیٹھے اور پہلو پر لیٹے ہوئے''۔ فرماتے ہیں: اگر تو کھڑے ہو کر نماز نہ پڑھ سکے تو بیٹھ کر پڑھ ورنہ پہلو کے بل لیٹ کر''۔

**8940-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کتاب اللہ میں دو آیتیں ایسی ہیں کہ کوئی بندہ جو گناہ بھی کر کے ان کی

---

8937- قال في المجمع جلد6صفحه326' ورجاله رجال الصحيح .

8938- اسناده منقطع كما قال في المجمع جلد6صفحه326 .

8939- قال في المجمع جلد6صفحه329' واسناده منقطع وفيه جويبر وهو متروك .

8940- قال في المجمع جلد7صفحه11' ورجاله رجال الصحيح .

الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ، قَالَا: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِنَّ فِي كِتَابِ اللَّهِ لَآيَتَيْنِ مَا أَذْنَبَ عَبْدٌ ذَنْبًا فَقَرَأَهُمَا فَاسْتَغْفَرَ اللَّهَ إِلَّا غَفَرَ اللَّهُ لَهُ: (وَالَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللَّهَ فَاسْتَغْفَرُوا لِذُنُوبِهِمْ وَمَنْ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا اللَّهُ) (آل عمران: **135** ) ، وَقَوْلُهُ: (وَمَنْ يَعْمَلْ سُوءًا أَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ، ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللَّهَ يَجِدِ اللَّهَ غَفُورًا رَحِيمًا) (النساء: **110** )

تلاوت کرے اللہ سے استغفار کرے اللہ بخش دے گا: ''اور وہ لوگ کہ جب وہ بے حیائی کا کام یا اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اللہ تعالیٰ کو یاد کر کے اپنے گناہوں کی معافی طلب کریں اور اللہ کے سوا کون ہے جو گناہوں کو بخشتا ہے''۔ اور اس کا فرمان: ''جو کوئی بُرائی یا اپنی جان پر ظلم کرے پھر اللہ سے بخشش چاہے اور اللہ بخشنے والا ہے بہت مہربان پائے گا''۔

**8941**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلِيٍّ، وَابْنِ مَسْعُودٍ فِي قَوْلِهِ: (وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ) (النساء: **24** ) قَالَ عَلِيٌّ: الْمُشْرِكَاتُ إِذَا سُبِينَ حَلَّتْ لَهُ ، وَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: الْمُشْرِكَاتُ، وَالْمُسْلِمَاتُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں روایت ہے: ''اور (تم پر حرام کی گئیں) وہ عورتیں جو دوسروں کے نکاح میں ہوں مگر (کافروں کی وہ عورتیں) جن کے تم مالک ہو جاؤ''۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مشرک عورتیں جب قید کر کے لائی جائیں تو وہ حلال ہیں اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول ہے: مشرک اور مسلمان عورتیں۔

**8942**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، أَوِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ) (النساء: **36** ) قَالَ: الْمَرْأَةُ

اللہ کے اس فرمان کے بارے میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: ''اور مجلس کے ساتھی''۔ فرمایا: بیوی۔

---

8941- قال في المجمع جلد7صفحه3 رواه الطبراني عن شيخه عبد الله بن محمد بن سعيد ابن أبي مريم وهو ضعيف .

8942- قال في المجمع جلد4صفحه7 رواه الطبراني عن شيخه عبد الله بن محمد بن سعيد ابن أبي مريم وهو ضعيف .

**8943**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: (وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَى) (السجدة: **21** ) قَالَ: يَوْمُ بَدْرٍ، و (الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ) (السجدة: **21** ) ، قَالَ: مَنْ بَقِيَ مِنْهُمْ أَنْ يَتُوبَ فَيَرْجِعَ

اللہ تعالیٰ اس فرمان کے بارے میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: ''چکھائیں گے بُرا عذاب تاکہ وہ باز آ جائیں''۔ فرمایا: بدر کا دن۔ ''اس بڑے عذاب سے پہلے دیکھنے والا اُمید کرے کہ ابھی باز آئیں گے''۔ فرمایا: ان میں سے جو باقی رہا توبہ کرنے سے' پس وہ رجوع کرے۔

**8944**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّهُ لَمَكْتُوبٌ فِي التَّوْرَاةِ: لِلَّذِينَ تَتَجَافَى جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ مَا لَمْ تَرَ عَيْنٌ، وَلَمْ تَسْمَعْ أُذُنٌ، وَلَمْ يَخْطُرْ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ، وَإِنَّهُ لَفِي الْقُرْآنِ: (فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ) (السجدة: **17** )

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک تورات میں لکھا ہوا ہے ان لوگوں کے لیے جو اپنے پہلو بستروں سے جدا رکھتے ہیں' وہ چیز ہے جسے کسی آنکھ نے دیکھا نہیں' کسی کان نے سنا نہیں اور کسی انسان کے دل میں کھٹکی نہیں' اور قرآن میں ہے: ''تو کسی کو معلوم نہیں جو ان کے لیے آنکھوں کی ٹھنڈک پوشیدہ رکھی گئی ہے''۔

**8945**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنْ كَانَ الْجُعَلُ لَيُعَذَّبُ فِي جُحْرِهِ بِذُنُوبِ بَنِي آدَمَ، ثُمَّ قَرَأَ: (وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر کالا کیڑا بھی ہو تو اسکے بل میں آدمی کے گناہوں کے بدلے اسے عذاب دیا جاتا' پھر آپ نے اس آیت کو پڑھا: ''اور اگر اللہ پکڑتا لوگوں کو اسکی وجہ سے جو اُنہوں نے کیا تو نہ چھوڑتا روئے زمین پر کوئی چلنے والا''۔

---

8943- وشيخ الطبراني عبد الله بن محمد بن سعيد ابن أبي مريم ضعيف كما في المجمع جلد7صفحه90 .

8944- وشيخ الطبراني عبد الله ضعيف كما في المجمع جلد7صفحه90 .

8945- رواه الطبراني عن شيخه عبد الله بن محمد بن سعيد ابن أبي مريم وهو ضعيف انظر المجمع جلد7صفحه97 .

كَسَبُوا مَا تَرَكَ عَلَى ظَهْرِهَا مِنْ دَابَّةٍ) (فاطر: 45)

**8946-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ فِي قَوْلِهِ: (وَالصَّافَّاتِ صَفًّا) (الصافات: 1) قَالَ: الْمَلَائِكَةُ (فَالزَّاجِرَاتِ زَجْرًا) (الصافات: 2) قَالَ: الْمَلَائِكَةُ (فَالتَّالِيَاتِ ذِكْرًا) (الصافات: 3)، قَالَ: الْمَلَائِكَةُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کے اس فرمان کے متعلق ''قسم صف بستہ جماعتوں کی کہ صف باندھے''۔ فرمایا: فرشتے۔ ''پھر جھڑکنے والی جماعتوں کی جھڑکیں''۔ فرمایا: فرشتے! ''قرآن کی تلاوت کرنے والی جماعتوں کی''۔ فرمایا: فرشتے مراد ہیں۔

**8947-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ فِي السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ سَمَاءٌ مَا فِيهَا مَوْضِعُ شِبْرٍ إِلَّا عَلَيْهِ جَبْهَةُ مَلَكٍ أَوْ قَدَمَاهُ قَائِمًا، ثُمَّ قَرَأَ: (وَإِنَّا لَنَحْنُ الصَّافُّونَ وَإِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُونَ) (الصافات: 166)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سات آسمانوں میں ایک آسمان ہے جس میں ایک بالشت کے برابر جگہ ایسی نہیں ہے جہاں کسی فرشتہ کی پیشانی نہ ہو یا کھڑے ہوئے اس کے دونوں قدم نہ ہوں' پھر یہ آیت پڑھی: ''اور بے شک ہم ہی صف باندھنے والے ہیں اور بے شک (اس شان سے) ضرور ہم ہی تسبیح کرنے والے ہیں''۔

**8948-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: (وَعَزَّنِي فِي الْخِطَابِ) (ص:

حضرت مسروق نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی: ''وہ بھی مجھے حوالے کر دے اور بات میں مجھ پر اور ڈالتا ہے''۔ فرمایا: جو حضرت داؤد نے زیادہ کیا' اُنہوں نے کہا: ''مجھے اس کا کفیل بنا دے''۔

---

8946- هو كما قبله وانظر المجمع جلد7صفحه98 .

8947- هو كذلك انظر المجمع جلد7صفحه98 .

8948- هو كذلك انظر المجمع جلد7صفحه99 .

23) قَالَ: مَا زَادَ دَاوُدُ عَلَى أَنْ قَالَ: (أَكْفِلْنِيهَا) (ص:23)

8949- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (رَبَّنَا أَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَأَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ) (غافر:11)، قَالَ: هِيَ مِثْلُ الَّتِي فِي الْبَقَرَةِ: (كُنْتُمْ أَمْوَاتًا فَأَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ) (البقرة: 28)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے اس فرمان کے بارے میں: ''اے ہمارے رب! تُو نے ہمیں دوبار موت دی اور دوبار ہی زندہ کیا''۔ فرمایا: یہ فرمان اسی کی مثل ہے جو سورۂ بقرہ میں ہے: ''حالانکہ تم مردہ تھے اس نے تمہیں جلایا پھر قیامت کو تمہیں جلائے گا' پھر اسی کی طرف پلٹ کر جاؤ گے''۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، مِثْلَ حَدِيثِ إِسْرَائِيلَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اسرائیل راوی کی حدیث کی مثل حدیث روایت کی۔

8950- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا فِي الْمَسْجِدِ إِذْ دَخَلَ عَلَيْنَا رَجُلٌ يُحَدِّثُ، قَالَ: يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ دُخَانٌ فَيَأْخُذُ بِأَسْمَاعِ الْمُنَافِقِينَ، وَيَأْخُذُ الْمُؤْمِنِينَ كَهَيْئَةِ الزُّكَامِ، فَدَخَلْنَا عَلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَحَدَّثْنَاهُ وَهُوَ مُتَّكِءٌ

حضرت مسروق فرماتے ہیں: ہم مسجد میں بیٹھے تھے' اچانک ہم پر ایک آدمی داخل ہوا' اس نے حدیث بیان کرتے ہوئے کہا: قیامت کے دن دھواں آئے گا' پس وہ منافقوں کے کانوں سے پکڑے گا اور ایمان والوں کیلئے صرف نزلہ زکام کی شکل میں ظاہر ہوگا۔ پس ہم نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آ کر یہ حدیث بیان کی اس حال میں کہ وہ تکیہ لگائے ہوئے تھے' آپ اُٹھ کر بیٹھ گئے' فرمایا: اے لوگو! جو علم حاصل کرے' صرف وہی علمی گفتگو کر

8949- هو كذلك انظر المجمع جلد7صفحه102 .

فَجَلَسَ فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، مَنْ عَلِمَ عِلْمًا فَلْيَتَكَلَّمْ بِهِ، وَمَنْ لَمْ يَعْلَمْ فَلْيَقُلْ: اللّٰهُ أَعْلَمُ، فَإِنَّهُ مَنْ عِلْمِ الرَّجُلِ أَنْ يَقُولَ لِمَا لَا يَعْلَمُ: اللّٰهُ أَعْلَمُ، وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ لِنَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ) (ص: 86) وَسَأُحَدِّثُكُمْ عَنِ الدُّخَانِ: إِنَّ قُرَيْشًا لَمَّا اسْتَعْصَوْا وَأَبْطَئُوا عَنِ الْإِسْلَامِ دَعَا عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ أَعِنِّي عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوسُفَ، فَأَصَابَتْهُمْ سَنَةٌ حَتَّى حَصَتْ كُلَّ شَيْءٍ حَتَّى أَكَلُوا الْمَيْتَةَ وَالْعِظَامَ، حَتَّى جَعَلَ الرَّجُلُ يَرَى مَا بَيْنَهُ، وَبَيْنَ السَّمَاءِ دُخَانًا، فَذَلِكَ قَوْلُهُ: (فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِينٍ يَغْشَى النَّاسَ هَذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ) (الدخان: 11) فَكَشَفَ عَنْهُمْ فَعَادُوا فِي كُفْرِهِمْ، فَأَخَذَهُمْ يَوْمَ بَدْرٍ فَذَلِكَ قَوْلُهُ: (يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَى إِنَّا مُنْتَقِمُونَ) (الدخان: 16) قَالَ: الْبَطْشَةُ الْكُبْرَى يَوْمُ بَدْرٍ

سکتا ہے اور جس نے علم حاصل نہیں کیا‘ وہ کہے: اللہ بہتر جانتا ہے! کیونکہ آدمی کے علم کی نشانی یہ ہے کہ جو بات وہ نہیں جانتا‘ اس کے بارے میں کہے: اللہ بہتر جانتا ہے! حالانکہ اللہ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرمایا: فرما دیجئے! میں اس قرآن کی تبلیغ پر تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتا اور نہ ہی میں اپنی طرف سے کوئی بات بنا کر کہنے والوں میں سے ہوں‘ عنقریب میں تم کو دخان کے بارے بیان کروں گا: بے شک جب قریشیوں نے نافرمانی کی اور اسلام لانے میں دیر کی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے خلاف دعا کی‘ کہا: اے اللہ! ان کے خلاف سات سالوں کے ساتھ میری مدد کر جس طرح حضرت یوسف کی سات کے ساتھ مدد فرمائی‘ ان پر قحط پڑا حتیٰ کہ اس نے ہر شی ختم کر دی اور وہ مردار اور ہڈیاں کھانے پر مجبور ہو گئے‘ حتیٰ کہ آدمی کو اپنے اور آسمان کے درمیان دھواں نظر آتا۔ پس اللہ کے اس فرمان کا یہی مطلب ہے: ”تو (اے اہلِ مکہ!) تم اس قحط کے دن کا انتظار کرو جس دن آسمان ایک ظاہر نظر آنے والا دھواں لائے گا جو لوگوں کو ڈھانپ لے گا‘ یہ درد ناک عذاب ہے‘ اس دن کہیں گے: اے ہمارے رب! ہم سے یہ عذاب دور کر دے تو بے شک ہم ایمان لاتے ہیں“۔ پس ان سے عذاب دُور کیا‘ پس اُنہوں نے دوبارہ کفر اختیار کیا تو اس کے بدلے بدر میں ان کو دوبارہ عذاب آیا‘ اللہ کے اس فرمان سے یہی مراد ہے: ”اس دن کو یاد کرو جس دن ہم کافروں کو سب سے بڑی پکڑ کے ساتھ پکڑیں گے‘ بے شک ہم انتقام لینے والے ہیں“۔ فرمایا: بطشة

الکبریٰ سے مراد بدر کا دن ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، مِثْلَهُ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک اور سند کے ساتھ اسی کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، وَأَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَمَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ يُحَدِّثُ فِي كِنْدَةَ قَالَ: يَجِيءُ دُخَانٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَأْخُذُ بِأَسْمَاعِ الْمُنَافِقِينَ، فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت مسروق فرماتے ہیں: اسی دوران کہ ایک آدمی بنوکندہ میں بات کر رہا تھا کہ کہا: قیامت کے دن دھواں آئے گا' وہ منافقین کے کانوں سے پکڑے گا۔ اس کے بعد حدیث (اوپر والی) بیان کی۔

**8951**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ صُبَيْحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مَسْرُوقًا، يَقُولُ: قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ: خَمْسٌ قَدْ مَضَيْنَ: الدُّخَانُ، وَالْقَمَرُ، وَالرُّومُ، وَالْبَطْشَةُ، وَاللِّزَامُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پانچ نشانیاں گزر گئی ہیں: (۱) دھواں (۲) چاند کا شق ہونا (۳) روم (۴) پکڑنا (۴) لازم کرنا۔

**8952**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ

8952- ورواه أحمد رقم الحديث: 4289' والبخاري رقم الحديث: 4858' قال الحافظ في الفتح جلد 8 صفحه 611 هذا ظاهره يغاير التفسير السابق أنه رأى جبريل' ولكن يوضح المراد ما أخرجه النسائي والحاكم جلد 2 صفحه 468-469 قال: أبصر نبي الله صلى الله عليه وآله وسلم جبريل عليه السلام على رفرف قد ملأ ما بين السماء والأرض' فيجتمع من الحديثين أن الموصوف جبريل' والصفة التي كان عليها' وقد وقع في رواية محمد بن فضيل عند الاسماعيلي وفي رواية ابن عيينة عند النسائي' كلاهما عن الشيباني عن زر عن عبد الله أنه

سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ فِي قَوْلِهِ: (لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى) (النجم: 18 )، قَالَ: رَأَى جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي حُلَّةٍ، رَفْرَفٌ قَدْ مَلَأَ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ، وَالْأَرْضِ

کے اس فرمان کے متعلق: ''تحقیق آپ ﷺ نے اپنے رب کی بڑی نشانی کو دیکھا'' فرمایا: جبریل علیہ السلام کو خوبصورت لباس میں دیکھا' اُنہوں نے آسمان و زمین کے درمیان کو بھر دیا تھا۔

**8953-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: (لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى) (النجم: 18 ) قَالَ: رَأَى رَفْرَفًا أَخْضَرَ قَدْ سَدَّ الْأُفُقَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے اس فرمان کے بارے میں: ''تحقیق آپ ﷺ نے اپنے رب کی بڑی نشانی کو دیکھا'' فرمایا: آپ ﷺ نے سبز رنگ کے رفرف کو دیکھا جس نے کناروں کو بھر دیا تھا۔

**8954-** حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، وَسَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْقَزَّازُ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالُوا: أنا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے اس فرمان کے بارے میں: ''تحقیق آپ ﷺ نے اپنے رب کی بڑی نشانی کو دیکھا'' فرمایا: آپ ﷺ نے سبز رنگ کے رفرف کو دیکھا جس نے کناروں کو بھر دیا تھا۔

---

رأى جبريل له ستمائة جناح قد سد الأفق' والمراد أن الذى سد الأفق الرفرف الذى فيه جبريل' فنسب جبريل الى سد الأفق مجازًا' وفى رواية أحمد رقم الحديث: 3971,3740' والترمذى رقم الحديث: 3337' وصححها من طريق عبد الرحمٰن بن يزيد عن ابن مسعود رأى (رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم) جبريل فى حلة من رفرف قد ملأ ما بين السماء والأرض' وبهذه الرواية يعرف المراد بالرفرف وأنه حلة . قلت: رواية الحاكم مثل رواية أحمد والترمذى .

8953- ورواه أحمد رقم الحديث: 4289 .

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: (لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى) (النجم:18) قَالَ: رَأَى رَفْرَفًا أَخْضَرَ قَدْ سَدَّ أُفُقَ السَّمَاءِ

**8955**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: (لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى) (النجم:18) قَالَ: رَفْرَفًا خُضْرًا مِنَ الْجَنَّةِ قَدْ سَدَّ الْأُفُقَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے اس فرمان کے بارے میں: ''تحقیق آپ ﷺ نے اپنے رب کی بڑی نشانی کو دیکھا'' فرمایا: آپ ﷺ نے سبز رنگ کے رفرف کو دیکھا جس نے کناروں کو بھر دیا تھا۔

**8956**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ فِي قَوْلِهِ: (لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى) (النجم:18) قَالَ: رَأَى مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِبْرِيلَ فِي صُورَتِهِ لَهُ سِتُّ مِائَةِ جَنَاحٍ مَا مِنْهَا جَنَاحٌ إِلَّا قَدْ سَدَّ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ، وَالْمَغْرِبِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد کہ ''بے شک آپ نے اپنے رب کی بڑی نشانیاں دیکھیں'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت جبریل علیہ السلام کو ان کی اصلی صورت میں دیکھا کہ ان کے چھ سو پَر تھے ایک پَر سے مشرق اور مغرب کو گھیرا ہوا تھا۔

**8957**- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد کہ ''آپ نے اپنے رب کی بڑی نشانیاں دیکھیں''

---

8956- ورواه أحمد رقم الحديث: 4396,3915 . قال ابن كثير في تفسيره جلد4صفحه251 وهذا اسناد جيد قوى .

8957- ورواه أحمد رقم الحديث: 3780 والترمذى رقم الحديث: 3331 . وتقدم عن الحافظ أن الاسماعيلى والنسائى روياه وزادا (قد سد الأفق) . ورواه أحمد رقم الحديث: 3862,3748 من طريق أبى وائل شقيق عن ابن مسعود . قال ابن كثير فى تفسيره جلد4صفحه251 اسناده جيد أيضًا رقم الحديث: 3862 .

بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ، ثنا سُفْيَانُ، كُلُّهُمْ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ فِي قَوْلِهِ: (لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى) (النجم: 18) ، قَالَ: لَهُ سِتُّ مِائَةِ جَنَاحٍ

کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت جبریل کے چھ سو پَر دیکھے۔

**8958**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنِ الْحَسَنِ الْعُرَنِيِّ، عَنْ هُزَيْلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى) (النجم: 14) ، قَالَ: صُبْرُ الْجَنَّةِ جُعِلَ عِنْدَهَا قُصُورُ السُّنْدُسِ وَالْإِسْتَبْرَقِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد کہ ''عند سدرة المنتهى'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ جنت کا اعلیٰ ترین مقام ہے سندس اور استبرق کے محلات میں۔

**8959**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِينَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ، وَإِنَّ

عمرو بن میمون سے مروی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نیک خواب نبوت کے ستر اجزاء میں سے ایک ہے اور گرم ہوا جس سے جنوں کو پیدا کیا گیا وہ جہنم کی آگ کے ستر اجزاء میں سے ایک جزء ہیں اور تمہاری یہ آگ بھی جہنم کی آگ کا سترواں جزء

---

8958- ورواه ابن جرير جلد27صفحه45 .

8959- قال في المجمع جلد7صفحه173 رواه الطبراني عن شيخه عبد الله بن محمد بن سعيد ابن أبي مريم وهو ضعيف .

السَّمُومَ الَّتِي خُلِقَ مِنْهَا الْجَانُّ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِينَ جُزْءاً مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ، وَإِنَّ نَارَكُمْ هَذِهِ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِينَ جُزْءاً مِنْ نَارِ جَهَنَّمْ

ہے۔

**8960-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: الْمَرْجَانُ الْخَرَزُ الْأَحْمَرُ

حضرت مسروق سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مرجان سے مراد سرخ رنگ کے موتی ہیں۔

**8961-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوا مِنَ الْآخِرَةِ) (الممتحنة: **13** ) فَلَا يُؤْمِنُوا بِهَا وَلَا يُؤْجَرُوا، هَذَا الْكَافِرُ إِذَا مَاتَ وَعَايَنَ ثَوَابَهُ، وَاطَّلَعَ عَلَيْهِ

حضرت مسروق سے روایت ہے کہ اللہ کے اس فرمان کے بارے میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے یہ مروی ہے: ''یا ایها الذین آمنوا الٰی آخرہٖ '' پس وہ اس پر ایمان نہ لائیں گے اور نہ انہیں اجر ملے گا' یہ کافر جب مرے گا اور اس کا ثواب دیکھے گا اور اس پر مطلع ہوگا۔

**8962-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت اسود بن ہلال فرماتے ہیں: ایک آدمی

---

8960- قال في المجمع جلد 7 صفحه 218 رواه الطبراني عن شيخه عبد الله بن محمد بن سعيد ابن أبي مريم وهو ضعيف .

8961- قال في المجمع جلد 7 صفحه 124 رواه الطبراني عن شيخه عبد الله بن محمد بن سعيد ابن أبي مريم وهو ضعيف .

8962- قال في المجمع جلد 7 صفحه 123 رواه الطبراني عن شيخه عبد الله بن محمد بن سعيد ابن أبي مريم وهو ضعيف .

سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فَسَأَلَهُ عَنْ هَذِهِ الْآيَةِ: (وَمَنْ يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ) (الحشر: 9) وَإِنِّي امْرُؤٌ مَا قَدَرْتُ أَنْ لَا يَخْرُجَ مِنِّي شَيْءٌ وَقَدْ خَشِيتُ أَنْ أَكُونَ قَدْ أَصَابَتْنِي هَذِهِ الْآيَةُ، فَقَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ: ذَكَرْتَ الْبُخْلَ، وَبِئْسَ الشَّيْءُ الْبُخْلُ، وَأَمَّا مَا ذَكَرَ اللهُ فَلَيْسَ مَا قُلْتَ، ذَاكَ أَنْ تَعْمِدَ إِلَى مَالِ غَيْرِكَ أَوْ مَالِ أَخِيكَ فَتَأْكُلَهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس نے اس آیت کے بارے پوچھا: ''ومن یوق شح نفسہ الی آخرہ'' اور میں وہ آدمی ہوں جو قادر نہیں کہ مجھ سے کوئی چیز نکلے' مجھے خوف ہے کہ اس سے مراد میں ہوں' مجھے یہ آیت ملی ہے۔ پس حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو نے بخل کا ذکر کیا اور بخل کتنی بُری شی ہے لیکن جو چیز اللہ نے ذکر فرمائی ہے' پس جو تُو نے کہی ہے' وہ نہیں ہے۔ وہ یہ ہے کہ تُو غیر کے مال یا اپنے بھائی کے مال کا ارادہ کر کے جائے اور اسے کھالے۔

**8963**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ فِي قَوْلِهِ: (حُسُومًا) (الحاقة: 7) قَالَ: مُتَتَابِعَاتٌ

اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: ''حسوما'' فرمایا: پے در پے (آگے پیچھے)۔

**8964**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ مُرَّةُ: عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (خِتَامُهُ مِسْكٌ) (المطففين: 26) قَالَ:

حضرت مرہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: ''ختامہ مسك'' فرمایا: اس سے مراد مہر نہیں ہے جس سے چیز کو بند کیا جاتا ہے بلکہ اس میں کستوری ملی ہوئی ہوگی' کیا اپنی عورتوں میں سے کسی کو نہیں دیکھتے ہو وہ کہتی ہے: خوشبو میں سے فلاں فلاں چیز ملا دو۔

---

8963- هو كذلك انظر المجمع جلد7صفحه128 .

8964- هو كذلك' لكن رواه ابن جرير جلد30صفحه106 .

لَيسَ بِخَاتَمٍ يُخْتَمُ بِهِ وَلَكِنْ خَلْطُهُ مِسْكٌ، أَلَمْ تَرَ إِلَى الْمَرْأَةِ مِنْ نِسَائِكُمْ تَقُولُ: خَلْطُهُ مِنَ الطِّيبِ كَذَا وَكَذَا؟

**8965-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي مَيْسَرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، (الْخُنَّسِ الْجِوَارِ الْكُنَّسِ) مَا هِيَ يَا عَمْرُو؟ قَالَ: قُلْتُ: الْبَقَرُ، قَالَ: وَأَنَا أَرَى ذَلِكَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ''الخنس الجوار الكنس ''اے عمرو! یہ کیا ہیں؟ راوی کا بیان ہے کہ میں نے عرض کی: گائیں! فرمایا: میرا بھی یہی خیال ہے۔

**8966-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، (وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ الَّذِي آتَيْنَاهُ آيَاتِنَا) (الأعراف: 175) قَالَ: هُوَ بَلْعَمُ وَيُقَالُ بَلْعَامُ

حضرت مسروق سے مروی ہے کہ اُنہوں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا: ''واتل عليهم الى آخره ''فرمایا: اس سے مراد بلعم ہے اور اس کا دوسرا نام بلعام بھی ہے۔

**8967-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، (لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ) (الانشقاق: 19) ، قَالَ: السَّمَاءُ

حضرت مرہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: ''لتركبن طبقًا عن طبق ''۔فرمایا: آسمان (مراد ہے)۔

**8968-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ

حضرت ابوعمرو شیبانی فرماتے ہیں کہ یمن سے کچھ غلام بھاگ گئے تھے تو میں ان کو لے کر حضرت عبداللہ رضی

---

8965- قال في المجمع جلد7صفحه134' ورجاله رجال الصحيح .

